دلائل الخیرات

بلا ہدیہ



تالیف

حضرت ابو عبد اللہ

محمد بن سلیمان الجزولی قدس سرہ

ترجمہ و ترتیب

مولانا قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری

ناشر:
…سی ابوخالد صدیقی



گُل ہائے عقیدت

ہر بڑے نے بڑا کہا ہے انھیں ؛ ہیں وہ کتنے بڑے خدا جانے

❋

چھوٹا درِ حبیب تو محسوس یہ ہوا ؛ جنّت ہمارے ہاتھ میں آ کر چلی گئی

❋

میرے مغموم دِل کو شاد کیجیے
یہ ویرانے کو بھی آباد کیجیے
مدینہ کے لئے بے تاب ہے دل
میرے آقا مجھے پھر یاد کیجیے

❋ اَلحاج مِرزا شکور بیگ

عرض مترجم

حامداً و مصلیاً

قرآن حکیم کے سورۂ احزاب کی آیت ۔۵۶ میں اہل ایمان کو صریح حکم ربانی دیا گیا ہے "صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْماً" یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر " تم درود اور خوب سلام بھیجو " ۔ درمختار جلد اول کتاب الصلوۃ میں ہے کہ درود شر۔۔ کا پڑھنا ایمانداروں کے لئے عمر میں ایک بار فرض، کسی مجلس میں آپ صلی اللہ علہ۔۔ کا اسم مبارک لینے اور سننے والے پر واجب، ہر نماز کے قعدۂ اخیر میں تشہد۔۔ اور ہر بار مستحب ہے ۔ فرائض کی ادائی کی حد تک نماز روزانہ پانچ اوقات میں، روزہ ماہ رمضان میں، زکوٰۃ سال میں ایک بار اور حج عمر میں ایک مرتبہ مقرر ہے لیکن درود شریف پڑھنے کے لئے نہ تعداد مقرر ہے نہ وقت ۔ دن کا وقت ہو یا رات کا، نماز سے قبل ہو یا بعد، دعا سے قبل ہو یا بعد، کھڑا ہو کر یا بیٹھ کر، آواز سے یا آہستہ جس قدر چاہیں درود پڑھ سکتے ہیں ۔ ترمذی اور مشکوٰۃ شریف باب الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث میں ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ۔۔ بارگاہ رسالت میں عرض کی یا رسول اللہ! میں آپ پر کثرت سے درود شریف بھیجتا ہوں تو فرمائیے کہ کس قدر درود پڑھوں ۔ ارشاد ہوا، تم جس قدر چاہو پڑھو ۔ پھر ۔۔ کی کیا دیگر وظیفے اور دعائیں تین حصہ اور چوتھائی حصہ درود پڑھوں ۔ حضور نے فرمایا تم جتنا چاہو پڑھو مگر درود کو اور زیادہ کرو تو بہتر ہے ۔ پھر عرض کی کیا نصف حصہ د۔ پڑھوں تو حضور نے وہی فرمایا تم جتنا چاہو پڑھو مگر درود کو اور زیادہ کرو تو بہتر ہے ۔ ۔۔ میں عرض کی کہ کیا تمام وقت درود شریف پڑھنے کے لئے وقف کر دوں تو حضور نے ارشاد فرمایا "اِذاً یَکْفِیْ هَمَّکَ وَیُکَفِّرُ لَکَ ذَنْبَکَ" یعنی " پھر تو یہ درود تمہارے سارے رنج و غم (دور کرنے) کو کافی ہو گا اور تمہارے گناہوں کو مٹا دے گا " یہی وجہ ہے کہ اہل اللہ عاشقان رسول اپنی عبادت و ذکر الٰہی کے بعد جو بھی وقت میسر آتا ہے اس میں درود شریف کو اپنا لازمی اور دائمی وظیفہ بنا لیتے ہیں اور اس کی بدولت دارین کی بے شمار

نعمتوں سے مالا مال ہوتے ہیں۔

اس مقدس مقصد کے لئے بزرگان دین نے حضور شافع یوم النشور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آپ کے شایان شان تعریفی کلموں اور توصیفی صیغوں کے رنگا رنگ پھولوں سے سجا کر درود و سلام کے کئی خوبصورت گلدستے پیش کرنے کی سعادت حاصل کی ہے لیکن آج سے قریب ساڑھے پانچ صدی قبل ایک عاشق رسول حضرت محمد بن سلیمان جزولی علیہ الرحمہ کی جانب سے احادیث و آثار کی مستند روایات سے اخذ کردہ مجموعہ درود شریف یعنی دلائل الخیرات کو جو غیر معمولی مقبولیت حاصل ہوئی ہے وہ منفرد اور اپنی آپ نظیر ہے۔ کتاب کا ایک ایک صفحہ طرح طرح کے ایسے گلہائے درود و سلام کی خوشبو سے مہکا ہوا ہے کہ اس کے ورد کے بعد مشام لسان عطر بیز ہو جاتی ہے۔ حرمین شریفین میں ترکی دور میں شیخ الدلائل کا ایک سرکاری عہدہ بھی مقرر تھا۔ برس ہا برس سے علمائے کرام اپنے تلامذہ کو عموماً اور سب ہی سلاسل طریقت کے مشائخ عظام اپنے ارادت مندوں اور عقیدت کیشوں کو خصوصاً دلائل شریف کی اجازت اور پابندی سے روزانہ اس کی تلاوت کی ہدایت فرماتے ہیں اور اجازت و تلاوت کا یہ زنجیری سلسلہ مولف کتاب کے زمانہ سے آج تک جاری و ساری ہے۔ مشرق و مغرب میں واقع بلاد اسلامیہ کے باشندے بصد اشتیاق اس مجموعۂ درود کی تلاوت پر مداومت کرتے ہیں تو ان کے چہروں پر حین حیات اور بعد وفات عجیب انوار جگمگاتے ہیں۔ دلائل الخیرات کے ترکی، فارسی اور اردو وغیرہ متعدد زبانوں میں تراجم بھی کئے گئے ہیں۔ قاری جب عربی متن کے ساتھ ساتھ اپنی زبان میں ترجمہ پڑھ کر مفہوم و معنی سے واقف ہوتا ہے تو اس کا شوق دوبالا اور لسان تازہ ہو جاتا۔ اردو میں جو چند قدیم ترجمے دستیاب ہیں وہ تحت اللفظ اور غیر سلیس ہیں نیز فعل پہلے اور فاعل بعد آجانے سے مطلب سمجھنے میں الجھن اور دشواری ہوتی ہے۔ لہذا ایک ایسے اردو ترجمہ کی کمی محسوس ہو رہی تھی جو سلیس مربوط، عام فہم اور اسطرح رواں اور آسان ہو کہ عربی عبارت کے بغیر اردو ترجمہ پڑھنے سے بھی اصل مضمون ذہن نشین ہو جائے۔ دوسرے یہ کہ آج کل قدیم طرز پر شائع ہونے والے دلائل الخیرات کے اصل عربی متن میں ناشرین کی جانب سے مختلف اضافے کر دئے گئے پھر کتابت کے اغلاط اس کے علاوہ ہیں جس کے سبب بالکل صحیح اور اصلی نسخہ کے متن کی شناخت مشکل ہو گئی، اور مطبوعہ نسخوں میں بوقت اجازت جابجا تصحیح و

ترمیم اور کاٹ چھانٹ کی ضرورت لاحق ہوا کرتی ہے۔ لہٰذا ان ساری کوتاہیوں سے پاک ایک نسخہ دلائل مع ترجمہ کی شدید ضرورت ایک عرصہ سے محسوس کی جارہی تھی۔

لائق مبارکباد ہیں جناب موسیٰ خالد صاحب صدیقی جنھوں نے مجھ سے دلائل الخیرات کے ترجمہ کی خواہش کی اور ترجمہ کے ساتھ اس نسخہ کو بطرز احسن شائع کرکے اس کمی کو دور کردیا اور کتنوں کی نیک دعاؤں کے مستحق ہوگئے۔ موصوف کو درود شریف کے مجموعے شائع کرنے اور شائقین تک پہنچانے سے ایک خاص شغف اور بڑی دلچسپی ہے۔ چنانچہ قبل ازیں اوائل الخیرات کے بعد انھوں نے اور ادقادریہ اور بشائرالخیرات کو میرے ہی ترجموں کے ساتھ کیثر تعداد میں شائع کیا تھا جو نہایت مقبول ہوئے اور ہاتھوں ہاتھ نکل گئے۔ رب العزت موصوف کی اس سعی جمیل کو بھی قبولیت بخشے، اجرجزیل سے نوازے اور ان کے کاروبار میں خیروبرکت عطا فرمائے۔ آمین

اس درویش بینوا کے خاندان کی یہ خوش نصیبی ہے کہ میری تیرھویں پشت کے جد مجد حضرت ابوالحسن سید امیر علی صوفی زاہد قادری علیہ الرحمہ کو اپنے ہم عصر مولف دلائل الخیرات حضرت شیخ محمد بن سلیمان جزولی علیہ الرحمۃ سے ملاقات کرنے اور بالمشافہ دلائل شریف کی اجازت لینے کا شرف حاصل تھا۔ چنانچہ میرے والد ماجد سیدالصوفیہ حضرت سید شاہ احمد علی صوفی قادری رحمۃ اللہ علیہ دکن کے ایک مشہور مفتی و محدث ہونے کے علاوہ شیخ الدلائل بھی تھے جنھوں نے اپنے والد محترم کے ہمراہ دو حج ادا کرنے اور حرمین شریفین میں دوسالہ قیام کے دوران اس وقت کے شیخ الدلائل حضرت سید محمد امین بن سید احمد رضوان مدنی علیہ الرحمہ سے ۱۳۲۴ ہجری میں اور پھر اپنے تیسرے حج کے موقع پر شیخ الدلائل حضرت ابوالحسن سید احمد بن سید محمد مدنی علیہ الرحمہ سے ۱۳۶۶ ہجری میں بھی دلائل الخیرات کی اجازت کا باہم تبادلہ فرمایا۔ اس طرح میرے والد مشفق نے مجھے جملہ تین طریقوں کے ذریعے دلائل الخیرات کی اجازت عطا فرماتے ہوئے وہ نایاب، قدیم اور متبرک خاندانی نسخہ بھی مجھے مرحمت فرمادیا جو پشت در پشت منتقل ہوتا ہوا ایک سو نو (۱۰۹) سال بعد آج بھی بحمداللہ میری تلاوت میں ہے اور اسی صحیح، معتبر اور مستند نسخے کے مطابق ہی میں نے اپنے فرزندان و خلفاء کے علاوہ ہندوپاک میں موجود اپنے اقرباء، مریدین اور متوسلین و معتقدین کو دلائل شریف کی اجازت دی اور دے رہا ہوں۔

حضرت مولف دلائل نے فضائل درود شریف کا جو علیحدہ باب اپنی کتاب میں رکھا ہے اس کے عربی متن کو نقل کرنے کے بجائے اردو میں اس کا خلاصہ پیش کر دیا گیا ہے نیز معتبر عربی کتب سے ماخوذ مولف موصوف کی مبارک سوانح کو بھی مرتب کر کے میں نے استفادہ عام کے لئے شامل کتاب کر دیا ہے۔ اس کے علاوہ کتاب میں منقسم احزاب اور ان کے پڑھنے کے طریقہ و آداب کی تفصیل علیحدہ دے دی گئی ہے۔ ضروری نوٹ کے ذریعہ ہر دن کے حزب کے آغاز و اختتام کے مقامات کو نمایاں کیا گیا ہے۔

مولف دلائل شریف کے زمانہ سے آج تک تبرکاً اجازت لینے کے بعد ہی اس کتاب کو پڑھنے کا طریقہ جاری ہے جس کے بعد تلاوت پر تاثیر ہو جاتی ہے اور فیوض و برکات نور علی نور ہو جاتے ہیں نیز اسلاف کرام سے روحانی طور پر ایک زنجیری ربط قائم ہو جاتا ہے ورنہ بلا اجازت پڑھنا بھی ثواب سے خالی نہیں۔

آخر میں دعا ہے کہ دلائل الخیرات کے اردو ترجمہ کے اس مبارک کام کی تکمیل میں میرا جو وقت گزرا اور جو میری کاوش شامل رہی اس کو اللہ عزوجل میرے، میرے والدین کریمین اور میری آل و اولاد کے لئے ذخیرہ آخرت اور وسیلہ مغفرت بنائے اور ہمارا حشر عاشقان رسول کے زمرہ میں فرمائے آمین بِجَاهِ طٰهٰ وَيٰسٓ سَيِّدِ الْاَنْبِيَاءِ وَ الْمُرْسَلِيْنَ مُحَمَّدِ الرَّؤُفِ الْاَمِيْنِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَ صَحْبِهِ الْمُهْتَدِيْنَ وَمَنْ تَبِعَهُمْ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

فقط مرقوم ۲۶/ محرم الحرام ۱۴۱۷ ہجری مطابق ۱۴/ جون ۱۹۹۶ء بروز جمعہ

خادم العلم و العلماء
قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری غفرلہ
(صدر سید الصوفیہ اکیڈمی)
تصوف منزل نزد ہائیکورٹ، حیدر آباد
(آندھرا پردیش - انڈیا)

درود شریف کے فضائل و برکات

درود شریف پڑھنے والے مسلمان کی خوش نصیبی اس سے بڑھ کر کیا ہو گی کہ اس کی مجلس میں نہ صرف فرشتے جلیس ہوتے ہیں بلکہ وحدہ لاشریک بھی شریک ہو جاتا ہے جو قرآنی سورۂ احزاب کی آیت ۔۵۶ سے ثابت ہے ۔ سب ہی بزرگان سلف اور صاحبان علم کا اس پر اتفاق ہے کہ تلاوت قرآن کے بعد ظاہری نورانیت ، باطنی طہارت اور دعاؤں کی قبولیت کے لئے درود شریف کا ورد ہی بہترین وسیلہ ہے ۔

مولف دلائل الخیرات نے فضائل درود شریف کے عنوان سے کتاب کے شروع میں ایک علیحدہ باب قائم فرمایا ہے جس میں متعدد احادیث و آثار کی مستند روایات کا ایمان افروز تذکرہ ہے جس کا خلاصہ اردو میں حسب ذیل ہے ۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ "جو مجھ پر ایک بار درود پڑھتا ہے ، اس پر اللہ تعالیٰ دس بار رحمت بھیجتا ہے ۔ جو مجھ پر دس بار درود پڑھتا ہے ، اللہ تعالیٰ اس پر سو بار رحمت بھیجتا ہے ۔ جو مجھ پر سو بار درود پڑھتا ہے ، اللہ تعالیٰ اس پر ہزار بار رحمت بھیجتا ہے ۔ جو مجھ پر ہزار بار درود پڑھے ، اللہ تعالیٰ اس کے جسم کو آگ پر حرام کر دے گا ، دنیاوی زندگی اور آخرت میں قبر کے اندر سوال کے وقت اس کو ثابت قدم رکھے گا ۔ مجھ پر پڑھا ہوا اس کا ہر درود جنت میں داخلہ کے وقت اس کے لئے نور بن کر آئے گا جو قیامت کے دن پل صراط پر پانچ سو سال کی مسافت تک پھیلا ہوا ہو گا اور ہر درود کے بدلے جنت کا ایک محل عطا فرمایا جائے گا ۔ میرا جو امتی مجھ پر ایک بار درود بھیجے تو جبرئیل علیہ السلام اس پر دس بار درود بھیجتے ہیں اور جو امتی مجھ پر ایک بار سلام بھیجے تو جبرئیل علیہ السلام اس پر دس بار سلام بھیجتے ہیں ۔ جو مجھ پر درود بھیجے اس پر فرشتے اس وقت تک درود بھیجتے رہتے ہیں جب تک وہ مجھ پر درود بھیجتا رہتا ہے اب اس کی مرضی کہ تھوڑا درود بھیجے یا زیادہ ۔ جو امتی مجھ پر ایک بار درود پڑھتا ہے تو ستر ہزار فرشتے اس پر درود بھیجتے ہیں اور جس پر فرشتے درود بھیجتے ہیں وہ اہل جنت سے ہے جو مجھ پر ایک بار درود پڑھتا ہے اس کے عمل نامہ میں دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور اس کے دس گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں اور اس کے دس درجات بلند کئے جاتے ہیں ۔

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "مجھ پر جمعہ کے دن کثرت سے درود بھیجا کرو۔ جو جمعہ کے دن مجھ پر درود پڑھے گا اس کی اسی (۸۰) سال کی خطائیں بخش دی جائیں گی۔ جس نے جمعہ کے دن مجھ پر سو (۱۰۰) مرتبہ درود بھیجا وہ روز قیامت ایک ایسے نور کے ساتھ رہے گا کہ جس کی روشنی مخلوق پر تقسیم کی جائے تو سب کے لئے کافی ہو"۔

حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ "جس نے کتاب میں مجھ پر درود لکھا تو فرشتے اس پر اس وقت تک درود پڑھتے رہیں گے جب تک کہ میرا نام اس کتاب میں لکھا رہے گا"۔ ایک بزرگ نے فرمایا کہ میرا ایک پڑوسی تھا جو کتابت کیا کرتا تھا اس کا انتقال ہو گیا۔ ایک روز میں نے اس کو خواب میں دیکھا تو پوچھا کہ "اللہ تعالیٰ نے تیرے ساتھ کیا سلوک فرمایا"۔ جواب دیا کہ "حق تعالیٰ نے مجھے محض اس لئے بخشدیا کہ جب بھی میں حضور کا اسم مبارک محمد صلی اللہ علیہ وسلم لکھا کرتا تو اس وقت آپ پر میں درود پڑھ لیا کرتا تھا۔ اس کے بدلے میرے پروردگار نے یہاں وہ وہ نعمتیں مجھے بخشی ہیں کہ جنھیں نہ آنکھ نے دیکھا، نہ کان نے سنا اور نہ کسی کے دل میں ان کا تصور ہوا"۔

تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "جو بندہ مجھ پر درود بھیجتا ہے تو اس کا وہ درود اس کے منہ سے تیزی سے نکلتا ہے اور ہر خشکی و تری اور ہر مشرق و مغرب سے گزرتا ہوا یہ کہتا ہے کہ میں فلاں بن فلاں کا درود ہوں جو اس نے اللہ کی بہترین مخلوق محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بھیجا ہے پھر ہر شئے اس پر درود بھیجتی ہے اور اس درود سے ایک ایسا پرندہ پیدا کیا جاتا ہے جس کے ستر ہزار بازو ہیں، ہر بازو میں ستر ہزار پر، ہر پر میں ستر ہزار سر، ہر سر میں ستر ہزار چہرے، ہر چہرے میں ستر ہزار منہ اور ہر منہ میں ستر ہزار زبانیں ہوتی ہیں اور ہر زبان سے ستر ہزار بولیوں میں وہ پرندہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتا ہے اور ان ساری تسبیحات کا ثواب اللہ تعالیٰ اسی درود پڑھنے والے شخص کے حساب میں لکھتا ہے"۔

حضور شافع یوم النشور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ "جو مجھ پر محض میرے حق کی تعظیم بجالانے کی خاطر درود پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس درود سے ایک ایسا فرشتہ پیدا فرماتا ہے جس کا ایک پر مشرق میں اور دوسرا مغرب میں ہوگا۔ اس کا سر عرش کے

نیچے اور اس کے دونوں قدم زمین کے ساتویں طبق میں ہونگے "۔ اس کو اللہ تعالیٰ حکم دیتا ہے کہ " میرے اس بندہ پر درود پڑھ جس طرح اس نے میرے نبی پر درود پڑھا ہے اور وہ فرشتہ قیامت تک اس بندہ پر درود پڑھتا رہے گا "۔

حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " جس کو کوئی حاجت یا مشکل پیش آئے تو اسے چاہیئے کہ مجھ پر کثرت سے درود پڑھے کیونکہ درود سب فکروں، غموں اور تکلیفوں کو دور کرتا، روزیوں میں اضافہ کرتا اور سب حاجتوں کو پورا کرتا ہے "۔

حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ " اذان و اقامت سن کر جو کہے " اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ (ترجمہ = اے اللہ! اس کامل دعا کے اور اس قائم ہونے والی نماز کے مالک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ و فضیلت مرحمت فرما اور آپ کو مقام محمود پر فائز فرما جس کا تو نے آپ سے وعدہ فرمایا ہے) تو اس کے لئے قیامت کے دن میری شفاعت حلال ہو جائے گی۔ مجھ پر درود پڑھنے والے کے لئے پل صراط پر ایک نور ہوگا اور جو پل صراط پر اہل نور سے ہوگا وہ دوزخیوں سے نہیں ہوگا۔ مجھ پر جو زیادہ درود بھیجے گا اس کو جنت میں زیادہ حوریں ملینگی۔ جس نے مجھ پر درود پڑھنا فراموش کر دیا تو وہ جنت کا راستہ بھول گیا "۔

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ " جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے تو وہ بخیل ہے "۔ (اسی حدیث شریف کے تحت علمائے کرام نے آپ کے اسم گرامی کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم لکھنے کے بجائے " ؐ " یا " صلعم " لکھنے کو سخت ممنوع قرار دیا ہے)۔

روایت ہے کہ جو رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجے گا وہ آپ سے زیادہ قریب رہے گا۔ جس محفل میں آپ پر درود بھیجا جاتا ہے اس سے ایک خوشبودار مہک اٹھتی ہے جو آسمان تک جا پہنچتی ہے پھر فرشتے کہتے ہیں کہ یہ وہ محفل ہے جس میں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا گیا۔ جب کوئی مومن بندہ یا بندی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا شروع کرے تو اس کے لئے آسمان کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں اور عرش تک حجابات اٹھا دیئے جاتے ہیں پھر آسمانوں میں کوئی بھی فرشتہ ایسا باقی نہیں رہتا جو حضور پر درود نہ بھیجتا ہو اور اس درود پڑھنے

والے کے لیے استغفار نہ کرتا ہو۔

عرش اعلیٰ کے ستون پر اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان لکھا ہوا ہے کہ "جو میرا مشتاق ہو گا اس پر میں رحمت نازل کروں گا اور جس نے مجھ سے سوال کیا اس کو میں عطا کرونگا اور جو میرے حبیب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج کر میرا قرب حاصل کرے گا اس کے گناہ بخش دونگا اگرچہ کے وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں"۔

ابو سلیمان دارانی علیہ الرحمہ نے فرمایا "جو اللہ تعالیٰ سے حاجت مانگے اور اول و آخر درود پڑھے تو اللہ تعالیٰ ان درودوں کے ساتھ درمیانی دعا کو مسترد کرنا گوارا نہیں فرماتا"۔

جو عاشقان رسول دلائل الخیرات کی روزانہ پابندی سے تلاوت کرتے ہیں ان کا شخصی تجربہ ہے کہ قلب، عشق نبی سے سرشار اور تقویٰ کے نور سے منور ہوجاتا ہے۔ نیک اعمال کی ترغیب اور برائیوں سے بے رغبتی ہونے لگتی ہے۔ عوام و خواص قدر و عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ بگڑے کام بننے لگتے ہیں۔ رزق میں کشادگی اور کمائی میں برکت و زیادتی ہوتی ہے۔ آفات و بلیات سے نجات ملتی ہے۔ امراض سے شفا نصیب ہوتی ہے۔ دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔ دنیاوی و دینی جائز مقاصد دلی بر آتے ہیں۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ حضور رسول مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قرب خاص حاصل ہوجاتا ہے جس کی بدولت خواب میں زیارت نبوی کی دولت نصیب ہوتی ہے۔ حج کعبۃ اللہ کے ساتھ مدینہ منورہ میں حاضری و زیارت کا شرف عطا ہوتا ہے۔ اللہ عزوجل مسلمانوں کو اس کتاب کی تلاوت کا شوق اور اس کے وسیلے سے ان ساری نعمتوں اور برکتوں سے مالا مال فرمائے۔ آمین ثم آمین

مولف دلائل الخیرات کی مبارک سوانح

از مترجم

درود شریف کے کئی خوبصورت صیغوں پر مشتمل شہرۂ آفاق کتاب دلائل الخیرات کے مولف نویں ہجری کے ایک متبحر عالم و فاضل، ولی کامل، صوفی باصفا، عارف باخدا، قطب دوراں اور شیخ الشیوخ ہی نہیں بلکہ ایک سچے عاشق رسول بھی تھے جنکی مبارک سوانح کے چند گوشے کشف الظنون، اعلام زرکلی، مطالع المسرات اور شرح زروق سے اخذ کرکے ذیل میں پیش کیے جاتے ہیں۔

آپ کا نام نامی " محمد بن سلیمان " اور کنیت ابو عبداللہ ہے، حسنی سادات خانوادہ سے تعلق رکھتے تھے۔ چنانچہ آپ کا شجرۂ نسب بیس واسطوں سے سبط رسول، جگر گوشۂ حیدر و بتول حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ تک جا پہنچتا ہے جس کی تفصیل یوں بتائی گئی ہے۔

محمد بن سلیمان بن عبدالرحمن بن ابو بکر بن سلیمان بن یعلی بن یخلف بن موسیٰ بن علی بن یوسف بن عیسیٰ بن عبداللہ بن حیدر بن عبدالرحمن بن محمد بن احمد بن حسان بن اسمعیل بن جعفر بن عبداللہ بن حسن (بن علی مرتضی رضی اللہ عنہ و کرم اللہ وجہہ) آپ کا مذہب مالکی اور طریقہ شاذلی تھا۔ والد کا شمار قبیلہ سملالہ کے امیر لوگوں میں ہوتا تھا۔ افریقی ملک بربر کے قلب میں ضلع سوس اقصیٰ کے اندر واقع مقام " جزولہ " آپ کا وطن تھا۔ (جزولہ کے جیم کو ابن خلکان اور سخاوی نے مضموم اور ابن سنب نے مفتوح بتایا ہے)۔ ان ساری نسبتوں کو آپ کے اسم گرامی کے ساتھ یوں جوڑ کر لکھا جاتا ہے۔ " محمد بن سلیمان بن ابی بکر الجزولی السملالی الشریف ابو عبداللہ الحسنی المغربی المالکی الشاذلی الصوفی " مراکش کے شہر فاس میں تمام علوم ظاہری تفسیر و حدیث اور فقہ وغیرہ کی تکمیل فرمائی خصوصاً فقہ مالکی میں حفظ مدونہ کیا جس کے بعد ایک عرصہ تک شہر فاس ہی میں درس و تدریس کا سلسلہ جاری رکھا۔ پھر وہاں سے ساحلی علاقہ کی طرف کوچ فرمایا جہاں آپ ہی کے ہم نام ایک عارف کامل شیخ ابو عبداللہ محمد (بن عبداللہ) کے دست حق پرست پر شرف بیعت حاصل کیا اور علم باطن و سلوک طریقت کے تمام

مدارج طے فرمائے۔ قریب چودہ برس تک عبادت و ریاضت اور مراقبات و مجاہدات میں مسلسل مشغول رہنے کے بعد دین حنیف کی تبلیغ و اشاعت اور مخلوق کی ہدایت کے عزم سے نکلے۔ چونکہ آپ کتاب و سنت کے سختی سے پابند تھے اور آپ کا سینۂ عشق رسول کا مدینہ بن گیا تھا نیز آپ کے اکثر اوقات اوراد و اذکار میں صرف ہوا کرتے تھے اس لئے ان برکات کی بدولت کئی کرامات اور خوارق عادات کا آپ سے ظہور ہونے لگا۔ لوگ جوق در جوق آپ کے حلقۂ ارادت میں داخل ہونے لگے۔ بے شمار گم گشتہ راہ آپ کی نظر فیض اثر سے تائب ہو کر راہ راست پر آگئے۔ آپ کے فیوض و برکات دور دور تک بلاد مغرب پہنچ گئے اور قریہ قریہ بستی بستی میں عام ہوگئے۔ آپ کے مریدین و معتقدین کے قلوب، ذکر الٰہی اور درود و سلام کے ذوق و شوق سے سرشار ہوگئے اور محبت رسول کا والہانہ جذبہ روز افزوں فروغ پاتا گیا یہاں تک کہ آپ کے ایسے خلفاء و مریدین کی تعداد بارہ ہزار چھ سو پینسٹھ (۱۲۶۶۵) بتائی گئی ہے جو مرتبہ ولایت پر فائز تھے ان میں شیخ ابو عبداللہ محمد الصغیر السہلی اور شیخ عبدالکریم المنذاری کو امتیازی حیثیت حاصل تھی جنھوں نے آپ کے سلسلہ فیضان کو دور دراز علاقوں تک وسعت دینے میں اپنا کلیدی کردار ادا کیا۔

سبب تالیف سیاحت کے دوران آپ کا گذر ایک دن شہر فاس کے ایک دیہات میں ہوا نماز ظہر کا وقت قریب الختم تھا۔ وضو کے لئے پانی کی تلاش بسیار کے بعد آپ ایک کنویں تک پہنچے لیکن وہاں رسی ڈول دستیاب نہ ہوسکا قریب ہی موجود ایک مکان کی کھڑکی سے ایک ۸ یا ۹ سالہ لڑکی پانی کے لئے آپ کی بے چینی کا عینی مشاہدہ کر رہی تھی وہ باہر نکل آئی اور آپ کی مشکل حل کرنے کی خاطر کچھ پڑھ کر اس نے اپنا لعاب دہن اس کنویں میں ڈالدیا۔ جس کے ساتھ ہی پانی جوش مارتے ہوئے اوپر تک آپہنچا اور چاروں طرف بہنے لگا۔ آپ نے وضو کیا اور نماز ظہر سے فارغ ہونے کے بعد اسی لڑکی کے گھر جا پہنچے، دستک دی اور لڑکی سے یوں ہم کلام ہوئے "پیاری بیٹی! تجھے خدا کی قسم ہے جس نے تجھکو پیدا کرکے یہ ہدایت دی۔ میں تجھے خدا کا، تمام نبیوں کا اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطہ دیتا ہوں جن کی شفاعت کی تو امیدوار ہے یہ بتادے کہ تجھے یہ درجہ کسطرح حاصل ہوا"۔ لڑکی نے جواب دیا کہ اگر آپ اس قدر بڑی قسم نہ دلاتے تو میں ہرگز نہ بتاتی۔ یہ دراصل ایک درود شریف کی تاثیر ہے۔ آپ

محنت کر کے مختلف درود کو یکجا کریں اور میرے پاس لے آئیں ۔ اگر یہ درود اس میں شامل رہا تو میں اس کی نشاندہی کر دونگی ۔ چنانچہ اس لڑکی کی خواہش پر آپ اپنے وطن واپس ہوئے اور درودوں کے مختلف صیغے جمع کرنے میں مصروف ہو گئے اور ایک سال کے بعد جاکر اسی لڑکی کو سب درود سناڈالے لیکن پتہ چلا کہ وہ مطلوبہ خاص درود اس میں شامل نہیں ہے آپ پھر اپنے گھر واپس ہوئے اور اسی طرح ہر سال درودوں کو جمع کرتے جاتے اور اس لڑکی کے دیہات پہنچ کر اسے سنایا کرتے ۔ آخر کار آٹھویں سال لڑکی نے نشاندہی کرتے ہوئے خوشخبری دی کہ ہاں یہی وہ مبارک درود شریف ہے جس کی تلاش و جستجو میں آپ ایک عرصہ سے سرگرداں تھے اور جس کا ورد کرتے کرتے میں اس مرتبہ پر پہنچی ہوں ۔ آپ نے اس لڑکی سے اس درود کے پڑھنے کی اجازت حاصل کی اور دل میں شوق پیدا ہوا کہ میں ایک ایسی کتاب ترتیب دوں جس میں میرے جمع کردہ سارے درودوں کے ساتھ وہ کنویں والا خصوصی درود شریف بھی شریک رہے جس کو " درود بیری " کے نام سے یاد کیا جاتا ہے کیونکہ عربی میں کنویں کو " بیر " کہتے ہیں یہ درود بیری کتاب ہذا میں یکشنبہ کے حزب ہفتم کے دوران صفحہ ۱۳۱ پر یوں درج ہے " اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَائِمَةً مَّقْبُوْلَةً تُؤَدِّيْ بِهَا عَنَّا حَقَّهُ الْعَظِيْمَ " ۔

بہت جلد اپنے ارادہ کو عملی جامہ پہناتے ہوئے آپ نے یہ کتاب تالیف فرمائی جس کا نام " دلائل الخیرات و شوارق الانوار فی ذکر الصلاۃ علی النبی المختار (صلی اللہ علیہ و سلم) " رکھا جو عرف عام میں دلائل الخیرات یا صرف دلائل شریف سے مشہور ہے اس کتاب میں عربی مقدمہ کے بعد فضائل درود شریف سے متعلق احادیث شریفہ پر مشتمل ایک باب ہے ۔ اس کے علاوہ اسمائے حسنیٰ، اسمائے نبوی ، ہفتہ کے سات دنوں میں پڑھنے کے لئے علیحدہ علیحدہ احزاب اور ادعیہ بھی کتاب میں شامل ہیں ۔

آپ کے حاسدین واعداء نے اپنی سازش کے ذریعہ آپ کو بے خبری میں زہر قاتل کھلا دیا جو جان لیوا ثابت ہوا چنانچہ " آفغال " نامی بستی میں قیام کے دوران بتاریخ یکم یا ۱۶ / ربیع الاول ۸۷۰ ہجری (مطابق ۱۴۶۵ عیسوی) نماز فجر ادا کرتے ہوئے سجدہ کی حالت میں آپ واصل بحق ہوئے اور وہیں پر اسی دن بعد نماز ظہر مسجد کے صحن میں آپ کو سپرد خاک کیا گیا ۔ آپ کی اولاد ذکور تو نہ تھی لیکن روحانی اولاد بے شمار چھوڑ گئے ۔

تدفین سے کوئی ستتر (۷۷) سال بعد شاہ مراکش نے آپ کے جسد مبارک کو وہاں سے مراکش منتقل کرنے کی ہدایت دی ۔ چنانچہ آپ کی قبر کھولتے ہی وہاں کا سارا علاقہ خوشبو سے مہک اٹھا ۔ جس وقت جسد اقدس قبر سے برآمد کیا گیا تو بالکل تر و تازہ پایا گیا گویا کہ ابھی ابھی دفن کیا گیا ہے ۔ اس قدر طویل عرصہ کے بعد بھی جسم کے کسی حصہ پر مٹی کا کوئی اثر نہیں تھا ۔ آپ کی ریش مبارک اور سر کے بال ایسے دکھائی دیتے تھے جیسے کہ اسی دن تراشے گئے ہوں ۔ بعض لوگوں نے چہرۂ انور پر اپنی انگلی دبا کر اٹھائی تو خون بازو سرک کر پھر ویسا ہی اپنی جگہ آگیا جیسا کہ کسی زندہ آدمی میں واقع ہوتا ہے ۔ بالآخر مراکش کے مشہور قبرستان ریاض الفردوس میں آپ کی تدفین جدید عمل میں آئی ۔ مزار پر انوار پر ایک خوشنما عالیشان گنبد تعمیر کیا گیا ۔ آج بھی آپ کے مرقد سے مشک کی خوشبو آتی ہے اور وہاں رات دن انوار ٹپکتے ہیں ۔ آپ کا روضہ مرجع خلائق ہے جہاں ہر وقت زائرین کا ہجوم رہتا ہے اور وہاں روزانہ شب و روز دلائل الخیرات کی بکثرت تلاوت کی جاتی ہے ۔

یوں تو آپ کی دیگر فنون میں بھی کئی تصانیف ہیں جن میں حزب الفلاح اور حزب الجزولی بالعامیہ قابل ذکر ہیں ۔ لیکن رب العزت نے سب سے زیادہ مقبولیت دلائل الخیرات کو عطا فرمائی جسے عالم اسلام میں عموماً اور حرمین شریفین ، مصر ، ترک اور برصغیر ہند و پاک میں خصوصاً تواتر کے ساتھ اس کی اجازت و تلاوت کا نہ صرف سلسلہ جاری ہے بلکہ اہل علم نے دلائل شریف کی کئی شرحین لکھی ہیں جن میں شیخ مہدی بن احمد الفاسی کی مطالع المسرات ، شیخ عبد المعطی بن سالم الازہری کی تفریح الکرب و المہمات ، فاضل الازمیری کی منح البرکات کے علاوہ عثمان بن الحاج علی الاکینی ، سید عبد الصمد بن حسن البرزنجی اور شیخ زروق مغربی کی لکھی شروح علمی حلقوں میں بڑی قدر کی نگاہوں سے دیکھی جاتی ہیں ۔

دلائل الخیرات پڑھنے کا طریقہ اور آداب

آداب تلاوت سورہ فتح آیت (۹) "وتعزروہ وتوقروہ" میں رب تبارک و تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و توقیر کرنے کا خصوصی حکم دیا ہے۔ دلائل شریف میں شامل کئی لمعان افروز درودوں کے پڑھنے کے دوران صاحب لولاک کے اسم گرامی "محمد" (صلی اللہ علیہ وسلم) کی بار بار تکرار ہوتی ہے جس کے تلفظ کی ادائی کے وقت ہر بار دونوں لب باہم چوم کر تعظیم مصطفیٰ کا خود عملی مظاہر کرتے ہیں عاشقان رسول کی نظر میں اسم پاک کو زبان پر لانے سے قبل اپنے میں پاکی و طہارت کا پورا اہتمام لازمی ہے کیونکہ بقول شاعر

هزار بار بشویم دهن ز مشک و گلاب
هنوز نام تو گفتن کمال بے ادبی ست

یعنی میں اگر ہزاروں بار مشک و گلاب کی کلیاں کر کے اپنا منہ پاک و صاف کر لوں تو پھر بھی میرا یہ منہ اس قابل نہیں ہو سکتا کہ آپ کی تعریف تو کجا ایک مرتبہ آپ کا نام نامی بھی اپنی زبان پر لا سکوں۔ لہذا بوقت تلاوت اس کا خصوصی لحاظ رہے کہ جسم، لباس اور جگہ پاک و طاہر رہے۔ مسواک کر کے دہن کو خوب صاف کر لیں اور باوضو ہو کر توجہ مرکوز کریں کہ میں اپنے آقا تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوں اور درود پیش کر رہا ہوں جسے آپ بلاواسطہ سماعت فرما رہے ہیں۔ ختم کرنے تک درمیان میں کسی سے کوئی بات چیت نہ کریں۔ بہتر ہے کہ ساتھ ساتھ ترجمہ میں معنی بھی سمجھنے کی کوشش کریں تاکہ توجہ بٹنے نہ پائے، دل میں رقت پیدا ہو اور حب رسول کا جذبہ نکھرتا جائے۔ ترجمہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و احترام ملحوظ رکھتے ہوئے جگہ جگہ "آپ" کی ضمیر استعمال کی گئی خواہ حالت فاعلی ہو کہ مفعولی اور صیغہ حاضر ہو کہ غائب۔

اسمائے حسنیٰ میں سے ہر ایک کے آخر میں "جل جلالہ" اور سرکار دوعالم کے اسمائے گرامی میں ہر ایک کے ساتھ "صلی اللہ علیہ وسلم" پڑھنا ضروری آداب میں داخل

ہے چنانچہ حسب ضرورت قوسین میں یہ الفاظ درج کر دیئے گئے ہیں تاکہ قاری سے سہو ہونے نہ پائے۔

اسی طرح تمام انبیائے کرام اور فرشتوں کے ناموں سے قبل "سیدنا" پڑھنا چاہیئے۔چنانچہ ان ناموں سے پہلے قوسین میں نہ صرف (سیدنا) لکھدیا گیا ہے بلکہ سیاق و سباق عربی قواعد کی رو سے سیدنا کی دال پر متبدلہ حرکت فتحہ، کسرہ، یا ضمہ کی بھی ساتھ ساتھ صراحت کر دی گئی ہے۔

طریقہ تلاوت حق تعالیٰ نے دلائل الخیرات کو خاص و عام میں اس قدر قبولیت بخشی کے شائقین میں سے پوری کتاب کا ورد بعض اصحاب ایک دن میں، بعض دو دنوں میں، بعض تین دنوں میں، بعض چار دنوں میں اور اکثر اصحاب ایک ہفتہ کے سات دنوں میں ختم کرتے ہیں۔آج کل گوناگوں دنیاوی مصروفیات اور عدیم الفرصتی کے پیش نظر اگر ایک ہفتہ میں بھی پوری کتاب پڑھ لی جائے تو بہت غنیمت ہے۔ مولف کتاب نے اسی مناسبت سے کتاب کو دو نصف، تین ثلث، چار ربع اور آٹھ احزاب میں تقسیم کیا ہے۔

ضروری نوٹ:۔

(۱) آٹھ احزاب کے علاوہ کتاب کے آغاز پر چند کلمات، ادعیہ، اسمائے حسنیٰ اور اسمائے نبوی نیز کتاب کے ختم پر حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے شیخ حضرت احمد نخلی علیہما الرحمہ کی مولفہ دعا، درود صفا اور درود ذات پڑھنے کا طریقہ مقرر ہے اور یہ سب کتاب میں شامل ہیں۔

(۲) ان آٹھوں احزاب کو ہفتہ کے دنوں میں پڑھنے کی تقسیم دو روایت پر ہے یعنی دوشنبہ کو حزب ہشتم اور حزب اول دونوں پڑھیں اور یکشنبہ کو صرف حزب ہفتم پڑھیں یا پھر دوشنبہ کو صرف حزب اول پڑھیں اور یکشنبہ کو حزب ہفتم و ہشتم دونوں پڑھیں۔لیکن اکثر حضرات پہلی روایت پر عمل کرتے ہیں کیونکہ دوشنبہ جیسے متبرک دن دلائل الخیرات ختم کرنے کے بعد ساتھ ہی اسی دن اس کا دوبارہ آغاز بھی ہوجاتا ہے۔اور دوشنبہ وہ مبارک و منور دن ہے کہ ہمارے آقا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت، بعثت اور رحلت کے تینوں مبارک واقعات اسی دوشنبہ کے دن پیش آئے یہی وجہ تھی کہ آپ بطور شکرانہ

دوشنبہ کے دن نفل روزہ کی پابندی فرمایا کرتے تھے۔

(۳) دوشنبہ اور جمعہ کے دن آگے کے حزب کا کچھ حصہ اور سہ شنبہ، جمعہ اور شنبہ کے دن پچھلے حزب کا کچھ حصہ پڑھنے کا طریقہ بھی مقرر ہے لہٰذا پورے ہفتہ کے ساتوں دن کے ورد کی صفحہ واری تفصیل سہولت کے لئے ذیل میں درج کر دی جاتی ہے۔

دوشنبہ = صفحہ (۱۳۶) تا آخر کتاب صفحہ (۱۵۰) اور شروع کتاب صفحہ (۱) تا (۳۵)

سہ شنبہ = صفحہ (۳۴) تا (۴۷) چہار شنبہ = صفحہ (۴۷) تا (۶۲)

پنجشنبہ = صفحہ (۶۳) تا (۷۹) جمعہ = صفحہ (۷۸) تا (۱۰۰)

شنبہ = صفحہ (۹۹) تا (۱۱۷) یکشنبہ = صفحہ (۱۱۶) تا (۱۳۵)

(۴) کتاب میں جس کسی درود کے ختم پر "ثلثاً" لکھا ہو تو اس کی تین بار تکرار کی جانی چاہیئے۔ بغرض سہولت تین بار تکرار والے ہر درود کی عبارت کے شروع پر دو چھوٹے پھولوں کی علامت لگادی گئی ہے۔

(۵) صفحہ (۱۱) کی سطر (۵) میں جب صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا تک پہنچیں تو ذرا ٹھہر جائیں پھر کہیں لبیک یعنی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ پر درود و سلام بھیجنے کے لئے جی جان سے حاضر ہوں اس کے بعد آگے پڑھنا شروع کر دیں۔

(۶) روز جمعہ کے حزب پنجم میں صفحہ (۹۱) پر جہاں "فلاں بن فلاں" قوسین میں درج ہے اس کی جگہ قاری خود اپنا اور اپنے والد کا نام لے۔

(۷) روز دوشنبہ کے حزب ہشتم کے صفحہ (۱۴۴) پر اس مصحح کا نام لیا جائے جس سے کہ دلائل شریف پڑھنے کی تبرکاً اجازت حاصل کی گئی ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

کلمات آغاز

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

میں عظمت والے اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہوں جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ ہمیشہ زندہ اور قائم

وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ وَنَسْئَلُهُ التَّوْبَةَ وَالْمَغْفِرَةَ وَالْهِدَایَةَ

رہنے والا ہے۔ اور اسی کی طلب میں توبہ کرتا ہوں اور ہم اُسی سے اپنے لئے توبہ، مغفرت اور ہدایت مانگتے ہیں

لَنَا اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ (۳ مَرَّاتٍ) سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ

بے شک وہ بہت توبہ قبول فرمانیوالا رحم والا ہے۔ (تین بار) اللہ ہر طرح پاک ہے اور

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ

تمام تعریف اللہ کے لئے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ (۳ مَرَّاتٍ)

گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت اللہ ہی سے ہے جو بلند مرتبہ عظمت والا ہے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ (۴ مَرَّاتٍ) اِخْلَاصِ

(تین بار) ہمیں اللہ کافی ہے اور وہی بہترین کارساز ہے (چار بار) اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم

شَرِیْف (۵ مَرَّاتٍ) بِاَعُوْذُ وَبِالْبَسْمَلَةِ (مَرَّةً)

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (ایک ایک بار) کے ساتھ سورۂ اخلاص (پانچ بار) بسم اللہ الرحمٰن

مُعَوَّذَتَیْنِ (۷ مَرَّاتٍ) بِالْبَسْمَلَةِ (۷ مَرَّاتٍ)

الرحیم کے ساتھ سورۂ فلق و ناس (سات سات بار)

فَاتِحَه شَرِیْفَه (۲ مَرَّاتٍ) بِالْبَسْمَلَةِ (۲ مَرَّاتٍ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ سورۂ فاتحہ (سات یا کم از کم دو بار)

دعائے نیت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ○ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

تمام تعریف اللہ کیلئے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔ اللہ مجھے کافی ہے۔ اور وہی

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

بہترین کارساز ہے۔ اور گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت اللہ ہی سے ہے جو بلند رتبہ عظمت

اَبْرَأُ مِنْ حَوْلِيْ وَقُوَّتِيْ اِلٰى حَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ ○ اَللّٰهُمَّ

والا ہے۔ اے اللہ! میں تیری طاقت اور قوت کی طرف میری طاقت اور قوت سے بیزار ہوں۔ اے اللہ

اِنِّيْ اَتَقَرَّبُ اِلَيْكَ بِالصَّلٰوةِ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

میں اپنے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج کر تیری بارگاہ میں قرب حاصل کرتا ہوں

عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

جو تیرے بندے، تیرے نبی اور تیرے رسول ہیں، رسولوں کے سردار ہیں،

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِمْتِثَالًا لِاَمْرِكَ وَ

آپ پر اور آپ کی تمام آل پر اللہ درود وسلام بھیجے۔ تیرے حکم کی تعمیل اور

تَصْدِيْقًا لَّهٗ وَمَحَبَّةً فِيْهِ وَشَوْقًا اِلَيْهِ وَتَعْظِيْمًا لِّقَدْرِهٖ

آپ کی تصدیق میں، آپ کے ساتھ محبت میں، آپ کی جانب شوق کے اظہار میں،

وَلِكَوْنِهٖ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلًا لِّذٰلِكَ

اور آپ کی شان کی تعظیم میں اور اس لئے بھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسکے لائق

فَتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ بِفَضْلِكَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ ○

ہیں میری طرف سے اس درود کو اپنے فضل سے قبول فرمائے اور مجھے تیرے نیک بندوں سے بنادے۔

وَوَفِّقْنِیْ لِقِرَاءَتِهَا عَلَی الدَّوَامِ بِجَاهِهٖ عِنْدَكَ وَ

اور تیرے پاس آپ کے مرتبہ کے طفیل ہمیشہ اسکی تلاوت کی مجھے توفیق بخش دے اور

صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ○

اللہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر درود و سلام بھیجے

دعائے افتتاح

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے۔

اِلٰهِیْ بِجَاهِ نَبِیِّكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَ

اے اللہ! تیرے نزدیک ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ، تیری جناب میں

سَلَّمَ عِنْدَكَ وَمَكَانَتِهٖ لَدَیْكَ وَمَحَبَّتِكَ لَهٗ وَمَحَبَّتِهٖ

آپ کے مقام، آپ سے تیری محبت، تجھ سے آپ کی محبت اور تیرے اور آپ

لَكَ وَبِالسِّرِّ الَّذِیْ بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ

کے درمیان راز (ان سب) کے وسیلے سے میں تجھ سے مانگتا ہوں کہ آپ پر اور

وَتُسَلِّمَ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَضَاعِفِ اللّٰهُمَّ مَحَبَّتِیْ

آپ کی آل اور آپکے اصحاب پر تو درود و سلام بھیجے۔ اے، اللہ! آپ سے میری

فِیْهِ وَعَرِّفْنِیْ بِحَقِّهٖ وَرُتْبَتِهٖ وَوَفِّقْنِیْ لِاتِّبَاعِهٖ وَالْقِیَامِ

محبت کو دوچند فرما دے اور آپ کی شان سے مجھے آشنا کر دے، آپ کی پیروی

بِاَدَبِهٖ وَسُنَّتِهٖ وَاجْمَعْنِیْ عَلَیْهِ وَمَتِّعْنِیْ بِرُؤْیَتِهٖ وَ

کرنے کی اور آپ کا ادب بجالانے اور آپ کی سنت کی مجھے توفیق دے۔ اور آپ کا مجھے قرب عطا

اَسْعِدْنِیْ بِمُكَالَمَتِهٖ وَارْفَعْ عَنِّی الْعَوَائِقَ وَالْعَلَائِقَ

فرما اور آپ کی زیارت نصیب فرما اور آپ سے ہم کلام ہونے کی سعادت عطا فرما اور مجھ سے درمیانی رکاوٹیں،

وَالْوَسَائِطِ وَالْحِجَابِ وَشَنِّفْ سَمْعِيْ مَعَهُ بِلَذِيْذِ الْخِطَابِ

علائق واسطے اور پردے اٹھا دے اور مجھے آپ کا لذت بخش کلام سننے کا شرف عطا فرما

وَهَيِّئْنِيْ لِلتَّلَقِّيْ مِنْهُ وَاَهِّلْنِيْ بِخِدْمَتِهِ وَاجْعَلْ صَلَاتِيْ

اور آپ سے نیاز حاصل کرنیکا مجھے حوصلہ عطا فرما اور مجھے آپ کی خدمت کے لائق کر دے اور

عَلَيْهِ نُوْرًا نَيِّرًا كَامِلًا مُكَمَّلًا طَاهِرًا مُطَهَّرًا مَاحِيًا كُلَّ ظُلْمٍ وَّ

آپ کی خدمت میں میرے درود کو ایسا بنا دے جو منور، چمکتا ہوا، کامل مکمل، پاک، پاکیزہ ہو

ظُلْمَةٍ وَّشَكٍّ وَّشِرْكٍ وَّكُفْرٍ وَّزُوْرٍ وَّوِزْرٍ وَّاجْعَلْهَا

اور ہر ظلم، اندھیرے، شک، شرک، کفر اور گناہ کو مٹانے والا ہو اور اسکو

سَبَبًا لِّلتَّمْحِيْصِ وَمَرْقًى لِّاَنَالَ بِهَا عَلٰى مَقَامِ الْاِخْلَاصِ

خالص بننے اور ترقی پانے کا سبب بنا دے تاکہ ہم اسکی بدولت اخلاص اور

وَالتَّخْصِيْصِ حَتّٰى لَا يَبْقٰى فِيْ رَبَّانِيَّةٍ لِّغَيْرِكَ وَحَتّٰى اَصْلَحَ

خصوصیت کے بلند مقام پر رسائی حاصل کریں یہاں تک کہ تیرے سوا کسی غیر کی عبادت

لِحَضْرَتِكَ وَاَكُوْنَ مِنْ اَهْلِ خُصُوْصِيَّتِكَ مُسْتَمْسِكًا بِاَدَبِهٖ

کا مجھ میں کوئی شائبہ تک باقی نہ رہنے پائے اور میں تیری بارگاہ کے لائق اور تیرے بندگان خاص سے

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَمِدًّا مِّنْ حَضْرَتِهِ الْعَالِيَةِ فِيْ كُلِّ

ہو جاؤں نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب کا پابند اور آپ کے دربار عالی سے مدد طلب کرنیوالا بن جاؤں

وَقْتٍ وَّحِيْنٍ ○

خواہ کوئی بھی وقت یا زمانہ ہو۔

يَا اَللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهٗ يَا نُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ يَا حَقُّ جَلَّ جَلَالُهٗ يَا مُبِيْنُ جَلَّ جَلَالُهٗ

اے اللہ جسکی بڑی شان ہے اے نور جسکی بڑی شان ہے۔ اے حق جسکی بڑی شان ہے اے مبین جسکی بڑی شان ہے

يَا اَللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهٗ يَا نُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ يَا حَقُّ جَلَّ جَلَالُهٗ يَا مُبِيْنُ جَلَّ جَلَالُهٗ

اے اللہ جسکی بڑی شان ہے اے نور جسکی بڑی شان ہے اے حق جسکی بڑی شان ہے۔ اے مبین جسکی بڑی شان ہے

یَا اَللّٰہُ جَلَّ جَلَالُہٗ یَا نُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ یَا حَقُّ جَلَّ جَلَالُہٗ یَا مُبِیْنُ جَلَّ جَلَالُہٗ

اے اللہ جسکی بڑی شان ہے اے نور جسکی بڑی شان ہے اے حق جسکی بڑی شان ہے اے مبین جس کی بڑی شان ہے

اسمائے حسنیٰ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے۔

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا هُوَ جَلَّ جَلَالُہٗ الرَّحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُہٗ الرَّحِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

اللہ وہ ہے جسکے سوا کوئی معبود نہیں اس کی بڑی شان ہے نہایت مہربان ، رحم والا

اَلْمَلِکُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْقُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلسَّلَامُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُهَیْمِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بادشاہ ، بہت پاک ، سلامتی والا ، امان دینے والا ، نگہبان ،

اَلْعَزِیْزُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْجَبَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُتَکَبِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْخَالِقُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْبَارِیُٔ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُصَوِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

عزت والا ، تسلط والا ، تکبر والا ، بنانے والا ، پیدا کرنیوالا ، صورت بنانے والا ،

اَلْغَفَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْقَهَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَهَّابُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلرَّزَّاقُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْفَتَّاحُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بہت بخشنے والا ، بہت قہر والا ، بہت نوازنے والا ، رزق دینے والا ، کھولنے والا ،

اَلْعَلِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْقَابِضُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْبَاسِطُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْخَافِضُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلرَّافِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

علم والا ، تنگی دینے والا ، کشادگی دینے والا ، پست کرنیوالا ، بلند کرنیوالا

اَلْمُعِزُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُذِلُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلسَّمِیْعُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْبَصِیْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَکَمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

عزت دینے والا ، ذلت دینے والا ، سننے والا ، دیکھنے والا ، فیصلہ کرنیوالا

اَلْعَدْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَللَّطِیْفُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْخَبِیْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَلِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَظِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

انصاف کرنیوالا ، لطف والا ، ہر چیز سے خبردار ، حلم والا ، عظمت والا

اَلْغَفُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلشَّکُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَلِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْکَبِیْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَفِیْظُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بخشنے والا ، شکر کا قدر کرنیوالا ، بلند مرتبہ ، بہت بڑا ، بڑا نگہبان

الْمُقِيتُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْحَسِيبُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْجَلِيلُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْكَرِيمُ جَلَّ جَلَالُهٗ الرَّقِيبُ جَلَّ جَلَالُهٗ

قوت دینے والا، کفایت کرنیوالا، جلال والا، کرم والا، نگاہ رکھنے والا

الْمُجِيبُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْحَكِيمُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْوَدُودُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْمَجِيدُ جَلَّ جَلَالُهٗ

قبول کرنیوالا، فراخی والا، حکمت والا، دوست رکھنے والا، بزرگی والا،

الْبَاعِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ الشَّهِيدُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْحَقُّ جَلَّ جَلَالُهٗ الْوَكِيلُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْقَوِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ

رسول بھیجنے والا، گواہ، سچا، کارساز، قوت والا،

الْمَتِينُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْوَلِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ الْحَمِيدُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْمُحْصِي جَلَّ جَلَالُهٗ الْمُبْدِئُ جَلَّ جَلَالُهٗ

مضبوط، مددگار، تعریف والا، گھیرنے والا، ابتداء کرنے والا

الْمُعِيدُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْمُحْيِي جَلَّ جَلَالُهٗ الْمُمِيتُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْحَيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ الْقَيُّومُ جَلَّ جَلَالُهٗ

لوٹانے والا، زندگی دینے والا، موت دینے والا، ہمیشہ زندہ، ہمیشہ قائم

الْوَاجِدُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْمَاجِدُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْوَاحِدُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْأَحَدُ جَلَّ جَلَالُهٗ الصَّمَدُ جَلَّ جَلَالُهٗ

پانے والا، بزرگی والا، اکیلا، یکتا، بے نیاز

الْقَادِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْمُقْتَدِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْمُقَدِّمُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْمُؤَخِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ

قدرت والا، قدرت دینے والا، آگے کرنیوالا، پیچھے کرنیوالا

الْأَوَّلُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْآخِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ الظَّاهِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْبَاطِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْوَالِي جَلَّ جَلَالُهٗ

سب سے پہلا، سب سے پچھلا، آشکار، پوشیدہ، وارث،

الْمُتَعَالِي جَلَّ جَلَالُهٗ الْبَرُّ جَلَّ جَلَالُهٗ التَّوَّابُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْمُنْعِمُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْمُنْتَقِمُ جَلَّ جَلَالُهٗ

رتبے بلند، بھلائی کرنیوالا، بہت توبہ قبول کرنیوالا، نعمت دینے والا، بدلہ لینے والا،

الْعَفُوُّ جَلَّ جَلَالُهٗ الرَّءُوفُ جَلَّ جَلَالُهٗ مَالِكُ الْمُلْكِ جَلَّ جَلَالُهٗ ذُو الْجَلَالِ

معاف کرنیوالا، بہت مہربان، سارے ملکوں کا مالک، بزرگی

وَالْإِكْرَامِ جَلَّ جَلَالُهٗ الرَّبُّ جَلَّ جَلَالُهٗ الْمُقْسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْجَامِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ

اور انعام والا، پالنے والا، انصاف کرنیوالا، جمع کرنیوالا

الْغَنِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ الْمُغْنِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْمُعْطِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْمَانِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ الضَّآرُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

بے پروا، بے پروا کرنیوالا، عطا کرنیوالا، باز رکھنے والا، ضرر پہنچانے والا،

النَّافِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ النُّوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْھَادِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْبَدِیْعُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْبَاقِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ

نفع دینے والا، روشنی والا، ہدایت دینے والا، نیا پیدا کرنیوالا، ہمیشہ رہنے والا،

الْوَارِثُ جَلَّ جَلَالُہٗ الرَّشِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ الصَّبُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ الصَّادِقُ جَلَّ جَلَالُہٗ السَّتَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ

مالک، رہنمائی کرنیوالا، بڑا تحمل والا، سچا، ڈھانپنے والا،

اسمائے حسنیٰ کے بعد کی دعاء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ جَدِّدْ وَ جَرِّدْ فِیْ ھٰذَا الْوَقْتِ وَفِیْ ھٰذِہِ

اے اللہ! اس وقت اور اسی زمانہ میں دنیا بھر میں اولادِ آدم میں سے تیرے

السَّاعَةِ مِنْ صَلَوَاتِكَ التَّامَّاتِ وَتَحِیَّاتِكَ الزَّاکِیَاتِ

اس کامل ترین بندے پر تیری تمام رحمتوں اور تیرے پاکیزہ تحفوں اور تیری

وَرِضْوَانِكَ الْاَکْبَرِ الْاَتَمِّ الْاَدْوَمِ عَلٰی اَکْمَلِ

بڑی خوشنودی کو پوری طرح ہمیشہ تازہ اور خالص فرما

عَبْدٍ لَّكَ فِیْ ھٰذَا الْعَالَمِ مِنْ بَنِیْ اٰدَمَ الَّذِیْ اَقَمْتَہٗ

جسکو تونے اپنا سایہ ٹھیرایا اور جسکو تونے اپنی مخلوق کی

لَكَ ظِلًّا وَّجَعَلْتَہٗ لِحَوَائِجِ خَلْقِكَ قِبْلَةً وَّمَحَلًّا وَّ

حاجتوں کے لئے قبلہ اور مقام بنایا اور جسکو تونے اپنے لئے چن لیا

اصْطَفَیْتَہٗ لِنَفْسِكَ وَاَقَمْتَہٗ بِحُجَّتِكَ وَاَظْھَرْتَہٗ

اور جسکو تونے اپنی دلیل قرار دی اور اپنے انوار کا مظہر بنایا۔

بِصُوْرَتِكَ وَاخْتَرْتَهُ مُسْتَوًى لِتَجَلِّيْكَ وَمَنْزِلًا

اور جسکو تو نے اپنی تجلی کی جلوہ گاہ اور زمین و افلاک میں کسی چیز کے کرنے نہ کرنے کیلئے

لِتَنْفِيْذِ اَوَامِرِكَ وَنَوَاهِيْكَ فِيْ اَرْضِكَ وَسَمٰوَاتِكَ

اپنے احکام جاری کرنے تیرے اور تیری مخلوق کے درمیان بطور منزل پسند کیا اور

وَوَاسِطَةً بَيْنَكَ وَبَيْنَ مُكَوَّنَاتِكَ وَبَلِّغْ سَلَامَ عَبْدِكَ

آپ کی خدمت میں تیرے اِس بندے کا سلام پہنچا دے پس اب اس

هٰذَا اِلَيْهِ فَعَلَيْهِ مِنْكَ الْاٰنَ مِنْ عَبْدِكَ اَشْرَفُ

لمحہ تیرے اور تیرے اِس بندے کی جانب سے آپ پر اشرف ترین درود،

التَّحِيَّاتِ وَاَزْكَى التَّسْلِيْمَاتِ ۝ اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْهُ بِيْ لِيَذْكُرَنِيْ

افضل ترین تحفے اور پاکیزہ ترین سلام ہوں اے اللہ آپ کو میرے حال کی خبر

عِنْدَكَ بِمَا اَنْتَ اَعْلَمُ اَنَّهُ نَافِعٌ لِّيْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا

فرما تاکہ تیری بارگاہ میں آپ مجھے یاد کریں جو میرے علم و فہم کی انتہا کے موافق

عَلٰى قَدْرِ مَعْرِفَتِهِ بِكَ وَمَنْزِلَتِهِ لَدَيْكَ لَا عَلٰى

ہو بلکہ تیرے علم میں آپ کی تیرے ساتھ معرفت اور آپ کے تیرے نزدیک مرتبہ کے

قَدْرِ عِلْمِيْ وَمُنْتَهٰى فَهْمِيْ اِنَّكَ بِكُلِّ فَضْلٍ جَدِيْرٌ

مطابق دنیا و آخرت میں میرے لئے نفع بخش ہو، بے شک تو ہر فضل کے لائق

وَّعَلٰى مَا تَشَاءُ قَدِيْرٌ ۝ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ فِيْ قَلْبِ الْاِنْسَانِ

ہے اور ہر چیز پر تو جو چاہے قدرت رکھتا ہے۔ اے اللہ! مجھ (آپ) انسانِ کامل کے دل

الْكَامِلِ وَحَبِّبْهُ فِيَّ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

میں پسندیدہ فرما دے اور میرے لئے آپ کو محبوب بنا دے اور اللہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ

وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ ذَرَّاتِ الْوُجُوْدِ وَعَدَدَ

علیہ وسلم) پر آپ کی آل و اصحاب پر پیدا کردہ ذروں کی اور اللہ کو معلوم چیزوں کی تعداد

مَعْلُوْمَاتِ اللّٰهِ ۝ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِیْ لِقِرَاءَتِهَا عَلَی الدَّوَامِ

کے برابر درود بھیجے۔ اے اللہ! ہمیشہ اسکی تلاوت کرنے کی مجھے توفیق عطا فرما

اٰمِیْن یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

اے سارے جہانوں کے پروردگار قبول فرمائے

مقدمہ دلائل الخیرات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَ

اور ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر

صَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدَانَا لِلْاِیْمَانِ

اللہ درود و سلام بھیجے۔ تمام تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے ہمیں ایمان و اسلام

وَالْاِسْلَامِ ۝ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کی ہدایت دی، اور اس کے نبی ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود و سلام

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَبِیِّهِ الَّذِی اسْتَنْقَذَنَا بِهٖ مِنْ

ہو جن کے طفیل اللہ نے ہمیں بتوں اور جھوٹے معبودوں کی پرستش سے نجات

عِبَادَةِ الْاَوْثَانِ وَالْاَصْنَامِ ۝ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

دی اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر (بھی درود و سلام) ہو جو برگزیدہ

النُّجَبَاءِ الْبَرَرَةِ الْکِرَامِ ۝ وَبَعْدُ هٰذَا فَالْغَرَضُ

نیکوکار اور بزرگ ہیں اور اس کے بعد یہ کہ اس

فِیْ هٰذَا الْکِتَابِ ذِکْرُ الصَّلٰوةِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ

کتاب (کی تصنیف) کا مقصد نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَضَائِلُهَا نَذْكُرُهَا مَحْذُوفَةَ الْاَسَانِيْدِ

اور اس کے فضائل بیان کرنا ہے۔ ہم اسناد (راویوں کے نام) حذف کر کے

لِيَسْهُلَ حِفْظُهَا عَلَى الْقَارِي وَهِيَ مِنْ اَهَمِّ الْمُهِمَّاتِ

ان کا ذکر کریں گے تاکہ پڑھنے والے کو اس کا یاد کرنا آسان ہو جائے اور یہ

لِمَنْ يُّرِيْدُ الْقُرْبَ مِنْ رَّبِّ الْاَرْبَابِ وَسَمَّيْتُهُ بِكِتَابِ

اس شخص کے لئے اہم ترین مقاصد میں سے ہے جو پروردگار عالم کے قرب کا

دَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ وَشَوَارِقِ الْاَنْوَارِ ؕ

آرزومند ہو اور میں نے اس کتاب کا نام "دلائل الخیرات وشوارق

فِيْ ذِكْرِ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ الْمُخْتَارِ ؕ

الانوار فی ذکر الصلاۃ علی النبی المختار" رکھا ہے

اِبْتِغَاءً لِمَرْضَاةِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَحَبَّةً فِيْ رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

اس کا مقصد یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور اس کے رسول

(سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا

کریم سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت نصیب ہو

وَاللّٰهُ الْمَسْئُوْلُ اَنْ يَّجْعَلَنَا لِسُنَّتِهِ مِنَ التَّابِعِيْنَ

اور اللہ سے ہماری التجا ہے کہ وہ ہمیں آپ کی سنت کی پیروی

وَلِذَاتِهِ الْكَامِلَةِ مِنَ الْمُحِبِّيْنَ فَاِنَّهُ عَلٰى ذٰلِكَ

کرنیوالوں اور آپ کی ذات کامل کے محبوں میں سے بنا دے پس بے شک

قَدِيْرٌ لَا اِلٰهَ غَيْرُهُ وَلَا خَيْرَ اِلَّا خَيْرُهُ وَهُوَ نِعْمَ

وہ اس پر قادر ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور اس کی بھلائی کے سوا

الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

کوئی بھلائی نہیں اور وہ بہترین آقا اور بہترین مددگار ہے گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ٥

کرنے کی قوت اللہ ہی سے ہے جو بلند مرتبہ عظمت والا ہے

فَصْلٌ فِيْ فَضْلِ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

یہ فصل نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کے فضائل میں ہے

وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ

اللہ عزوجل کا ارشاد ہے "بیشک اللہ اور اسکے فرشتے نبی پر

عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

درود بھیجتے ہیں. اے ایمان والو! تم بھی آپ پر درود بھیجو اور باادب

تَسْلِيْمًا ** لَبَّيْكَ * اَسْمَآءُ سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

سلام عرض کرو" میں حاضر ہوں، یہ ہمارے سردار ہمارے نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَتَانِ وَوَاحِدٌ وَهِيَ هٰذِهٖ

اور ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے گرامی ہیں جن کی تعداد دو سو ایک ہے اور وہ یہ ہیں

اسمائے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مَنِ اسْمُهٗ

اے اللہ ان پر درود و سلام اور برکت بھیج جنکا مبارک نام محمد (جسکی بار بار

سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) ٢ اَحْمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) حَامِدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تعریف کی جائے)، بہت سراہے ہوئے، تعریف کرنیوالے

(سَيِّدُنَا) مَحْمُوْدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) اَحِيْدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) وَحِيْدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سراہے ہوئے، ایک طرف کرنے والے، یکتا

(سیدنا) ماحی صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) حاشر صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) عاقب صلی اللہ علیہ وسلم

کفر مٹانے والے، مُردوں کو اٹھانے والے، پیچھے آنیوالے،

(سیدنا) طٰہٰ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) یٰسٓ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) طاہر صلی اللہ علیہ وسلم

چودھویں کے چاند، بشر کے سردار، پاک صاف،

(سیدنا) مطہر صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) طیب صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) سید صلی اللہ علیہ وسلم

پاک کیے گئے، پاکیزہ، سردار،

(سیدنا) رسول صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) نبی صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) رسول الرحمۃ صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ کے رسول، اللہ کے نبی، رحمت والے رسول،

(سیدنا) قیم صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) جامع صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مقتف صلی اللہ علیہ وسلم

امت کے سربراہ، کمالات کے جامع، سب انبیاء سے پیچھے آنیوالے،

(سیدنا) مقفی صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) رسول الملاحم صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) رسول

پیچھے آنیوالے، معرکوں والے رسول، راحت والے

الراحۃ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) کامل صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) اکلیل صلی اللہ علیہ وسلم

رسول، کمالات میں پورے، نبیوں کے سرتاج،

(سیدنا) مدثر صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مزمل صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) عبداللہ صلی اللہ علیہ وسلم

چادر اوڑھنے والے، کمل اوڑھنے والے، اللہ کے بندے،

(سیدنا) حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) صفی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) نجی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ کے حبیب، اللہ کے چنے ہوئے، اللہ کے ہمراز،

(سیدنا) کلیم اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) خاتم

اللہ سے باتیں کرنیوالے، سب نبیوں کے خاتم، سب رسولوں

الرسل صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) محیی صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) منجی صلی اللہ علیہ وسلم

کے خاتم، زندگی دینے والے، نجات دینے والے،

(سیدنا) مُذَکِّرٌ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) نَاصِرٌ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مَنْصُوْرٌ صلی اللہ علیہ وسلم

نصیحت کرنیوالے، مدد دینے والے، مدد دیئے گئے،

(سیدنا) نَبِیُّ الرَّحْمَۃِ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) نَبِیُّ التَّوْبَۃِ صلی اللہ علیہ وسلم

رحمت والے نبی، توبہ قبول کرنے والے نبی،

(سیدنا) حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مَعْلُوْمٌ صلی اللہ علیہ وسلم

تمہاری بھلائی کے لئے حرص کرنے والے، جانے پہچانے ہوئے،

(سیدنا) شَہِیْرٌ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) شَاھِدٌ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) شَہِیْدٌ صلی اللہ علیہ وسلم

مشہور، گواہی دینے والے، گواہ،

(سیدنا) مَشْہُوْدٌ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) بَشِیْرٌ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مُبَشِّرٌ صلی اللہ علیہ وسلم

گواہی دیے ہوئے، خوشخبری دینے والے، خوشخبری دیے ہوئے

(سیدنا) نَذِیْرٌ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مُنْذِرٌ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) نُوْرٌ صلی اللہ علیہ وسلم

متنبہ کرتے والے، ڈرانے والے، اللہ کے نور،

(سیدنا) سِرَاجٌ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مِصْبَاحٌ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) ھُدًی صلی اللہ علیہ وسلم

آفتاب نبوت، روشن چراغ، ہدایت والے،

(سیدنا) مَھْدِیٌّ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مُنِیْرٌ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) دَاعٍ صلی اللہ علیہ وسلم

ہدایت دیئے ہوئے، روشن، اللہ کی طرف بلانے والے،

(سیدنا) مَدْعُوٌّ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مُجِیْبٌ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مُجَابٌ صلی اللہ علیہ وسلم

پکارے ہوئے، قبول کرنیوالے، قبول کئے ہوئے،

(سیدنا) حَفِیٌّ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) عَفُوٌّ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) وَلِیٌّ صلی اللہ علیہ وسلم

مہربان، معاف کرنیوالے، اللہ کے دوست،

(سیدنا) حَقٌّ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) قَوِیٌّ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) اَمِیْنٌ صلی اللہ علیہ وسلم

سراپا حق، زور آور، امانت دار،

(سیدنا) مامون صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) کریم صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مکرم صلی اللہ علیہ وسلم

نڈر کئے ہوئے ، کرم والے ، بزرگی دیئے ہوئے

(سیدنا) مکین صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) متین صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مبین صلی اللہ علیہ وسلم

دبدبہ والے ، استوار ، ظاہر ،

(سیدنا) مؤمل صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) وصول صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) ذو قوۃ صلی اللہ علیہ وسلم

امید وار ، اللہ سے ملنے والے ، قوت والے

(سیدنا) ذو حرمۃ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) ذو مکانۃ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) ذو عز صلی اللہ علیہ وسلم

حرمت والے ، بلند رتبہ والے ، عزت والے

(سیدنا) ذو فضل صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مطاع صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مطیع صلی اللہ علیہ وسلم

بزرگی والے ، مانے ہوئے ، اللہ کے فرمانبردار

(سیدنا) قدم صدق صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) رحمۃ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) بشری صلی اللہ علیہ وسلم

صداقت کے پیش رو ، سراپا رحمت ، سراپا خوشخبری ،

(سیدنا) غوث صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) غیث صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) غیاث صلی اللہ علیہ وسلم

فریاد رس ، رحمت کی بارش ، فریاد رس

(سیدنا) نعمۃ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) ھدیۃ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) عروۃ

اللہ کی نعمت ، اللہ کا تحفہ ، مضبوط

وثقی صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) صراط اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) صراط مستقیم صلی اللہ علیہ وسلم

دستاویز ، اللہ کی راہ ، سیدھا راستہ ،

(سیدنا) ذکر اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) سیف اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) حزب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ کی یاد ، اللہ کی شمشیر ، اللہ کا لشکر ،

(سیدنا) النجم الثاقب صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مجتبی صلی اللہ علیہ وسلم

چمکتا ہوا ستارا ، چھنے ہوئے ، برگزیدہ

(سَیِّدُنَا) مُنْتَقٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) اُمِّیٌّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) مُخْتَارٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

برگزیدہ ، بے پڑھائے ہوئے ، اختیار دیے ہوئے

(سَیِّدُنَا) اَجِیْرٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) جَبَّارٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) اَبُوالْقَاسِمِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اجر دیے ہوئے ، شکستہ دلوں کو جوڑنے والے ، حضرت قاسم کے والد ،

(سَیِّدُنَا) اَبُوالطَّاھِرِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) اَبُوالطَّیِّبِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا)

حضرت طاہر کے والد ، حضرت طیب کے والد

اَبُوْ اِبْرَاھِیْمَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) مُشَفَّعٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) شَفِیْعٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

حضرت ابراہیم کے والد ، جنکی شفاعت مقبول رہے ، شفاعت کرنے والے ،

(سَیِّدُنَا) صَالِحٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) مُصْلِحٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) مُھَیْمِنٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

نیکوکار ، اصلاح کرنیوالے ، نگہبان ،

(سَیِّدُنَا) صَادِقٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) مُصَدَّقٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) صِدْقٌ صَلَّی اللّٰہُ

سچے ، تصدیق کیے ہوئے ، سراپا سچائی ،

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) سَیِّدُ الْمُرْسَلِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) اِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

رسولوں کے سردار ، متقیوں کے پیشوا ،

(سَیِّدُنَا) قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) خَلِیْلُ الرَّحْمٰنِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

چمکتے ہاتھ و پیشانی والوں کے رہنما ، رحمٰن کے دوست ،

(سَیِّدُنَا) بَرٌّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) مَبَرٌّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) وَجِیْہٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) نَصِیْحٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

سراپا نیکی ، نیکی کرنیوالے ، خوبصورت ، نصیحت دینے والے ،

(سَیِّدُنَا) نَاصِحٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) وَکِیْلٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) مُتَوَکِّلٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

نصیحت کرنے والے ، کارساز ، اللہ پر بھروسہ کرنیوالے

(سَیِّدُنَا) کَفِیْلٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) شَفِیْقٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (سَیِّدُنَا) مُقِیْمُ السُّنَّۃِ

امت کے ضامن ، شفقت والے ، سنت قائم کرنے والے ،

صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مقدس صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) روح القدس صلی اللہ علیہ وسلم

پاکیزگی کی جان	پاکیزہ ،

(سیدنا) روح الحق صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) روح القسط صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا)

انصاف کی جان ،	حقانیت کی جان ،

کاف صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مکتف صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) بالغ صلی اللہ علیہ وسلم

بلند مرتبہ پر پہنچنے والے ،	کفایت کرنے والے ،	دو عالم میں کافی ،

(سیدنا) مبلغ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) شاف صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) واصل صلی اللہ

اللہ سے ملانے والے ،	صحت بخشنے والے ،	اللہ کا پیغام پہنچانے والے ،

علیہ وسلم (سیدنا) موصول صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) سابق صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) سائق صلی اللہ علیہ وسلم

سب کو ہانکنے والے ،	سب سے پہلے ،	اللہ سے ملے ہوئے ،

(سیدنا) ہاد صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مھد صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مقدم صلی اللہ علیہ وسلم

پیشوا ،	راہ دکھانیوالے ،	راہنما ،

(سیدنا) عزیز صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) فاضل صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مفضل صلی اللہ علیہ وسلم

فضیلت دئے ہوئے ،	نہایت فضیلت والے ،	غالب ،

(سیدنا) فاتح صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مفتاح صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مفتاح الرحمۃ

رحمت کی کنجی ،	اسرار الٰہی کی کنجی ،	باب رحمت کھولنے والے ،

صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مفتاح الجنۃ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) علم الایمان صلی اللہ

ایمان کا نشان ،	جنت کی کنجی ،

علیہ وسلم (سیدنا) علم الیقین صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) دلیل الخیرات صلی اللہ علیہ وسلم

نیکیوں کے رہنما ،	یقین کا نشان ،

(سیدنا) مصحح الحسنات صلی اللہ علیہ وسلم (سیدنا) مقیل

لغزشوں سے	نیکیوں کے درست کرنے والے ،

الْعَثَرَاتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) صَفُوْحٌ عَنِ الزَّلَّاتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

درگزر کرنے والے ، خطاؤں کو معاف کرنے والے ،

(سَيِّدُنَا) صَاحِبُ الشَّفَاعَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) صَاحِبُ الْمَقَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

شفاعت والے ، مقام محمود والے ،

(سَيِّدُنَا) صَاحِبُ الْقَدَمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) مَخْصُوْصٌ بِالْعِزِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) مَخْصُوْصٌ بِالْمَجْدِ

پیشوائی والے ، عزت کے ساتھ خاص کیے ہوئے ، بزرگی کے ساتھ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) مَخْصُوْصٌ بِالشَّرَفِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) صَاحِبُ

خاص کیے ہوئے ، شرف کے ساتھ خاص کیے ہوئے ، وسیلے

الْوَسِيْلَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) صَاحِبُ السَّيْفِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) صَاحِبُ

والے ، تلوار والے ، فضیلت

الْفَضِيْلَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) صَاحِبُ الْاِزَارِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) صَاحِبُ

والے ، تہبند والے ، مضبوط

الْحُجَّةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) صَاحِبُ السُّلْطَانِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا)

دلیل والے ، غلبہ و قدرت والے ،

صَاحِبُ الرِّدَاءِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) صَاحِبُ الدَّرَجَةِ الرَّفِيْعَةِ

چادر والے ، بلند درجہ والے ،

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) صَاحِبُ التَّاجِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) صَاحِبُ الْمِغْفَرِ

تاج والے ، زرہ بکتر والے ،

صَاحِبُ اللِّوَاءِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) صَاحِبُ الْمِعْرَاجِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پرچم والے ، معراج والے ،

(سَيِّدُنَا) صَاحِبُ الْقَضِيْبِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) صَاحِبُ الْبُرَاقِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عصا و تلوار والے ، براق والے ،

(سَیِّدُنَا) صَاحِبُ الْخَاتَمِ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) صَاحِبُ الْعَلَامَۃِ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) صَاحِبُ

مہر نبوت والے ، علامتِ نبوت والے ، روشن

الْبُرْھَانِ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) صَاحِبُ الْبَیَانِ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا)

دلیل والے ، روشن بیان والے ،

فَصِیْحِ اللِّسَانِ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) مُطَھَّرِ الْجَنَانِ صلی اللہ علیہ وسلم

فصیح زبان والے ، پاک قلب والے ،

(سَیِّدُنَا) رَءُوْفٌ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) رَحِیْمٌ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) اُذُنُ

نہایت مہربان ، رحم والے ، نیکیوں

خَیْرٍ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) صَحِیْحِ الْاِسْلَامِ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) سَیِّدُ

کے سننے والے ، درست اسلام والے ، دوجہاں

الْکَوْنَیْنِ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) عَیْنُ النَّعِیْمِ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) عَیْنُ

کے سردار ، نعمت کے سرچشمہ ، شریفوں کے

الْغُرِّ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) سَعْدُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) سَعْدُ

رئیس ، اللہ کی سعادت ، مخلوق کی

الْخَلْقِ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) خَطِیْبُ الْاُمَمِ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) عَلَمُ

سعادت ، امتوں کے خطیب ، ہدایت

الْھُدٰی صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) کَاشِفُ الْکُرَبِ

کے نشان ، مصیبتوں کو دور کرنے والے ،

صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) رَافِعُ الرُّتَبِ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) عِزُّ

درجوں کو بلند کرنے والے ، عالم عرب

الْعَرَبِ صلی اللہ علیہ وسلم (سَیِّدُنَا) صَاحِبُ الْفَرَجِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ

کی آبرو ، کشادگی کے مالک آپ پر اور آپ کی آل پر اللہ درود بھیجے

اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ بِجَاهِ نَبِيِّكَ الْمُصْطَفٰى وَ

اے اللہ اے پروردگار! تیرے برگزیدہ نبی اور

رَسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰى طَهِّرْ قُلُوْبَنَا مِنْ كُلِّ وَصْفٍ

تیرے پسندیدہ رسول کے طفیل ہمارے دلوں کو

يُّبَاعِدُنَا عَنْ مُّشَاهَدَتِكَ وَ مَحَبَّتِكَ وَاَمِتْنَا

ہر ایسے وصف سے پاک کر دے جو

عَلَى السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ وَالشَّوْقِ اِلٰى لِقَائِكَ يَا

ہم کو تیرے دیدار اور تیری محبت سے دور کرے

ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور ہم کو سنت جماعت کے طریقہ پر اور تیری ملاقات کے شوق پر وفات دے اے بزرگی

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

اور انعام والے۔ اور ہمارے سردار داتا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب

تَسْلِيْمًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

پر اللہ درود اور خوب سلام بھیجے اور تمام تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے

اَلْحِزْبُ الْاَوَّلُ فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ

پہلا حزب برائے دوشنبہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ

اللہ ہمارے سردار اور آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آپ کی آل واصحاب پر درود

وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ کَمَا

اور سلام بھیجے۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آپ کی ازواج، اولاد پر درود بھیج

صَلَّیْتَ عَلٰی (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّ

جسطرح تو نے ابراھیم (علیہ السلام) پر درود بھیجا اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ کی ازواج

اَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ

و اولاد پر برکت فرما جس طرح تو نے ابراھیم (علیہ السلام) کی آل پر برکت فرمائی

مَّجِیْدٌ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی (سَیِّدِنَا)

بیشک تو بڑی تعریف و بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج جسطرح

اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ کَمَا

تو نے ابراھیم (علیہ السلام) پر درود بھیجا اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر برکت فرما جسطرح

بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

تو نے ابراھیم (علیہ السلام) کی آل پر تمام جہانوں میں برکت فرمائی بیشک تو بڑی تعریف و بزرگی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى

والا ہے۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج جس

(سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) پر درود بھیجا اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کی آل پر برکت فرما جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) پر برکت فرمائی بیشک تو بڑی تعریف و بزرگی

عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ ۝ اَللّٰهُمَّ

والا ہے۔ اے اللہ! نبی امی (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر

صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

درود بھیج اے اللہ! تیرے بندے اور رسول محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج۔ اے

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ وَ

اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج جس طرح تو نے ابراہیم

عَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

(علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر درود بھیجا بے شک تو بڑی تعریف و بزرگی والا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ

ہے۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر برکت فرما

وَعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ وَتَرَحَّمْ

جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر برکت فرمائی بے شک تو بڑی

عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰى

تعریف و بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! نیز محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر رحمت

(سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

فرما جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر رحمت فرمائی

اَللّٰهُمَّ وَتَحَنَّنْ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا

بے شک تو بڑی تعریف و بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

تَحَنَّنْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ

کی آل پر شفقت فرما جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر شفقت

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا)

فرمائی بیشک تو بڑی بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ

کی آل پر سلام بھیج جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر سلام

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

بھیجا بیشک تو بڑی تعریف و بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ و

(سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ (سَيِّدَنَا) مُحَمَّدًا وَّاٰلَ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

سلم) کی آل پر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر رحمت

وَّبَارِكْ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

فرما اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر برکت فرما جس طرح تو نے

وَرَحِمْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا)

ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر تمام جہانوں میں درود بھیجا اور رحمت و برکت فرمائی

اِبْرَاهِيْمَ فِي الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

بلاشک تو بڑی تعریف و بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور

مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ

آپ کی ازواج امہات المومنین پر اور آپ کی اولاد پر اور آپ کی اہل بیت پر درود بھیج

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ

جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) پر درود بھیجا بے شک تو بڑی تعریف و بزرگی والا ہے۔ اے اللہ!

بَارِكْ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر برکت فرما جس طرح تو نے

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ

ابراھیم (علیہ السلام) پر برکت فرمائی بیشک تو بڑی تعریف و بزرگی والا ہے۔ اے اللہ!

دَاحِيَ الْمَدْحُوَّاتِ وَبَارِئَ الْمَسْمُوْكَاتِ وَجَبَّارَ الْقُلُوْبِ عَلٰى

زمینوں کا فرش بچھانے والے اور بلند آسمانوں کو پیدا کرنے والے اور ان دلوں کی تحقیق

فِطْرَتِهَا شَقِيِّهَا وَسَعِيْدِهَا اجْعَلْ شَرَائِفَ صَلَوَاتِكَ وَنَوَامِيَ بَرَكَاتِكَ

کرنے والے جنکی فطرت کے مطابق کسی کو بدبخت اور کسی کو نیک بخت بنایا تیرے بندے اور

وَرَأْفَةَ تَحَنُّنِكَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ الْفَاتِحِ لِمَا

رسول محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیرے بزرگ ترین درود، تیری بڑھنے والی برکات اور تیری

اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالْمُعْلِنِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ وَالدَّامِغِ لِجَيْشَاتِ

مہربان شفقتیں، نازل فرما کہ آپ بند کی گئی چیز کو کھولنے والے، گزرے ہوئے پر مہر لگانے

الْاَبَاطِيْلِ كَمَا حُمِّلَ فَاضْطَلَعَ بِاَمْرِكَ بِطَاعَتِكَ مُسْتَوْفِزًا فِيْ

والے راستی کے ساتھ حق کا اعلان کرنے والے اور باطل کے لشکروں کو شکست دینے والے

مَرْضَاتِكَ وَاعِيًا لِوَحْيِكَ حَافِظًا لِعَهْدِكَ مَاضِيًا عَلٰى نَفَاذِ

ہیں آپ پر جو بوجھ ڈالا گیا تو آپ نے تیرے حکم و طاعت سے اٹھالیا تیری رضا حاصل کرنے میں مستعد

اَمْرِكَ حَتّٰى اَوْرٰى قَبَسًا لِقَابِسٍ اٰلَاءُ اللّٰهِ تَصِلُ بِاَهْلِهٖ اَسْبَابُهٗ

تیری وحی پر توجہ کرنے والے تیرے وعدے کے پابند اور تیرا حکم نافذ کرنے میں چست ہیں یہاں تک کہ آپ نے روشنی کے

بِهٖ هُدِيَتِ الْقُلُوْبُ بَعْدَ خَوْضَاتِ الْفِتَنِ وَالْاِثْمِ وَاَبْهَجَ

طالبوں کے لیے مشعل ہدایت روشن فرمادی اللہ کی نعمتیں آپکے ذریعہ اس کے مستحق کو پہنچتی ہیں گمراہی کے فتنوں

مُوْضِحَاتِ الْاَعْلَامِ وَنَائِرَاتِ الْاَحْكَامِ وَمُنِيْرَاتِ الْاِسْلَامِ

اور گناہوں میں ڈوبے ہوئے دلوں کو آپ کی بدولت ہدایت نصیب ہوئی اور حق کی کھلی نشانیوں کو احکام کی روشن

فَهُوَ اَمِينُكَ الْمَامُوْنُ وَخَازِنُ عِلْمِكَ الْمَخْزُوْنِ وَ

کرا اور اسلام کی تنویر دین کو آپ نے جلا بخشی پس آپ تیرے امن یافتہ امین تیرے پوشیدہ خزانے

شَهِيْدُكَ يَوْمَ الدِّيْنِ وَبَعِيْثُكَ نِعْمَةً وَّرَسُوْلُكَ بِالْحَقِّ رَحْمَةً

کے نگہبان اور قیامت کے دن تیرے گواہ تیری بھیجی خاص نعمت اور تیرے رسول برحق سراپا رحمت ہیں

اَللّٰهُمَّ افْسَحْ لَهٗ فِيْ عَدْنِكَ وَاجْزِهٖ مُضَاعَفَاتِ الْخَيْرِ مِنْ

اے اللہ! جنت میں ان کی جگہ کشادہ فرما دے اور اپنے فضل سے ان کو نیکیوں کی کئی گناہ جزا دے

فَضْلِكَ مُهَنَّاٰتٍ لَهٗ غَيْرَ مُكَدَّرَاتٍ مِنْ فَوْزِ ثَوَابِكَ الْمَحْلُوْلِ

جو آپ کے لئے خوش گوار اور کدورت سے پاک ہوں جو تیرے اترنے والے ثواب اور تیری

وَجَزِيْلِ عَطَائِكَ الْمَعْلُوْلِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَعْلِ عَلٰى بِنَاءِ النَّاسِ بِنَاءَهٗ

پے در پے اعلیٰ نوازشوں کے ساتھ کامیاب ہوں۔ اے اللہ! لوگوں کی منزلوں پر آپکا منزل

وَاَكْرِمْ مَثْوَاهُ لَدَيْكَ وَنُزُلَهٗ وَاَتْمِمْ لَهٗ نُوْرَهٗ وَاجْزِهٖ مِنِ

کو بلند فرما اور آپ کی آرام گاہ کو اور آپکی مہمانی کو اپنے پاس باعزت فرما اور آپ کے لئے

ابْتِعَاثِكَ لَهٗ مَقْبُوْلَ الشَّهَادَةِ وَمَرْضِيَّ الْمَقَالَةِ ذَا مَنْطِقٍ عَدْلٍ

آپ کے نور کو مکمل فرما دے اور آپ کو ایسی جزا دے کہ تو جب آپ کو اٹھائیگا تو آپ کی

وَّخُطَّةِ فَصْلٍ وَّبُرْهَانٍ عَظِيْمٍ ۝ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى

شہادت مقبول اور آپ کا قول پسندیدہ آپ کی گفتگو سچی اور آپ کی شان حق کو

النَّبِيِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ لَبَّيْكَ

باطل سے جدا کرنیوالی اور آپ کی دلیل باعظمت ہوگی بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود

اَللّٰهُمَّ رَبِّيْ وَسَعْدَيْكَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ الْبَرِّ الرَّحِيْمِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! آپ پر درود اور باادب سلام بھیجو۔ اے اللہ! اے میرے رب میں حاضر

الْمُقَرَّبِيْنَ وَالنَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ

ہوں اور تیری فرمانبرداری کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔ احسان و رحم والے اللہ اور مقرب فرشتوں نبیوں صدیقوں

وَمَا سَبَّحَ لَكَ مِنْ شَيْءٍ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

شہیدوں، صالحوں کے، نیز تیری تسبیح بیان کرنے والی ہر چیز کے درود اے رب العالمین ہمارے سردار محمد

بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَسَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ

(صلی اللہ علیہ وسلم) پر ہوں جو حضرت عبداللہ کے فرزند، نبیوں میں سب سے آخر، رسولوں کے سردار، پرہیز

الْمُتَّقِيْنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الشَّاهِدِ الْبَشِيْرِ الدَّاعِيْ

گاروں کے امام، رب العالمین کے رسول، گواہ، خوشخبری دینے والے، تیرے حکم سے تیری طرف بلانے وا

اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ

اور روشن چراغ ہیں اور آپ پر سلام ہو اے اللہ! رسولوں کے سردار، پرہیزگاروں

صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ

کے امام، نبیوں میں سب سے آخر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو اپنے درودوں، برکتوں

اِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ

اور رحمتوں سے مالا مال فرما جو تیرے بندے، تیرے رسول، نیکیوں کے پیشوا،

وَرَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ اَللّٰهُمَّ

بھلائیوں کے رہنما اور رحمت والے رسول ہیں۔ اے اللہ! آپ کو مقام محمود پر فائز فرما

ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهُ فِيْهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ ۝

کہ جس پر سارے اگلے اور پچھلے لوگ رشک کریں اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا

وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج جس طرح تو نے ابراہیم

صَلَّيْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ

(علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر درود بھیجا بے شک تو بڑی تعریف و بزرگی والا ہے۔

عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر برکت فرما جس طرح تو نے

(سَیِّدِنَا) اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

ابراھیم (علیہ السلام) پر برکت فرمائی بیشک تو بڑی تعریف و بزرگی والا ہے۔ اے اللہ!

وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ وَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ کی آل، اصحاب، اولاد، ازواج، ذریت، اہل بیت اور

اَصْهَارِهٖ وَاَنْصَارِهٖ وَاَشْیَاعِهٖ وَمُحِبِّیْهِ وَاُمَّتِهٖ وَعَلَیْنَا مَعَهُمْ

سسرال پر اور آپ کے انصار پر، پیروؤں اور محبوں پہ اور آپ کی امت پہ اور ان

اَجْمَعِیْنَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

سب کے ساتھ ہم پر اے ارحم الراحمین درود بھیج۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ

عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَّمْ

علیہ وسلم) پر اُن لوگوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جنہوں نے آپ پر درود بھیجا اور

یُصَلِّ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَآ اَمَرْتَنَا

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اُن لوگوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جنہوں نے آپ کو درود نہیں بھیجا

بِالصَّلٰوةِ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلَیْهِ كَمَا یُحِبُّ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جسطرح تو نے آپ پر درود کا ہمیں حکم دیا اور آپ

(سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَآ اَمَرْتَنَآ اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْهِ

پر درود بھیج جیسا کہ آپ پر درود کو آپ پسند فرماتے ہیں۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ

علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج جسطرح تو نے آپ پر درود کا ہمیں

اَهْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا

حکم دیا۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج جسطرح تو

تُحِبُّ وَتَرْضَاهُ لَهٗ اَللّٰهُمَّ یَا رَبَّ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

انکو آپ کے لئے چاہتا ہے اور پسند کرتا ہے۔ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل کے

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَعْطِ سَیِّدَنَا

رب! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج اور محمد (صلی

مُحَمَّدَ نِ الدَّرَجَةَ وَالْوَسِيْلَةَ فِي الْجَنَّةِ اَللّٰهُمَّ يَا رَبَّ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اللہ علیہ وسلم) کو جنت میں خاص درجہ اور وسیلہ عطا فرما۔ اے اللہ! اے محمد (صلی

وَّاٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نِ اجْزِ سَیِّدَنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا

اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل کے رب! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو آپ کے لائق جزا

هُوَ اَهْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اَهْلِ

دے۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر اور آپ کی

بَيْتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا

اہلبیت پر درود بھیج یہاں تک کہ درود سے کچھ بھی باقی نہ بچے اور محمد (صلی اللہ علیہ

يَبْقٰى مِنَ الصَّلٰوةِ شَىْءٌ وَّارْحَمْ سَیِّدَنَا مُحَمَّدًا وَّاٰلَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر رحمت فرما یہاں تک

حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ الرَّحْمَةِ شَىْءٌ وَّبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

کہ رحمت سے کچھ بھی باقی نہ بچے اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ الْبَرَكَةِ شَىْءٌ وَّسَلِّمْ عَلٰی

علیہ وسلم) کی آل پر برکت بھیج یہاں تک کہ برکت سے کچھ بھی باقی نہ بچے

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ السَّلَامِ

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر سلام بھیج یہاں تک کہ سلام سے

شَىْءٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَوَّلِيْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

کچھ باقی نہ بچے اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اگلوں میں درود بھیج اے اللہ! محمد (صلی اللہ

مُحَمَّدٍ فِى الْاٰخِرِيْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى النَّبِيِّيْنَ وَصَلِّ

علیہ وسلم) پر پچھلوں میں درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر نبیوں میں درود بھیج

عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ فِى الْمُرْسَلِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ فِى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر رسولوں میں درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر قیامت

اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ (سَيِّدَنَا) مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ

کے دن تک برگزیدہ فرشتوں کے گروہ میں درود بھیج۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو

وَالْفَضِيْلَةَ وَالشَّرَفَ وَالدَّرَجَةَ الْكَبِيْرَةَ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اٰمَنْتُ

وسیلہ، فضیلت، شرف اور بڑا درجہ عطا فرما۔ اے اللہ! بیشک میں محمد (صلی اللہ

(بِسَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّلَمْ اَرَهٗ فَلَا تَحْرِمْنِىْ فِى الْجِنَانِ رُؤْيَتَهٗ وَ

علیہ وسلم) پر ایمان لایا ہوں حالانکہ میں نے آپ کو نہیں دیکھا پس جنت میں مجھے آپ کے

اَرْزُقْنِىْ صُحْبَتَهٗ وَتَوَفَّنِىْ عَلٰى مِلَّتِهٖ وَاسْقِنِىْ مِنْ حَوْضِهٖ

دیدار سے محروم نہ فرما اور مجھے آپ کی رفاقت دے اور آپ کی ملت پر مجھے وفات دے

مَشْرَبًا رَّوِيًّا سَائِغًا هَنِيْئًا لَّا نَظْمَأُ بَعْدَهٗ اَبَدًا اِنَّكَ

اور آپ کے حوض سے مجھے ایسا شربت پلا کہ جو سیراب کرنیوالا لذیذ خوشگوار ہو تاکہ

عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْ رُوْحَ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ مِّنِّىْ

اس کے بعد ہم کبھی پیاسے نہ ہوں بیشک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اے اللہ! محمد

تَحِيَّةً وَّسَلَامًا اَللّٰهُمَّ وَكَمَا اٰمَنْتُ بِهٖ وَلَمْ اَرَهٗ فَلَا تَحْرِمْنِىْ

(صلی اللہ علیہ وسلم) کی روح کو میری طرف سے دعائے خیر اور سلام پہنچا۔ اے اللہ اور میں جیسے

فِى الْجِنَانِ رُؤْيَتَهٗ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَةَ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدِنِ الْكُبْرٰى

آپ پر بن دیکھے ایمان لایا ہوں پس جنت میں مجھے آپ کے دیدار سے محروم نہ فرما۔ اے اللہ! محمد (صلی

وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ الْعُلْيَا وَاٰتِهٖ سُؤْلَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى كَمَا

اللہ علیہ وسلم) کی شفاعت کبریٰ کو قبول فرما اور آپ کے اعلیٰ درجہ کو مزید بلند فرما اور آپ کے سوال کو آخرت اور دنیا

اٰتَيْتَ (سَيِّدَنَا) اِبْرَاهِيْمَ وَ(سَيِّدَنَا) مُوْسٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

میں قبول فرما جسطرح تو نے ابراھیم (علیہ السلام) اور موسیٰ (علیہ السلام) کو نوازا۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ

پر اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج جس طرح تونے ابراہیم (علیہ السلام) اور

وَعَلٰٓی اٰلِ (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ (سَیِّدِنَا)

ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر درود بھیجا ہے اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر برکت

مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ

فرما جس طرح تونے ابراہیم (علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر برکت فرمائی بے شک

حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو بڑی تعریف و بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! تیرے نبی و رسول محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور

نَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ وَ(سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ خَلِیْلِكَ وَصَفِیِّكَ

تیرے خلیل و صفی ابراہیم (علیہ السلام) پر اور

وَ(سَیِّدِنَا) مُوْسٰی کَلِیْمِكَ وَنَجِیِّكَ وَ(سَیِّدِنَا) عِیْسٰی رُوْحِكَ

تیرے کلیم و نجی موسٰی (علیہ السلام) پر اور تیری روح و کلمہ

وَکَلِمَتِكَ وَعَلٰی جَمِیْعِ مَلٰٓئِکَتِكَ وَرُسُلِكَ وَاَنْبِیَآئِكَ

عیسٰی (علیہ السلام) پر اور تیرے فرشتوں پر اور تیرے رسولوں اور نبیوں پر

وَخِیَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ وَاَصْفِیَآئِكَ وَخَاصَّتِكَ وَاَوْلِیَآئِكَ

اور زمین و آسمان کی تیری مخلوق سے تیرے چنے ہوئے اور تیرے برگزیدہ اور تیرے

مِنْ اَھْلِ اَرْضِكَ وَسَمَآئِكَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

خاص بندوں پر اور تیرے اولیاء پر درود، سلام اور برکت بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَآءَ نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ

پر اللہ اپنی مخلوق کی تعداد اور اپنی ذات کی خوشنودی کے برابر اور اپنے عرش کے وزن

کَلِمَاتِهٖ وَکَمَا ھُوَ اَھْلُهٗ وَکُلَّمَا ذَکَرَہُ الذّٰکِرُوْنَ وَغَفَلَ

اور اپنے کلمات کی سیاہی کے برابر آپ کے شایانِ شان درود اور سلام بھیجے جبکہ یاد کرنے والے

عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ وَعِتْرَتِهِ الطَّاهِرِيْنَ

آپ کو یاد کریں اور آپ کی یاد سے غفلت کرنے والے غافل رہیں ۔ اے اللہ!

وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَزْوَاجِهٖ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ کی ازواج و اولاد پر اور تمام

وَذُرِّيَّتِهٖ وَعَلٰى جَمِيْعِ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَ

نبیوں اور رسولوں اور مقرب فرشتوں پر اور اللہ کے تمام نیک

الْمُقَرَّبِيْنَ وَجَمِيْعِ عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ عَدَدَ مَا اَمْطَرَتِ

بندوں پر، آسمان بنانے کے وقت سے برسائے ہوئے قطروں کی تعداد کے برابر

السَّمَآءُ مُنْذُ بَنَيْتَهَا وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَنْبَتَتِ

درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر زمین کا فرش کرنے

الْاَرْضُ مُنْذُ دَحَوْتَهَا وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ النُّجُوْمِ

کے وقت سے لگنے والی چیزوں کی تعداد کے برابر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

فِي السَّمَآءِ فَاِنَّكَ اَحْصَيْتَهَا وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ

آسمان میں موجود ان ستاروں کی تعداد کے برابر درود بھیج جن کی گنتی سے تو ہی واقف ہے

مَا تَنَفَّسَتِ الْاَرْوَاحُ مُنْذُ خَلَقْتَهَا وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر، تخلیق کے وقت سے جانداروں کی سانسوں کی تعداد کے برابر

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَمَا تَخْلُقُ وَمَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ

درود بھیج ۔ اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیرے پیدا کردہ اور پیدا ہونے والی مخلوق اور تیرے

وَاَضْعَافَ ذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِمْ عَدَدَ خَلْقِكَ

احاطۂ علم میں موجود تمام چیزوں کی تعداد کے برابر بلکہ ان سب سے کئی گنا زیادہ درود بھیج

وَرِضَآءَ نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ

اے اللہ! ان سب پر اپنی مخلوق کی تعداد اپنی ذات کی خوشنودی کے برابر اپنے عرش کے وزن، اپنے کلمات

وَمَبْلَغَ عِلْمِكَ وَاٰيَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِمْ صَلٰوةً تَفُوْقُ وَتَفْضُلُ

کی سیاہی اور اپنے علم کی انتہا اور اپنی نشانیوں کے برابر درود بھیج۔ اے اللہ! ان سب پر

صَلٰوةَ الْمُصَلِّيْنَ عَلَيْهِمْ مِنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ كَفَضْلِكَ عَلٰى

ایسا درود بھیج جو تیری مخلوق سے تمام درود پڑھنے والوں پر اسی طرح فوقیت و فضیلت رکھتا

جَمِيْعِ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِمْ صَلٰوةً دَائِمَةً مُسْتَمِرَّةَ

ہو جس طرح تو اپنی ساری مخلوق پر افضل ہے۔ اے اللہ! ان پر ایسا درود بھیج

الدَّوَامِ عَلٰى مَرِّ اللَّيَالِيْ وَالْاَيَّامِ مُتَّصِلَةَ الدَّوَامِ لَا انْقِضَاءَ

جو دائمی ہو اور جس کا دوام لیل و نہار کی گردش کے ساتھ جاری رہنے والا ہو اور اس کا دوام متصل ہو

لَهَا وَلَا انْصِرَامَ عَلٰى مَرِّ اللَّيَالِيْ وَالْاَيَّامِ عَدَدَ كُلِّ وَابِلٍ وَّطَلٍّ

گردش لیل و نہار کے ساتھ جس کی نہ کوئی انتہا ہو اور نہ کوئی انقطاع اور جس کی تعداد

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ نَبِيِّكَ وَ(سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ

بارش اور شبنم کے ہر قطرے کے برابر ہو۔ اے اللہ تیرے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور تیرے خلیل

وَعَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَآئِكَ وَاَصْفِيَآئِكَ مِنْ اَهْلِ اَرْضِكَ وَسَمَآئِكَ

ابراہیم (علیہ السلام) پر اور تیرے تمام نبیوں پر اور تیرے زمین و آسمان والوں میں تیرے

عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَآءَ نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ

برگزیدہ بندوں پر تیری مخلوق کی تعداد اور تیری ذات کی خوشنودی کے برابر اور تیرے عرش کے وزن

كَلِمَاتِكَ وَمُنْتَهٰى عِلْمِكَ وَزِنَةَ جَمِيْعِ مَخْلُوْقَاتِكَ صَلٰوةً

اور تیرے کلمات کی سیاہی اور تیرے علم کی انتہا اور تیرے جملہ مخلوقات کے وزن کے برابر درود بھیج

مُكَرَّرَةً اَبَدًا عَدَدَ مَا اَحْصٰى عِلْمُكَ وَمِلْءَ مَا اَحْصٰى عِلْمُكَ

ایسا درود جو بار بار اور ہمیشہ ہمیشہ بھیجا جائے اور جس کی گنتی تیرے احاطۂ علم میں موجود چیزوں کی

وَاَضْعَافَ مَا اَحْصٰى عِلْمُكَ صَلٰوةً تَزِيْدُ وَتَفُوْقُ وَتَفْضُلُ

گنتی اور مقدار کے برابر بلکہ ان سے کئی گنا زیادہ ہو ایسا درود جو بڑھتا رہے اور بلند ہوتا رہے

صَلوٰۃَ الْمُصَلِّیْنَ عَلَیْھِمْ مِنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِیْنَ کَفَضْلِكَ عَلٰی

اور آپ پر ساری مخلوق کی طرف سے بھیجے جانے والے درود سے کبھی ایسا ہی برتر ہو جیسا کہ تو

جَمِیْعِ خَلْقِكَ ۝ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ لَزِمَ مِلَّۃَ نَبِیِّكَ (سَیِّدِنَا)

سب مخلوق پر برتر ہے۔ اے اللہ! مجھے ان لوگوں سے بنادے جنھوں نے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَظَّمَ حُرْمَتَہٗ وَاَعَزَّ

کے دین کو مضبوطی سے پکڑ لیا اور آپ کے مرتبہ کی عظمت کی، آپ کے

کَلِمَتَہٗ وَحَفِظَ عَھْدَہٗ وَذِمَّتَہٗ وَنَصَرَ حِزْبَہٗ وَدَعْوَتَہٗ

فرمان کی عزت کی، آپ سے کئے گئے عہد و پیماں کی حفاظت کی، آپ کی جماعت دعوت کی مدد کی

وَکَثَّرَ تَابِعِیْہِ وَفِرْقَتَہٗ وَوَافٰی زُمْرَتَہٗ وَلَمْ یُخَالِفْ سَبِیْلَہٗ

آپ کے پیروؤں اور گروہ کی تعداد میں اضافہ کیا، آپ کے زمرہ سے وفاداری کی اور آپ کے طریقہ

وَسُنَّتَہٗ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْاِسْتِمْسَاكَ بِسُنَّتِہٖ وَ

اور سنت کی مخالفت نہیں کی۔ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے آپکی سنت کو مضبوطی سے پکڑنے کی توفیق

اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْاِنْحِرَافِ عَمَّا جَآءَ بِہٖ ۝ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

مانگتا ہوں اور آپ کی لائی ہوئی سب چیزوں سے منہ موڑنے سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اے اللہ! میں تجھ سے

مِنْ خَیْرِ مَا سَئَلَكَ مِنْہُ (سَیِّدُنَا) مُحَمَّدٌ نَبِیُّكَ وَرَسُوْلُكَ

وہ بھلائی مانگتا ہوں جس کا تیرے نبی و رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تجھ سے سوال

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ

کیا تھا اور میں اس شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں جس سے

مِنْہُ (سَیِّدُنَا) مُحَمَّدٌ نَبِیُّكَ وَرَسُوْلُكَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

تیرے نبی و رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تیری پناہ مانگی تھی۔

اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنْ شَرِّ الْفِتَنِ وَعَافِنِیْ مِنْ جَمِیْعِ الْمِحَنِ

اے اللہ! تو مجھے فتنوں کے شر سے بچا اور ساری رنجشوں سے مجھے محفوظ رکھ

وَاَصْلِحْ مِنِّيْ مَا ظَهَرَ وَمَا بَطَنَ وَنَقِّ قَلْبِيْ مِنَ الْحِقْدِ وَ

اور میرے ظاہر و باطن کو سنوار دے اور میرے دل کو کینہ و حسد سے پاک

الْحَسَدِ وَلَا تَجْعَلْ عَلَيَّ تَبَاعَةً لِاَحَدٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

کردے اور مجھ کو کسی کے لئے تاوان کا موجب نہ بنا۔ اے اللہ! میں تجھ سے توفیق مانگتا ہوں

الْاَخْذَ بِاَحْسَنِ مَا تَعْلَمُ وَالتَّرْكَ لِسَيِّئِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْئَلُكَ

کہ ایسا بہترین کام کروں جسے تو جانتا ہے اور ایسی برائی کو ترک کروں جسے تو جانتا ہے نیز میں تجھ سے

التَّكَفُّلَ بِالرِّزْقِ وَالزُّهْدَ فِي الْكَفَافِ وَالْمَخْرَجَ بِالْبَيَانِ

رزق میں کفالت کی، گزارہ میں زہد کی، ہر شبہ سے حق کے

مِنْ كُلِّ شُبْهَةٍ وَالْفَلْجَ بِالصَّوَابِ فِيْ كُلِّ حُجَّةٍ وَالْعَدْلَ

ساتھ نکلنے کی، ہر حجت میں صحت مند کامیابی کی، غصہ و

فِي الْغَضَبِ وَالرِّضٰى وَالتَّسْلِيْمَ لِمَا يَجْرِيْ بِهِ الْقَضَاءُ وَ

خوشنودی میں میانہ روی کی، قضا کے آگے سر تسلیم خم کرنے کی،

الْاِقْتِصَادَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنٰى وَالتَّوَاضُعَ فِي الْقَوْلِ وَالْفِعْلِ

افلاس و تونگری میں سلامت روی کی، قول و فعل میں تواضع کی اور

وَالصِّدْقَ فِي الْجِدِّ وَالْهَزْلِ اَللّٰهُمَّ اِنَّ لِيْ ذُنُوْبًا فِيْمَا بَيْنِيْ وَ

ہر سنجیدہ و مزاح بات میں سچائی کی توفیق مانگتا ہوں۔ اے اللہ! میرے کئی گناہ ایسے

بَيْنَكَ وَذُنُوْبًا فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ مَا كَانَ لَكَ

ہیں جو میرے اور تیرے درمیان ہیں اور کئی گناہ میرے اور تیری مخلوق کے درمیان ہیں۔ اے اللہ!

مِنْهَا فَاغْفِرْهُ وَمَا كَانَ مِنْهَا لِخَلْقِكَ فَتَحَمَّلْهُ عَنِّيْ وَاَغْنِنِيْ

جو جو گناہ تیرے سے متعلق ہیں انہیں بخش دے اور جو جو گناہ تیری مخلوق سے متعلق ہیں ان کا بوجھ مجھ سے اٹھالے

بِفَضْلِكَ اِنَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِالْعِلْمِ قَلْبِيْ وَاسْتَعْمِلْ

اور تیرے فضل سے مجھے مالا مال کردے بیشک تو بڑی وسیع مغفرت والا ہے۔ اے اللہ! میرے دل کو علم کی روشنی سے منور

بِطَاعَتِكَ بَدَنِيْ وَخَلِّصْ مِنَ الْفِتَنِ سِرِّيْ وَاشْغَلْ

کردے اور تیری اطاعت کا کام لے اور میرے باطن کو تمام فتنوں سے پاک کردے میری فکر کو عبرت حاصل کرنے

بِالْاِعْتِبَارِ فِكْرِيْ وَقِنِيْ شَرَّ وَسَاوِسِ الشَّيْطَانِ وَاَجِرْنِيْ

میں مشغول کردے اور شیطان کے وسوسوں کے شر سے مجھے بچا اور اے رحمٰن! مجھے تو اس سے اس قدر

مِنْهُ يَا رَحْمٰنُ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ لَهٗ عَلَيَّ سُلْطَانٌ ٥

اپنی پناہ میں لے لے کہ مجھ پر اس کا کچھ زور نہ چل سکے۔

اَلْحِزْبُ الثَّانِيْ فِيْ يَوْمِ الثُّلَاثَا

دوسرا حزب برائے سہ شنبہ

(سہ شنبہ کو یہاں سے شروع کیا جائے)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ

اے اللہ! میں تجھ سے ہر وہ بھلائی مانگتا ہوں جسے تو جانتا ہے اور ہر اس برائی سے تیری پناہ مانگتا ہوں

مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ مِنْ كُلِّ مَا تَعْلَمُ اِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَا نَعْلَمُ

جسے تو جانتا ہے اور تجھ سے ان تمام گناہوں کی بخشش مانگتا ہوں جنہیں تو جانتا ہے بیشک تو ہی جانتا ہے اور ہم نہیں جانتے

وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ٥ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ مِنْ زَمَانِيْ هٰذَا

اور تو تمام غیبی باتوں کو خوب جاننے والا ہے۔ اے اللہ! میرے اس دور کے فتنوں کی گردش سے

وَاِحْدَاقِ الْفِتَنِ وَتَطَاوُلِ اَهْلِ الْجُرْاَةِ عَلَيَّ وَاسْتِضْعَافِهِمْ

مجھ پر دلیروں کی زیادتی سے اور مجھ کو ان کے کمزور سمجھنے سے (بچا کر) مجھ پر

اِیَّایَ ۝ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنْکَ فِیْ عِیَاذٍ مَّنِیْعٍ وَّحِرْزٍ

رحم فرما۔ اے اللہ! تو اپنی قوی پناہ اور مضبوط قلعہ میں مجھ کو اپنی مخلوق

حَصِیْنٍ مِّنْ جَمِیْعِ خَلْقِکَ حَتّٰی تُبَلِّغَنِیْ اَجَلِیْ مُعَافٰی ۝

کے شر سے (محفوظ) کر دے یہاں تک کہ تو، مجھے عافیت کے ساتھ میری موت سے ہمکنار کردے

(دوشنبہ کو مُعافٰی پر ختم کیا جائے)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر ان لوگوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جنہوں نے

عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ

آپ پر درود بھیجا نیز محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر ان لوگوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جو

لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ کَمَا

آپ پر درود نہیں بھیجتے نیز محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر ایسا درود بھیج جیسا کہ آپ پر

تَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ کَمَا

درود بھیجنا چاہئے نیز محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر ایسا درود بھیج جیسا کہ

تَجِبُ الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

آپ پر درود بھیجنا واجب ہے نیز محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر ایسا درود بھیج

کَمَا اَمَرْتَ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ (سَیِّدِنَا)

جیسا کہ تو نے آپ پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے۔ نیز محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ نُوْرُہٗ مِنْ نُّوْرِ الْاَنْوَارِ وَاَشْرَقَ بِشُعَاعِ سِرِّہٖ

بھیج کہ آپ کا نور سارے نوروں کا سرچشمہ ہے اور آپ کے راز کی شعاع سے سارے اسرار

الْاَسْرَارُ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

روشن ہوئے اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر اور

وَعَلٰٓی اَھْلِ بَیْتِہِ الْاَبْرَارِ اَجْمَعِیْنَ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

اور آپ کے تمام نیک اہل بیت پر درود بھیج ۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آپ کی

اٰلِہٖ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعَرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ

آل پر درود بھیج جو تیرے انوار کا سمندر، تیرے اسرار کی کان، تیری محبت کی زبان، تیری مملکت کے مسند نشین

وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ وَخَاتَمِ اَنْبِيَآئِكَ صَلٰوةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ وَتَبْقٰی

تیری بارگاہ کے امام اور تیرے نبیوں کے خاتم ہیں ۔ ایسا درود جو تیرے دوام تک دائم اور تیری بقا

بِبَقَآئِكَ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰی بِهَا عَنَّا يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ رَبَّ

تک باقی رہے اور اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے! ایسا درود جو ہم سے تجھ کو اور آپ کو راضی کر دے

الْحِلِّ وَالْحَرَامِ وَرَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَرَبَّ الْبَيْتِ الْحَرَامِ وَرَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ

اے اللہ! اے حل اور حرم کے پروردگار، مشعر حرام کے پروردگار، بیت الحرام کے پروردگار، رکن اور مقام ابراہیم

اَبْلِغْ لِسَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مِّنَّا السَّلَامَ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا

کے پروردگار، ہمارے سردار و آقا کی خدمت میں ہمارا سلام پہنچا ۔ اے اللہ! ہمارے سرور و آقا

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جو اگلوں اور پچھلوں کے سردار ہیں ۔ اے اللہ ہمارے سردار و آقا

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ فِیْ كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا وَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ہر وقت اور ہر لمحہ درود بھیج ۔ اے اللہ ہمارے سردار و آقا

مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر قیامت تک اعلیٰ فرشتوں کی محفل میں درود بھیج ۔ اے اللہ! ہمارے

سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ حَتّٰی تَرِثَ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَ

سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج یہاں تک کہ تو زمین اور اس پر موجود سب کچھ کا وارث

اَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰٓی اٰلِ

بنے اور تو ہی بہترین وارث ہے ۔ اے اللہ! نبی امی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور

(سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَبَارِكْ عَلٰى

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) پر درود بھیجا بےشک تو بڑی تعریف اور بزرگی

(سَيِّدِنَا) مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ

والا ہے اور نبی امی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر برکت فرما جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) پر برکت فرمائی بےشک تو بڑی

مَّجِيْدٌ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تعریف و بزرگی والا ہے اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر ان چیزوں کی

عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَجَرٰى بِهٖ قَلَمُكَ وَسَبَقَتْ بِهٖ

تعداد کے برابر درود بھیج جو تیرے احاطہ علم میں ہیں۔ تیرے قلم سے لکھے گئے اور تیری مشیت سے سابق ہو چکے

مَشِيْئَتُكَ وَصَلَّتْ عَلَيْهِ مَلٰئِكَتُكَ صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ بَاقِيَةً

اور تیرے فرشتوں نے آپ پر جو درود پڑھے، وہ درود جو تیرے دوام کے ساتھ دائم اور تیرے فضل

بِفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ اِلٰى اَبَدِ الْاَبَدِ اَبَدًا لَّا نِهَايَةَ لِاَبَدِيَّتِهٖ وَلَا

و احسان کے ساتھ ابدالآباد تک اس طرح باقی رہے کہ جس کی بداہت کی انتہا نہ ہو اور

فَنَاءَ لِدَيْمُوْمِيَّتِهٖ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

جس کے دوام کو فنا نہ ہو۔ اے اللہ سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر ان چیزوں کی تعداد

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَاَحْصَاهُ كِتَابُكَ وَشَهِدَتْ

کے برابر درود بھیج جو تیرے احاطہ علم میں ہیں، تیری کتاب نے جن کا شمار کیا اور تیرے

بِهٖ مَلٰئِكَتُكَ وَارْضَ عَنْ اَصْحَابِهٖ وَارْحَمْ اُمَّتَهٗ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

فرشتوں نے جن کی گواہی دی اور آپ کے اصحاب سے راضی ہو جا اور آپ کی امت پر رحم فرما بےشک تو بڑی تعریف

○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى جَمِيْعِ

و بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

اَصْحَابِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا)

کے تمام صحابہ پر درود بھیج۔ اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ اَللّٰهُمَّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

درود بھیج جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) پر درود بھیجا نیز اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

وَّعَلٰٓى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ (سَيِّدِنَا)

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر برکت فرما جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام)

اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

کی آل پر سارے جہانوں میں برکت فرمائی بے شک تو بڑی تعریف و بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! ہمارے سردار و آقا

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ان چیزوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جو تیرے احاطہ علم میں ہیں۔ اے اللہ!

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَحْصَاهُ كِتَابُكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

ہمارے سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ان چیزوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جن کو تیری کتاب نے شمار کیا۔ اے اللہ! ہمارے سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

مَا نَفَذَتْ بِهٖ قُدْرَتُكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا

پر ان چیزوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جو تیری قدرت سے نافذ ہو چکی ہیں۔ اے اللہ! ہمارے سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

خَصَّصَتْهُ اِرَادَتُكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا

ان چیزوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جن کو تیرے ارادے نے خاص کر دیا ہے! اے اللہ! ہمارے سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

تَوَجَّهَ اِلَيْهِ اَمْرُكَ وَنَهْيُكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

ان چیزوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جن کی طرف تیرے امر و نہی متوجہ ہوئے۔ اے اللہ! ہمارے سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا وَسِعَهٗ سَمْعُكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ

ان چیزوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جو تیری سماعت کی وسعت میں ہیں۔ اے اللہ! ہمارے سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ بَصَرُكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ان چیزوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جو تیری بصارت کے احاطہ میں ہیں۔ اے اللہ! ہمارے سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر آپ کو یاد کرنے والوں کی تعداد کے برابر درود بھیج۔ اے اللہ! ہمارے سردار و آقا

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر آپ کی یاد سے غافل رہنے والوں کی تعداد کے برابر درود بھیج - اے اللہ!

عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ قَطْرِ الْاَمْطَارِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ہمارے سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر بارش کے قطروں کی تعداد کے برابر درود بھیج - اے اللہ! ہمارے

سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

سردار آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درختوں کے پتوں کی تعداد کے برابر درود بھیج - اے اللہ! ہمارے

سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ دَوَآبِّ الْقِفَارِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر جنگلوں کے جانوروں کی تعداد کے برابر درود بھیج - اے اللہ! ہمارے سردار و آقا

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ دَوَآبِّ الْبِحَارِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر دریاؤں کے جانوروں کی تعداد کے برابر درود بھیج - اے اللہ! ہمارے سردار و آقا

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مِيَاهِ الْبِحَارِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر دریاؤں کے پانی (کے قطروں) کی تعداد کے برابر درود بھیج - اے اللہ! ہمارے سردار و آقا

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَاَضَآءَ عَلَيْهِ النَّهَارُ ۝ اَللّٰهُمَّ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ان چیزوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جن پر رات کا سایہ اور دن کا اجالا ہو - اے اللہ!

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۝ اَللّٰهُمَّ

ہمارے سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ہر صبح اور ہر شام درود بھیج - اے اللہ!

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرِّمَالِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ہمارے سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ریت کے ذروں کی تعداد کے برابر درود بھیج - اے اللہ! ہمارے

سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ النِّسَآءِ وَالرِّجَالِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر عورتوں اور مردوں کی تعداد کے برابر درود بھیج - اے اللہ! ہمارے

عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ رِضَآءَ نَفْسِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیری ذات کی خوشنودی کے برابر درود بھیج - اے اللہ! ہمارے

سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مِدَادَ كَلِمَاتِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیرے کلمات کی سیاہی کے برابر درود بھیج - اے اللہ ہمارے سردار و آقا

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مِلْءَ سَمٰوٰتِكَ وَاَرْضِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیرے آسمانوں اور زمین کی مقدار بھر درود بھیج - اے اللہ ہمارے سردار و آقا

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ زِنَةَ عَرْشِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیرے عرش کے وزن کے برابر درود بھیج - اے اللہ! ہمارے سردار و آقا

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَخْلُوْقَاتِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیری مخلوقات کی تعداد کے برابر درود بھیج - اے اللہ! ہمارے سردار و آقا

مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نَبِيِّ الرَّحْمَةِ ۝

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیرے افضل درود بھیج - اے اللہ! رحمت والے نبی پر درود بھیج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى شَفِيْعِ الْاُمَّةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى كَاشِفِ الْغُمَّةِ ۝

اے اللہ! امت کی شفاعت کرنے والے پر درود بھیج - اے اللہ! دکھ درد دور کرنے والے پر درود بھیج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُجْلِي الظُّلْمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُوْلِي النِّعْمَةِ ۝

اے اللہ! اندھیرے کو روشن کرنے والے پر درود بھیج - اے اللہ! نعمت عطا کرنے والے پر درود بھیج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُؤْتِي الرَّحْمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْحَوْضِ

اے اللہ! رحمت دینے والے پر درود بھیج - اے اللہ! حوض (کوثر) والے پر درود بھیج جس پر

الْمَوْرُوْدِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ساری امت آپہنچے گی - اے اللہ! مقام محمود والے پر درود بھیج - اے اللہ! بندھا ہوا

صَاحِبِ اللِّوَاءِ الْمَعْقُوْدِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْمَكَانِ

پرچم اٹھانے والے پر درود بھیج - اے اللہ! مکانِ مشہود والے پر درود بھیج

الْمَشْهُوْدِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْمَوْصُوْفِ بِالْكَرَمِ وَالْجُوْدِ ۝

اے اللہ! کرم اور سخاوت کی صفت والے پر درود بھیج -

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ هُوَ فِى السَّمَآءِ مَحْمُوْدٌ وَّفِى الْاَرْضِ (سَيِّدُنَا)

اے اللہ! ان پر درود بھیج جو آسمان میں محمود کے نام سے اور زمین میں محمد

مُحَمَّدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الشَّامَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ

(صلی اللہ علیہ وسلم) کے نام سے مشہور ہیں۔ اے اللہ! مہر نبوت کی نشانی والے پر درود بھیج۔ اے اللہ!

الْعَلَامَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْمَوْصُوْفِ بِالْكَرَامَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

نشانی والے پر درود بھیج۔ اے اللہ! ان پر درود بھیج جو بزرگی کی صفت والے ہیں

عَلَى الْمَخْصُوْصِ بِالزَّعَامَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ كَانَ تُظِلُّهُ

اے اللہ! اُن پر درود بھیج جو قیادت کے ساتھ مخصوص ہیں۔ اے اللہ ان پر درود بھیج جن پر

الْغَمَامَةُ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ كَانَ يَرٰى مِنْ خَلْفِهٖ كَمَا يَرٰى

بادل سایہ کرتے تھے۔ اے اللہ! ان پر درود بھیج جو پیچھے جس طرح دیکھتے تھے وہ سامنے بھی اسی طرح

مِنْ اَمَامِهٖ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الشَّفِيْعِ الْمُشَفَّعِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۝

دیکھتے تھے۔ اے اللہ! ان پر درود بھیج جن کی شفاعت قیامت کے دن مقبول ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الضَّرَاعَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ

اے اللہ! عاجزی کرنے والے پر درود بھیج۔ اے اللہ! شفاعت والے پر

الشَّفَاعَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْوَسِيْلَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

درود بھیج۔ اے اللہ وسیلہ والے پر درود بھیج۔ اے اللہ فضیلت والے پر

صَاحِبِ الْفَضِيْلَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الدَّرَجَةِ الرَّفِيْعَةِ ۝

درود بھیج۔ اے اللہ! بلند درجہ والے پر درود بھیج۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْهِرَاوَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ

اے اللہ! عصاء والے پر درود بھیج۔ اے اللہ! نعلین والے پر درود بھیج۔

النَّعْلَيْنِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْحُجَّةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اے اللہ! حجت والے پر درود بھیج۔ اے اللہ! دلیل والے

صَاحِبِ الْبُرْهَانِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ السُّلْطَانِ ○ اَللّٰهُمَّ

پر درود بھیج - اے اللہ! غلبہ والے پر درود بھیج - اے اللہ!

صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ التَّاجِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْمِعْرَاجِ ○

تاج والے پر درود بھیج - اے اللہ! معراج والے پر درود بھیج -

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْقَضِيْبِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رَاكِبِ

اے اللہ! عصا والے پر درود بھیج - اے اللہ! اونٹنی کے سوار پر درود بھیج -

النَّجِيْبِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رَاكِبِ الْبُرَاقِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُخْتَرِقِ

اے اللہ! براق کے سوار پر درود بھیج - اے اللہ! ساتوں آسمانوں کو چیر کر گزرنے

السَّبْعِ الطِّبَاقِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الشَّفِيْعِ فِيْ جَمِيْعِ الْاَنَامِ ○

والے پر درود بھیج - اے اللہ! تمام مخلوق کے شفاعت کرنے والے پر درود بھیج -

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ سَبَّحَ فِيْ كَفِّهِ الطَّعَامُ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اے اللہ! ان پر درود بھیج جن کی ہتھیلی میں طعام نے تسبیح کی، اے اللہ! ان پر درود بھیج جن کی

مَنْ بَكٰى اِلَيْهِ الْجِذْعُ وَحَنَّ لِفِرَاقِهِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

جدائی میں کھجور کے درخت کے تنے نے رو کر فریاد کی - اے اللہ! ان پر درود بھیج

مَنْ تَوَسَّلَ بِهِ طَيْرُ الْفَلَاةِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ سَبَّحَتْ

جن کو جنگل کے پرندوں نے وسیلہ بنایا - اے اللہ! ان پر درود بھیج جن کی ہتھیلی میں سنگریزوں

فِيْ كَفِّهِ الْحَصَاةُ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ تَشَفَّعَ اِلَيْهِ الظَّبْيُ

نے تسبیح کی - اے اللہ ان پر درود بھیج جن کے حضور ہرنی نے فصیح ترین کلام سے شفاعت کی درخواست

بِاَفْصَحِ كَلَامٍ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ كَلَّمَهُ الضَّبُّ فِيْ

کی - اے اللہ! ان پر درود بھیج جن کے ساتھ صحابۂ کرام کی مجلس میں سوسمار نے گفتگو کی -

مَجْلِسِهِ مَعَ اَصْحَابِهِ الْاَعْلَامِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ

اے اللہ! خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے پر درود بھیج -

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ شَكٰى إِلَيْهِ

اے اللہ! روشن چراغ پر درود بھیج۔ اے اللہ! ان پر درود بھیج جن کے آگے اونٹ نے شکوہ

الْبَعِيْرُ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ تَفَجَّرَ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهِ الْمَاءُ

پیش کیا۔ اے اللہ! ان پر درود بھیج جن کی انگلیوں سے صاف پانی جاری

النَّمِيْرُ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ہوا۔ اے اللہ! طاہر و مطہر پر درود بھیج۔ اے اللہ! انوار بھرے نور

نُوْرِ الْاَنْوَارِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنِ انْشَقَّ لَهُ الْقَمَرُ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

پر درود بھیج۔ اے اللہ! ان پر درود بھیج جن کے لئے چاند دو ٹکڑے ہو گیا۔ اے اللہ!

عَلَى الطَّيِّبِ الْمُطَيَّبِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الرَّسُوْلِ الْمُقَرَّبِ ۝ اَللّٰهُمَّ

ان پر درود بھیج جو خوشبو سے مہکے مہکائے ہوئے ہیں۔ اے اللہ! رسول مقرب پر درود بھیج

صَلِّ عَلَى الْفَجْرِ السَّاطِعِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى النَّجْمِ الثَّاقِبِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اے اللہ! اس صبح پر درود بھیج جو اجالا پھیلانے والی ہے۔ اے اللہ! چمکدار ستارہ پر درود بھیج۔

عَلَى الْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نَذِيْرِ اَهْلِ الْاَرْضِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اے اللہ! مضبوط دستاویز پر درود بھیج۔ اے اللہ! زمین والوں کو ڈرانے والے پر درود بھیج۔

عَلَى الشَّفِيْعِ يَوْمَ الْعَرْضِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى السَّاقِيْ لِلنَّاسِ مِنَ

اے اللہ قیامت کے دن شفاعت کرنے والے پر درود بھیج۔ اے اللہ! حوض کوثر سے لوگوں کو سیراب کرنے والے

الْحَوْضِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ لِوَاءِ الْحَمْدِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

پر درود بھیج۔ اے اللہ! حمد کا پرچم اٹھانے والے پر درود بھیج۔ اے اللہ! کوشش کے بازو

الْمُشَمِّرِ عَنْ سَاعِدِ الْجِدِّ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْمُسْتَعْمِلِ فِيْ مَرْضَاتِكَ

سے آستین چڑھانے والے پر درود بھیج۔ اے اللہ! تیری خوشنودی حاصل کرنے اپنی پوری توانائی

غَايَةَ الْجُهْدِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى النَّبِيِّ الْخَاتَمِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الرَّسُوْلِ

استعمال کرنے والے پر درود بھیج۔ اے اللہ! نبی خاتم پر درود بھیج۔ اے اللہ! رسول خاتم پر درود

الْخَاتِمِ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْمُصْطَفَى الْقَائِمِ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رَسُوْلِكَ اَبِي

بھیج - اے اللہ! اس برگزیدہ پر درود بھیج جو ثابت قدم ہے - اے اللہ! تیرے رسول ابو القاسم پر

الْقَاسِمِ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْاٰيَاتِ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ

درود بھیج - اے اللہ (نبوت کی) نشانیوں والے پر درود بھیج - اے اللہ رہنمائیوں والے پر درود

الدَّلَالَاتِ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْاِشَارَاتِ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

بھیج - اے اللہ اشارات والے پر درود بھیج - اے اللہ! کرامات والے پر

صَاحِبِ الْكَرَامَاتِ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْعَلَامَاتِ ۝ اللّٰهُمَّ

درود بھیج - اے اللہ! علامات والے پر درود بھیج - اے اللہ!

صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْبَيِّنَاتِ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْمُعْجِزَاتِ ۝

روشن دلیلوں والے پر درود بھیج - اے اللہ! معجزات والے پر درود بھیج -

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْخَوَارِقِ الْعَادَاتِ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ سَلَّمَتْ

اے اللہ! ان پر درود بھیج جنکے افعال عادات کے خلاف ہیں - اے اللہ! ان پر درود بھیج جن پر پتھروں

عَلَيْهِ الْاَحْجَارُ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ سَجَدَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ الْاَشْجَارُ ۝

نے سلام کہا - اے اللہ! ان پر درود بھیج جن کے آگے درختوں نے سجدہ کیا -

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ تَفَتَّقَتْ مِنْ نُوْرِهِ الْاَزْهَارُ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ

اے اللہ! ان پر درود بھیج جن کے نور سے پھول کھلے - اے اللہ! ان پر درود بھیج

طَابَتْ بِبَرَكَتِهِ الثِّمَارُ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنِ اخْضَرَّتْ مِنْ بَقِيَّةِ

جن کی برکت سے میوے شاداب ہو گئے - اے اللہ! ان پر درود بھیج جن کے وضو سے بچے ہوئے

وَضُوْئِهِ الْاَشْجَارُ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ فَاضَتْ مِنْ نُوْرِهِ جَمِيْعُ

پانی سے درخت سرسبز ہو گئے - اے اللہ! ان پر درود بھیج جن کے نور کی بدولت سارے

الْاَنْوَارُ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ تُحَطُّ الْاَوْزَارُ ۝ اللّٰهُمَّ

انوار ظاہر ہوئے - اے اللہ! ان پر درود بھیج جن پر درود بھیجنے کے طفیل گناہ گرا دیئے جاتے ہیں اے اللہ!

صَلِّ عَلٰی مَنْ بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ تُنَالُ مَنَازِلُ الْاَبْرَارِ ؕ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

ان پر درود بھیج جن پر درود بھیجنے کے طفیل نیک لوگوں کے مرتبے حاصل ہوتے ہیں۔ اے اللہ! ان پر درود

مَنْ بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ یُرْحَمُ الْکِبَارُ وَالصِّغَارُ ؕ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ

بھیج جن پر درود بھیجنے کے طفیل بڑوں اور چھوٹوں پر رحم کیا جاتا ہے۔ اے اللہ! ان پر درود بھیج

بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ نَتَنَعَّمُ فِیْ ھٰذِہِ الدَّارِ وَفِیْ تِلْکَ الدَّارِ ؕ اَللّٰھُمَّ

جن پر درود بھیجنے کے طفیل ہم اس دنیا اور اس آخرت میں نعمتوں سے مالا مال ہوں گے۔ اے اللہ!

صَلِّ عَلٰی مَنْ بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ تُنَالُ رَحْمَۃُ الْعَزِیْزِ الْغَفَّارِ ؕ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

ان پر درود بھیج جن پر درود بھیجنے کے طفیل خدائے عزیز و غفار کی رحمت نصیب ہوتی ہے۔ اے اللہ! ان پر

الْمَنْصُوْرِ الْمُؤَیَّدِ ؕ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْمُخْتَارِ الْمُمَجَّدِ ؕ اَللّٰھُمَّ

درود بھیج جنہیں نصرت و تائید (الہی) حاصل ہے۔ اے اللہ! ان پر درود بھیج جنہیں برگزیدگی و بزرگی حاصل ہے

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ ؕ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ کَانَ

اے اللہ ہمارے سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج۔ اے اللہ! ان پر درود بھیج کہ جب

اِذَا مَشٰی فِی الْبَرِّ الْاَقْفَرِ تَعَلَّقَتِ الْوُحُوْشُ بِاَذْیَالِہٖ ؕ

وہ کھلے میدان میں چلتے تھے تو درندے ان کے دامن سے لپٹ جاتے تھے۔ اے اللہ!

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا ؕ

آپ پر اور آپ کی آل و اصحاب پر درود اور خوب سلام بھیج۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ؕ

اور ساری تعریف اللہ کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی حِلْمِہٖ بَعْدَ عِلْمِہٖ وَعَلٰی عَفْوِہٖ بَعْدَ قُدْرَتِہٖ ؕ

اللہ کے لئے اسکے علم کے باوجود اس کے حلم پر اور اس کی قدرت کے باوجود اسکی بخشش پر تمام تعریف ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفَقْرِ اِلَّا اِلَیْکَ وَمِنَ الذُّلِّ اِلَّا

اے اللہ! بے شک میں پناہ مانگتا ہوں فقر سے سوائے اس کے کہ وہ تیری طرف سے ہو، اور ذلت سے

لَكَ وَمِنَ الْخَوْفِ اِلَّا مِنْكَ وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اَقُوْلَ زُوْرًا

سوائے اس کے کہ وہ تیرے واسطے ہو اور خوف سے سوائے اسکے کہ وہ تیرے سے ہو۔ نیز جھوٹ بولنے سے

اَوْاَغْشٰى فُجُوْرًا اَوْاَكُوْنَ بِكَ مَغْرُوْرًا وَاَعُوْذُبِكَ

یا نافرمانی کرنے سے یا تیرے ساتھ مغرور ہو جانے سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں اور میرے رنج پر

مِنْ شَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ وَعُضَالِ الدَّآءِ وَخَيْبَةِ الرَّجَآءِ

دشمنوں کے خوش ہونے سے، لاعلاج بیماری سے، امید کے بر نہ آنے سے،

وَزَوَالِ النِّعْمَةِ وَفُجَاءَةِ النِّقْمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

نعمت کے زائل ہونے سے اور اچانک عذاب پہنچنے سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اے اللہ!

وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ حَبِيْبَكَ (ثَلٰثًا)

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود و سلام بھیج اور تیرے حبیب کو ہماری پیش کردہ آپکے لائق جزا دے (تین بار)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَاجْزِهٖ عَنَّا

اے اللہ! ہمارے سردار ابراہیم (علیہ السلام) پر درود و سلام بھیج اور تیرے خلیل کو ہماری پیش کردہ آپکے

مَا هُوَ اَهْلُهٗ خَلِيْلَكَ (ثَلٰثًا) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

شایانِ شان جزا دے (تین بار) اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر

وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَرَحِمْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰى

تیری مخلوق کی تعداد کے برابر، تیری ذات کی خوشنودی کے برابر، تیرے عرش کے وزن کے برابر اور تیرے

سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ عَدَدَ خَلْقِكَ

کلمات کی سیاہی کے برابر درود بھیج جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) پر تمام جہانوں میں درود، رحمت

وَرِضَاءَ نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ اَللّٰهُمَّ

اور برکت بھیجی بے شک تو بڑی تعریف اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ان لوگوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جنہوں نے آپ پر درود بھیجا۔ اے اللہ! ہمارے سردار

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ان لوگوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جنہوں نے آپ پر درود نہیں بھیجا - اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا صُلِّيَ عَلَيْهِ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر، آپ پر بھیجے گئے درودوں کی تعداد میں درود بھیج - اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر آپ پر بھیجے گئے

مُحَمَّدٍ اَضْعَافَ مَا صُلِّيَ عَلَيْهِ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

درودوں سے کئی گنا تعداد میں درود بھیج - اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ ۝ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ

آپ کے لائق درود بھیج - اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایسا درود بھیج جیسے تو دوست

وَتَرْضٰى لَهٗ ۝

رکھتا ہے اور جیسے آپ کیلئے تو پسند کرتا ہے

(سہ شنبہ کو یہاں پر ختم کیا جائے)

اَلْحِزْبُ الثَّالِثُ فِيْ يَوْمِ الْاَرْبِعَاءِ

تیسرا حزب برائے چہار شنبہ

(چہار شنبہ کو یہاں سے شروع کیا جائے)

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْاَرْوَاحِ وَعَلٰى جَسَدِهٖ

اے اللہ! تمام روحوں میں ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی روح پر اور تمام جسموں میں

فِي الْاَجْسَادِ وَعَلٰى قَبْرِهٖ فِي الْقُبُوْرِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

آپ کے جسم پر اور تمام قبروں میں آپ کی قبر پر اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر درود و سلام بھیج

وَسَلِّمْ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ ۝

اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جب کہ یاد کرنے والے آپ کو یاد کریں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ۝

اے اللہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جبکہ آپ کی یاد سے غافل رہنے والے غافل رہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاَزْوَاجِهٖ

اے اللہ ہمارے سردار نبی امی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ کی ازواج پر جو مومنوں کی مائیں ہیں

اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ صَلٰوةً وَّسَلَامًا

اور آپ کی ذریت و اہل بیت پر درود و سلام بھیج ایسا درود و سلام کہ نہ ان کی تعداد

لَا يُحْصٰى عَدَدُهُمَا وَلَا يُقْطَعُ مَدَدُهُمَا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

گنی جا سکے اور نہ ان کی زیادتی ختم ہونے پائے اے اللہ!

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَاَحْصَاهُ

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ان چیزوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جو تیرے احاطہ علم

كِتَابُكَ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضًى وَّلِحَقِّهٖ اَدَاءً وَّاَعْطِهِ

میں ہوں اور تیری کتاب نے جن کی گنتی کی ہو، ایسا درود جس سے تیری خوشنودی اور آپ کا حق ادا ہو اور آپ کو

الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ اللّٰهُمَّ

وسیلہ اور فضیلت اور بلند درجہ عطا فرما اور اے اللہ آپ کو اس مقام محمود پر فائز فرما

الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ

جس کا تو نے وعدہ کیا اور ہماری طرف سے آپ کے لائق جزا دے

وَعَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَ

اور نبیوں، صدیقوں، شہیدوں اور صالحوں میں سے آپ کے تمام بھائیوں

الشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پر (درود ہو) اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج

وَاَنْزِلْهُ الْمُنْزَلَ الْمُقَرَّبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور قیامت کے دن آپ کو منزل مقرب میں پہنچا۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

مُحَمَّدٍ ؕ اَللّٰهُمَّ تَوِّجْهُ بِتَاجِ الْعِزِّ وَالرِّضٰى وَالْكَرَامَةِ ؕ اَللّٰهُمَّ

درود بھیج۔ اے اللہ! آپ کو عزت، خوشنودی اور بزرگی کا تاج پہنا۔ اے اللہ ہمارے سردار

اَعْطِ لِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا سَئَلَكَ لِنَفْسِهٖ وَاَعْطِ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اپنے لئے تجھ سے جو مانگا آپ کو اس سے افضل تر عطا فرما۔ اور ہمارے سردار

لِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا سَئَلَكَ لَهٗ اَحَدٌ مِّنْ خَلْقِكَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لئے تیری مخلوق سے کسی نے تجھ سے جو مانگا آپ کو اس سے بزرگ تر عطا فرمایا اور

وَاَعْطِ لِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا اَنْتَ مَسْئُوْلٌ لَهٗ اِلٰى

قیامت کے دن تک جس کا تجھ سے سوال کیا جائے گا اس سے افضل ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو عطا

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ(سَيِّدِنَا) اٰدَمَ

اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آدم اور نوح

وَ(سَيِّدِنَا) نُوْحٍ وَّ(سَيِّدِنَا) اِبْرٰهِيْمَ وَ(سَيِّدِنَا) مُوْسٰى وَ(سَيِّدِنَا)

اور ابراہیم اور موسیٰ اور

عِيْسٰى وَمَا بَيْنَهُمْ مِّنَ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

عیسیٰ (علیہم السلام) اور ان کے درمیان نبیوں اور رسولوں پر درود بھیج ان سب پر

وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ (ثَلٰثًا) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰٓى اَبِيْنَا (سَيِّدِنَا)

اللہ کے درود اور اس کا سلام ہو (تین بار) اے اللہ! ہمارے باپ آدم (علیہ السلام)

اٰدَمَ وَاُمِّنَا (سَيِّدَتِنَا) حَوَّآءَ صَلٰوةَ مَلٰٓئِكَتِكَ وَاَعْطِهِمَا

اور ہماری ماں حوا (علیہا السلام) پر درود بھیج جس طرح تو نے اپنے فرشتوں پر درود بھیجا اور

مِنَ الرِّضْوَانِ حَتّٰى تُرْضِيَهُمَا وَاجْزِهِمَا اَللّٰهُمَّ اَفْضَلَ

ان دونوں کو خوشنودی عطا فرما یہاں تک کہ ان دونوں کو خوش کردے اور اے اللہ!

مَا جَازَيْتَ بِهٖ اَبًا وَّاُمًّا عَنْ وَلَدِيْهِمَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو نے کسی باپ اور ماں کو ان کی اولاد کی طرف سے جو جزا دی ہے اس سے افضل ترین جزا

جِبْرِيْلَ وَ(سَيِّدِنَا) مِيْكَآئِيْلَ وَ(سَيِّدِنَا) اِسْرَافِيْلَ وَ(سَيِّدِنَا)

ان دونوں کو دے۔ اے اللہ! ہمارے سردار جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل اور

عَزْرَآئِيْلَ وَحَمَلَةِ الْعَرْشِ وَعَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ وَالْمُقَرَّبِيْنَ

عزرائیل (علیہم السلام) اور عرش اٹھانے والوں پر اور فرشتوں پر اور مقربوں پر اور

وَعَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ

جملہ نبیوں اور رسولوں پر درود بھیج۔ ان سب پر اللہ کے درود اور اس کا سلام

عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ (ثَلٰثًا) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا

ہو (تین بار)۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ان چیزوں کی تعداد کے برابر

عَلِمْتَ وَمِلْءَ مَا عَلِمْتَ وَزِنَةَ مَا عَلِمْتَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ ۝

جو تیرے علم میں ہے، اس مقدار بھر جو تیرے علم میں ہے، اس وزن برابر جو تیرے علم میں ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً بِالْمَزِيْدِ ۝ اَللّٰهُمَّ

نیز تیرے کلمات کی سیاہی کے برابر درود بھیج ۔ اے اللہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً لَّا تَنْقَطِعُ اَبَدَ الْاٰبَدِ وَلَا

بھیج ایسا درود جو زیادتی کے ساتھ جڑا ہوا ہو۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج ایسا درود

تَبِيْدُ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوتَكَ الَّتِيْ صَلَّيْتَ

جو آخر زمانے تک نہ منقطع ہو اور نہ فنا ہو۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج، تیرا ایسا درود جو تو نے آپ پر بھیجا ہے

عَلَيْهِ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَلَامَكَ الَّذِيْ سَلَّمْتَ

اور ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر سلام بھیج، تیرا ایسا سلام جو تو نے آپ پر بھیجا ہے اور

عَلَيْهِ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ہماری طرف سے آپ کو وہ جزا دے جس کے آپ لائق ہیں۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا وَاجْزِهِ

ایسا درود جو تجھے خوش کر دے اور آپ کو بھی خوش کر دے اور جس کے سبب تو ہم سے راضی ہو جائے اور ہماری طرف سے

عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ

وہ جزا دے جو آپ کے لائق ہو۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جو تیرے انوار کے

اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعَرُوْسِ

سمندر، تیرے اسرار کی کان، تیری محبت کی زبان، تیری مملکت کے

مَمْلَكَتِكَ وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ وَطِرَازِ مُلْكِكَ وَ

مسند نشین، تیری بارگاہ کے امام، تیرے ملک کی زینت، تیری

خَزَائِنِ رَحْمَتِكَ وَطَرِيْقِ شَرِيْعَتِكَ الْمُتَلَذِّذِ بِتَوْحِيْدِكَ

رحمت کے خزانے، تیری شریعت کی راہ، تیری توحید کی لذت سے سرشار

اِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ وَالسَّبَبِ فِيْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ عَيْنِ

وجود کی آنکھ کی پتلی، وجود میں آئی ہر چیز کا سبب اور تیری تجلی ذات کے نور سے

اَعْيَانِ خَلْقِكَ الْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُّوْرِ ضِيَائِكَ صَلٰوةً تَدُوْمُ

تیری مخلوق کے اول ظاہر ہونے والے بزرگوں کی آنکھ ہیں۔ ایسا درود جو

بِدَوَامِكَ وَتَبْقٰى بِبَقَائِكَ لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ

تیرے دوام کے ساتھ دائم رہے اور جو تیری بقا کے ساتھ باقی رہے جس کی تیرے علم کے سوا

صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

انتہا نہ ہو۔ ایسا درود جو تجھے خوش کر دے اور آپ کو خوش کر دے اور اس کے سبب اے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ صَلٰوةً

سارے جہانوں کے پروردگار! تو ہم سے راضی ہو جائے۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ان چیزوں

دَائِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کی تعداد کے برابر درود بھیج جو اللہ کے علم میں ہیں۔ ایسا درود جو اللہ کے ملک کے دوام کے ساتھ ہمیشہ رہے۔ اے اللہ! ہمارے سردار

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جس طرح تو نے ہمارے سردار ابراہیم (علیہ السلام) پر درود بھیجا ہے اور ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر برکت فرما جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر

فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَآءَ

تمام جہانوں میں برکت دی۔ بے شک تو بڑی تعریف اور بزرگی والا ہے۔ (وہ درود) تیری مخلوق کی تعداد

نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَعَدَدَ مَا

اور تیری ذات کی خوشنودی، تیرے عرش کے وزن، تیرے کلمات کی سیاہی کے برابر ہو اور جو زمانہ ماضی

ذَكَرَكَ بِهٖ خَلْقُكَ فِيْمَا مَضٰى وَعَدَدَ مَا هُمْ ذَاكِرُوْنَكَ

میں تیری مخلوق سے تیرا ذکر کرنے والوں کی تعداد

بِهٖ فِيْمَا بَقِىَ فِىْ كُلِّ سَنَةٍ وَّشَهْرٍ وَّجُمُعَةٍ وَّيَوْمٍ وَّ

اور آئندہ تیرا ذکر کرنے والوں کی تعداد کے برابر ہو جو ہر سال، ہر مہینے، ہر جمعہ، ہر دن، ہر رات

لَيْلَةٍ وَّسَاعَةٍ مِّنَ السَّاعَاتِ وَشَمٍّ وَّنَفَسٍ وَّطَرْفَةٍ وَّ

گھڑیوں سے ہر گھڑی، ہر سونگھ، ہر سانس اور آنکھ کی جھپک میں ہو

لَمْحَةٍ مِّنَ الْاَبَدِ اِلَى الْاَبَدِ وَاٰبَادِ الدُّنْيَا وَاٰبَادِ الْاٰخِرَةِ

اور زمانہ کی ابتداء سے آخر تک اور دنیا کے زمانوں، آخرت کے زمانوں میں ہو بلکہ

وَاَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ لَا يَنْقَطِعُ اَوَّلُهٗ وَلَا يَنْفَدُ اٰخِرُهٗ ۝ اَللّٰهُمَّ

اس سے بھی زیادہ کہ نہ اس کی ابتداء منقطع ہو اور نہ اس کی انتہا ختم ہو۔ اے اللہ!

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلٰى قَدْرِ حُبِّكَ فِيْهِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جو آپ سے تیری محبت کے برابر ہو

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلٰى قَدْرِ عِنَايَتِكَ بِهٖ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اے اللہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جو آپ پر تیری عنایت کے برابر ہو۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

مُحَمَّدٍ حَقَّ قَدْرِهٖ وَمِقْدَارِهٖ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پر درود بھیج جو آپ کی قدر و منزلت کے لائق ہو۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج

صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ

ایسا درود کہ اس کے وسیلے سے تو ہمیں تمام خطرات اور آفات سے بچائے اور اس کے وسیلے سے

لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ

ہماری جملہ حاجات پوری فرمادے اور اس کے وسیلے سے تو ہمیں تمام گناہوں سے پاک کردے

وَتَرْفَعُنَا بِهَا اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ

اور اس کے وسیلے سے تو ہمیں بلند درجات سرفراز فرمائے اور اس کے طفیل تو ہمیں انتہائی خواہشات

مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِى الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ ۝ اَللّٰهُمَّ

تک پہنچادے جو زندگی اور موت کی جملہ بھلائیوں سے عبارت ہوں۔ اے اللہ!

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةَ الرِّضٰى وَارْضَ عَنْ اَصْحَابِهٖ

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج ایسا درود جو تیری خوشنودی کا باعث ہوا اور آپ کے

رِضَاءَ الرِّضَا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ

اصحاب سے نہایت خوشنودی کا موجب ہو۔ اے اللہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جن کا نور

نُوْرُهٗ وَرَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَنْ مَّضٰى مِنْ خَلْقِكَ

خلقت میں سب سے اول ہے اور جن کا ظہور سارے جہانوں کے لئے رحمت ہے۔ تیری اس مخلوق کی تعداد

وَمَنْ بَقِيَ وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِيَ صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ

کے برابر درود ہو جو کہ گزر چکی ہے اور جو باقی ہے اور ان میں سے جو نیک بخت ہے اور جو بدبخت ہے

الْعَدَّ وَتُحِيْطُ بِالْحَدِّ صَلٰوةً لَا غَايَةَ لَهَا وَلَا مُنْتَهٰى

ایسا درود جو جملہ تعداد کو گھیر لے اور حد کا احاطہ کرلے، ایسا درود جس کی نہ غایت ہو نہ نہایت اور

وَلَا انْقِضَاءَ صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

نہ اختتام۔ ایسا درود جو تیرے دوام کے ساتھ دائم رہے اور اسی کے مثل آپ کی آل اور آپ کے

وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا مِثْلَ ذٰلِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اصحاب پر خوب سلام بھیج - اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

مُحَمَّدِ نِ الَّذِي مَلَأْتَ قَلْبَهُ مِنْ جَلَالِكَ وَعَيْنَهُ مِنْ

درود بھیج جن کے قلب کو تو نے اپنے جلال سے اور جن کی آنکھ کو تو نے جمال سے

جَمَالِكَ فَأَصْبَحَ فَرِحًا مُؤَيَّدًا مَّنْصُورًا وَّعَلٰى اٰلِهِ وَ

لبریز کر دیا۔ پس وہ خوش، امداد یافتہ اور فتح یاب ہو گئے اور آپ کی آل اور

صَحْبِهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آپ کے اصحاب پر خوب سلام بھیج اور (اس کے) اس فعل پر ساری تعریف اللہ کے لئے ہے

عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ أَوْرَاقِ الزَّيْتُونِ وَ

اے اللہ! ہمارے سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جو زیتون کے پتوں

جَمِيعِ الثِّمَارِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اور تمام پھلوں کی تعداد کے برابر ہو۔ اے اللہ! ہمارے سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

مَا كَانَ وَمَا يَكُونُ وَعَدَدَ مَا أَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَأَضَاءَ

ان واقعات کی تعداد کے برابر درود بھیج جو ہو چکے ہیں جو ہو رہے ہیں اور جو ہوں گے نیز ان چیزوں کی

عَلَيْهِ النَّهَارُ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

تعداد کے برابر جن پر رات کا سایہ اور دن کا اجالا ہو۔ اے اللہ ہمارے سردار آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

وَعَلٰى اٰلِهِ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ عَدَدَ أَنْفَاسِ أُمَّتِهِ ۝

اور آپ کی آل اور آپ کی ازواج اور آپ کی ذریت پر آپ کی امت کی سانسوں کی تعداد کے برابر درود

اَللّٰهُمَّ بِبَرَكَةِ الصَّلٰوةِ عَلَيْهِ اجْعَلْنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ مِنَ

بھیج۔ اے اللہ! آپ پر درود بھیجنے کی برکت سے ہمیں آپ پر درود بھیجنے میں کامیاب لوگوں میں

الْفَائِزِينَ وَعَلٰى حَوْضِهِ مِنَ الْوَارِدِينَ الشَّارِبِينَ

سے بنا اور آپ کے حوض کوثر پر وارد ہو کر شربت پینے والوں میں سے بنا اور آپ کی

وَبِسُنَّتِهٖ وَطَاعَتِهٖ مِنَ الْعَامِلِيْنَ وَلَا تَحُلْ بَيْنَنَا وَ

سنت و طاعت پر عمل کرنے والوں میں سے بنا اور اے سارے جہانوں کے پروردگار!

بَيْنَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدِيْنَا

قیامت کے دن ہمارے اور آپ کے درمیان کوئی چیز حائل نہ فرما اور ہم کو اور ہمارے ماں باپ کو

وَلِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور تمام مسلمانوں کو بخش دے۔ سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود،

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ خَلْقِكَ وَسِرَاجِ اُفُقِكَ وَاَفْضَلِ

سلام اور برکت بھیج وہ تیری مخلوق میں بزرگ ترین ہیں اور تیری افق کے آفتاب ہیں اور تیرے حق کے

قَآئِمٍ بِحَقِّكَ الْمَبْعُوْثِ بِتَيْسِيْرِكَ وَرِفْقِكَ صَلٰوةً

قائم کرنے والوں میں افضل ہیں جو تیری طرف سے آسانی اور نرمی کے ساتھ بھیجے گئے ہیں۔

يَتَوَالٰى تَكْرَارُهَا وَتَلُوْحُ عَلَى الْاَكْوَانِ اَنْوَارُهَا ۝ اَللّٰهُمَّ

ایسا درود جو پے در پے دہرایا جاتا رہے اور جس کے انوار سب مخلوق پر چمکتے رہیں۔ اے اللہ!

صَلِّ وَسَلِّمْ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود، سلام اور برکت

مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ مَمْدُوْحٍ بِقَوْلِكَ وَاَشْرَفِ دَاعٍ

بھیج وہ تو ان سب سے افضل ہیں جنکی تو نے اپنے کلام کے ذریعہ تعریف کی اور ان سب سے اشرف ہیں جنہوں نے تیری رسی کو

لِلْاِعْتِصَامِ بِحَبْلِكَ وَخَاتَمِ اَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ صَلٰوةً

مضبوطی سے پکڑنے کی دعوت دی ہے۔ اور جو تیرے نبیوں اور رسولوں کے خاتم ہیں۔ ایسا درود ہو جو

تُبَلِّغُنَا فِي الدَّارَيْنِ عَمِيْمَ فَضْلِكَ وَكَرَامَةَ رِضْوَانِكَ

ہم کو دونوں جہانوں میں تیرے فضلِ عام تک اور تیری خوشنودی کی کرامت تک اور

وَوَصْلِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تیرے وصال تک پہنچا دے ۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ الْكُرَمَاءِ مِنْ عِبَادِكَ وَ

آل پر درود، سلام اور برکت بھیج وہ تیرے بندوں میں بزرگ ترین لوگوں سے بزرگ ترین اور تیری ہدایت

اَشْرَفِ الْمُنَادِيْنَ لِطُرُقِ رَشَادِكَ وَسِرَاجِ اَقْطَارِكَ

کی راہوں کی طرف پکارنے والوں میں اشرف ہیں اور تیرے ملکوں اور شہروں کے آفتاب ہیں

وَبِلَادِكَ صَلٰوةً لَّا تَفْنٰى وَلَا تَبِيْدُ تُبَلِّغُنَا بِهَا كَرَامَةَ

ایسا درود جو نہ فنا ہو اور نہ ختم ہو، اس کے طفیل ہمیں مزید کرامت تک پہنچا۔

الْمَزِيْدِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود، سلام اور

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الرَّفِيْعِ مَقَامُهُ الْوَاجِبِ تَعْظِيْمُهُ

برکت نازل فرما کہ آپ کا مقام بلند ہے اور آپ کی تعظیم و احترام واجب ہے،

وَاحْتِرَامُهُ صَلٰوةً لَّا تَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّلَا تَفْنٰى سَرْمَدًا

ایسا درود جو نہ کبھی منقطع ہو اور نہ کبھی فنا ہو اور جو بے شمار ہو، اے

وَّلَا تَنْحَصِرُ عَدَدًا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَ

جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

سارے جہانوں میں درود بھیجا، بے شک تو بڑی تعریف اور بزرگی والا ہے۔

وَصَلِّ اللّٰهُمَّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج۔

كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ۝

جب تک آپ کو یاد کرنے والے یاد کریں اور آپ کی یاد سے غافل رہنے والے غافل رہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

وَّارْحَمْ (سَيِّدَنَا) مُحَمَّدًا وَّاٰلَ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر رحمت فرما اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی

عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

آل پر برکت فرما جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) اور

وَرَحِمْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا)

ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر درود، رحمت اور برکت بھیجی، بے شک تو بڑی

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

تعریف و بزرگی والا ہے ۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آپ کی آل پر درود و سلام

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ ۝ اَللّٰهُمَّ

بھیج جو نبی امی، پاک اور پاک کئے ہوئے ہیں۔ اے اللہ! ان پر درود بھیج

صَلِّ عَلٰى مَنْ خَتَمْتَ بِهِ الرِّسَالَةَ وَاَيَّدْتَهٗ بِالنَّصْرِ وَالْكَوْثَرِ وَ

جن پر تو نے رسالت ختم کر دی اور جن کی تو نے اپنی مدد اور کوثر اور شفاعت

الشَّفَاعَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ

سے تائید فرمائی ۔ اے اللہ! ہمارے سردار و آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر آپ کی آل و اصحاب اور آپ کے سیدھے راستے

الْحُكْمِ وَالْحِكْمَةِ السِّرَاجِ الْوَهَّاجِ الْمَخْصُوْصِ بِالْخُلُقِ

پر چلنے والے فرمانبرداروں پر درود بھیج جو حکم اور حکمت والے نبی، روشن چراغ،

الْعَظِيْمِ وَخَتْمِ الرُّسُلِ ذِى الْمِعْرَاجِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

عظیم اخلاق کے ساتھ خاص کئے ہوئے، رسولوں کے خاتم اور معراج والے ہیں۔

وَاتِّبَاعِهِ السَّالِكِيْنَ عَلٰى مَنْهَجِهِ الْقَوِيْمِ فَاَعْظِمِ اللّٰهُمَّ

پس اے اللہ! آپ کے وسیلے سے اسلام کے تاروں کا اور اندھیروں میں ہدایت دینے والے

بِهٖ مِنْهَاجَ نُجُوْمِ الْاِسْلَامِ وَمَصَابِيْحِ الظَّلَامِ الْمُهْتَدٰى

چراغوں کا راستہ، شک کی رات کی تاریکی میں معظم کردے،

بِهِمْ فِيْ ظُلْمَةِ لَيْلِ الشَّكِّ الدَّاجِ صَلٰوةً دَائِمَةً مُسْتَمِرَّةً

ایسا درود جو پے درپے ہمیشہ رہنے والا ہو۔ (یعنی) جب تک کہ سمندروں کی موجوں

مَا تَلَاطَمَتْ فِي الْاَبْحُرِ الْاَمْوَاجُ وَطَافَ بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ

میں تلاطم رہے اور ہر دور دراز سے آنے والے حاجی بیت اللہ کا طواف کرتے رہیں۔

مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ الْحُجَّاجُ وَاَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَالتَّسْلِيْمِ

اور افضل ترین درود وسلام محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ہو جو اللہ کے رسول کریم ہیں

عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ وَصَفْوَتِهٖ مِنَ الْعِبَادِ

اور اس کے بندوں میں چنے ہوئے ہیں اور قیامت میں سب مخلوقات کی شفاعت

وَشَفِيْعِ الْخَلَائِقِ فِي الْمِيْعَادِ صَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ

کرنے والے ہیں۔ مقام محمود والے، وہ حوض والے جس پر سب وارد

وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ النَّاهِضِ بِاَعْبَاءِ الرِّسَالَةِ وَالتَّبْلِيْغِ الْاَعَمِّ

ہوں گے، رسالت اور تبلیغ کے بارگراں کو اٹھانے والے اور اس

وَالْمَخْصُوْصِ بِشَرَفِ السِّعَايَةِ فِي الصَّلَاحِ الْاَعْظَمِ صَلَّى

کوشش کے شرف کے ساتھ مخصوص ہیں جس میں لوگوں کی بڑی بھلائی ہے۔ آپ پر

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً دَائِمَةً مُسْتَمِرَّةَ الدَّوَامِ عَلٰى

اور آپ کی آل پر اللہ کا درود ہو۔ ایسا درود جو دائم رہے اور راتوں اور دنوں

مَرِّ اللَّيَالِيْ وَالْاَيَّامِ فَهُوَ سَيِّدُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ

کے گزرنے پر ہمیشہ جاری رہنے والا ہو۔ پس وہ اگلوں اور پچھلوں کے سردار ہیں۔

وَاَفْضَلُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ عَلَیْهِ اَفْضَلُ صَلٰوةِ

اگلوں اور پچھلوں سے افضل ہیں۔ آپ پر درود بھیجنے والوں کا افضل ترین درود،

الْمُصَلِّیْنَ وَاَزْکٰی سَلَامِ الْمُسَلِّمِیْنَ وَاَطْیَبُ ذِکْرِ

اور سلام بھیجنے والوں کا پاکیزہ ترین سلام، اور ذکر کرنے والوں کا نہایت

الذّٰکِرِیْنَ وَاَفْضَلُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَحْسَنُ صَلَوَاتِ

پاک ذکر ہو نیز اللہ کے افضل درود، اور اللہ کے بہترین درود، اور اللہ

اللّٰهِ وَاَجَلُّ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَجْمَلُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَکْمَلُ صَلَوٰاتِ

کے نہایت جلیل درود، اور اللہ کے نہایت جمیل درود اور اللہ کے کامل ترین درود

اللّٰهِ وَاَسْبَغُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَتَمُّ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَظْهَرُ صَلَوَاتِ

اور اللہ کے وسیع ترین درود، اور اللہ کے مکمل ترین درود، اور اللہ کے روشن ترین درود

اللّٰهِ وَاَعْظَمُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَذْکٰی صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَطْیَبُ

اور اللہ کے عظیم ترین درود، اور اللہ کے روشن ترین درود، اور اللہ کے نہایت پاکیزہ

صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَبْرَکُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَزْکٰی صَلَوَاتِ اللّٰهِ

درود، اور اللہ کے مبارک ترین درود، اور اللہ کے پاکیزہ ترین درود اور

وَاَنْمٰی صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَوْفٰی صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَسْنٰی

اللہ کے ہر آن بڑھنے والے درود اور اللہ کے پورے درود اور اللہ کے

صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَعْلٰی صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَکْثَرُ صَلَوَاتِ

بلند ترین درود، اور اللہ کے نہایت برتر درود، اور اللہ کے زیادہ تر درود

اللّٰهِ وَاَجْمَعُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَعَمُّ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَدْوَمُ

اور اللہ کے جامع ترین درود اور اللہ کے شامل ترین درود، اور اللہ کے ہمیشہ رہنے والے درود

صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَبْقٰی صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَعَزُّ صَلَوَاتِ اللّٰهِ

اور اللہ کے باقی رہنے والے درود اور اللہ کے نہایت عزت والے درود

وَارْفَعِ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَعْظَمِ صَلَوَاتِ اللّٰهِ عَلٰى اَفْضَلِ

اور اللہ کے بلند ترین درود، اور اللہ کے عظیم ترین درود ہوں، اس (ہستی) پر جو اللہ کے پاس اللہ کی

خَلْقِ اللّٰهِ وَاَحْسَنِ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَجَلِّ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَكْرَمِ

مخلوق میں افضل، اللہ کی مخلوق میں حسین ترین، اللہ کی مخلوق میں جلیل ترین، اللہ کی مخلوق میں

خَلْقِ اللّٰهِ وَاَجْمَلِ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَكْمَلِ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَتَمِّ خَلْقِ

بزرگ ترین، اللہ کی مخلوق میں جمیل ترین، اللہ کی مخلوق میں کامل ترین، اللہ کی مخلوق میں مکمل اور

اللّٰهِ وَاَعْظَمِ خَلْقِ اللّٰهِ عِنْدَ اللّٰهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَنَبِيِّ اللّٰهِ

اللہ کی مخلوق میں عظیم ترین ہے — جو اللہ کے رسول اور اللہ کے نبی

وَحَبِيْبِ اللّٰهِ وَصَفِيِّ اللّٰهِ وَنَجِيِّ اللّٰهِ وَخَلِيْلِ اللّٰهِ وَوَلِيِّ

اور اللہ کے حبیب اور اللہ کے برگزیدہ اور اللہ کے راز دار اور اللہ کے دوست اور اللہ کے ولی

اللّٰهِ وَاَمِيْنِ اللّٰهِ وَخِيَرَةِ اللّٰهِ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ وَنُخْبَةِ اللّٰهِ

اور اللہ کے امین اور ساری مخلوق سے اللہ کے پسندیدہ اور ساری مخلوق الٰہی میں اللہ کے چھنے ہوئے

مِنْ بَرِيَّةِ اللّٰهِ وَصَفْوَةِ اللّٰهِ مِنْ اَنْبِيَآءِ اللّٰهِ وَعُرْوَةِ اللّٰهِ

اور اللہ کے سارے نبیوں میں اللہ کے چنے ہوئے اور اللہ کی دستاویز اور اللہ کی حفاظت اور

وَعِصْمَةِ اللّٰهِ وَنِعْمَةِ اللّٰهِ وَمِفْتَاحِ رَحْمَةِ اللّٰهِ الْمُخْتَارِ مِنْ رُسُلِ

اللہ کی نعمت اور اللہ کی رحمت کی کنجی، اللہ کے رسولوں سے چنے ہوئے اللہ کی مخلوق سے

اللّٰهِ الْمُنْتَخَبِ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ الْفَآئِزِ بِالْمَطْلَبِ فِى الْمَرْهَبِ وَ

منتخب کئے ہوئے، خوف اور امید کی حالت میں مقصد پانے والے، دیئے گئی چیزوں میں

الْمَرْغَبِ الْمُخْلَصِ فِيْمَا وُهِبَ اَكْرَمِ مَبْعُوْثٍ اَصْدَقِ قَآئِلٍ

خالص کئے گئے، ہر بھیجے ہوئے میں بزرگ ترین، ہر بولنے والے سے زیادہ سچے، ہر شفاعت کرنے والے

اَنْجَحِ شَافِعٍ اَفْضَلِ مُشَفَّعٍ اِلْاَمِيْنِ فِيْمَا اسْتُوْدِعَ

میں زیادہ کامیاب، ان میں افضل جن کی شفاعت کی گئی اور آپ کے پاس رکھی گئی امانت کے امین،

الصَّادِقِ فِيمَا بَلَّغَ الصَّادِعِ بِأَمْرِ رَبِّهِ الْمُضْطَلِعِ بِمَا

تبلیغ حق میں سچے، اپنے پروردگار کا حکم ظاہر کرنے والے،

حُمِّلَ أَقْرَبِ رُسُلِ اللّٰهِ إِلَى اللّٰهِ وَسِيلَةً وَأَعْظَمِهِمْ غَدًا

ڈالے گئے بوجھ کو قوت سے اٹھانے والے، اللہ کے حضور تمام رسولوں سے زیادہ مقرب وسیلہ اور کل بارگاہِ الٰہی

عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً وَّفَضِيلَةً وَّأَكْرَمِ أَنْبِيَاءِ اللّٰهِ الْكِرَامِ الصَّفْوَةِ

میں مرتبہ اور فضیلت میں ان سب سے زیادہ عظیم، اللہ کے چنے ہوئے اللہ کے تمام نبیوں سے زیادہ بزرگ،

عَلَى اللّٰهِ وَأَحَبِّهِمْ إِلَى اللّٰهِ وَأَقْرَبِهِمْ زُلْفَى لَدَى اللّٰهِ وَأَكْرَمِ

اللہ کے نزدیک ان سب سے زیادہ محبوب، اور اللہ کی جانب سے آپ کا مرتبہ ان سب سے زیادہ قریب اور

الْخَلْقِ عَلَى اللّٰهِ وَأَحْظَاهُمْ وَأَرْضَاهُمْ لَدَى اللّٰهِ وَأَعْلَى

اللہ کی بارگاہ میں سب مخلوق سے زیادہ بزرگ اور ان سب سے زیادہ مرتبے والے اور ان سب سے زیادہ آپ کرامی

النَّاسِ قَدْرًا وَّأَعْظَمِهِمْ مَحَلًّا وَّأَكْمَلِهِمْ مَحَاسِنًا وَّفَضْلًا

اور قدر میں سب لوگوں سے اعلیٰ آپ کا مقام ان سب سے زیادہ عظیم اور خوبیوں میں ان سب سے زیادہ آپ کامل

وَّأَفْضَلِ الْأَنْبِيَاءِ دَرَجَةً وَّأَكْمَلِهِمْ شَرِيعَةً وَّأَشْرَفِ

اور بلحاظ درجہ نبیوں سے زیادہ افضل، اور شریعت میں ان سب سے زیادہ کامل اور بلحاظ منصب سب نبیوں سے زیادہ اشرف

الْأَنْبِيَاءِ نِصَابًا وَّأَبْيَنِهِمْ بَيَانًا وَّخِطَابًا وَّأَفْضَلِهِمْ مَوْلِدًا

اور بیان و خطاب میں ان سب سے زیادہ فصیح اور جائے ولادت و ہجرت اور آل و اصحاب کے لحاظ سے ان سب سے

وَّمُهَاجَرًا وَّعِتْرَةً وَّأَصْحَابًا وَّأَكْرَمِ النَّاسِ أَرُومَةً وَّ

زیادہ افضل، اصل میں سب لوگوں سے زیادہ بزرگ اور نسل میں ان سب سے زیادہ اشرف

أَشْرَفِهِمْ جُرْثُومَةً وَّخَيْرِهِمْ نَفْسًا وَّأَطْهَرِهِمْ قَلْبًا وَّأَصْدَقِهِمْ

اور نفس کے ان سب سے زیادہ بہتر، اور دل کے ان سب سے زیادہ پاک اور قول میں ان سب سے زیادہ

قَوْلًا وَّأَزْكَاهُمْ فِعْلًا وَّأَثْبَتِهِمْ أَصْلًا وَّأَوْفَاهُمْ عَهْدًا وَّ

سچے، اور فعل میں ان سب سے زیادہ پاکیزہ اور نسب میں ان سب سے زیادہ مضبوط، اور ان سب سے زیادہ وعدہ

أَمْكَنِهِمْ مَجْدًا وَّأَكْرَمِهِمْ طَبْعًا وَّأَحْسَنِهِمْ صُنْعًا

پورا کرنے والے، اور بزرگی میں ان سب سے زیادہ استوار اور طبیعت میں ان سب سے زیادہ کریم، اور کردار

وَّأَطْيَبِهِمْ فَرْعًا وَّأَكْثَرِهِمْ طَاعَةً وَّسَمْعًا وَّأَعْلَاهُمْ

میں ان سب سے زیادہ حسین، اولاد میں ان سب سے زیادہ پاکیزہ اور بندگی و سماعت حق میں ان سب سے زیادہ،

مَقَامًا وَّأَحْلَاهُمْ كَلَامًا وَّأَزْكَاهُمْ سَلَامًا وَّأَجَلِّهِمْ

اور مقام میں ان سب سے زیادہ بلند، اور کلام میں ان سب سے زیادہ شیریں، اور سلام میں ان سب سے زیادہ پاکیزہ اور

قَدْرًا وَّأَعْظَمِهِمْ فَخْرًا وَّأَسْنَاهُمْ فَخْرًا وَّأَرْفَعِهِمْ فِي

ان سب سے زیادہ جلیل القدر، اور فخر میں ان سب سے زیادہ عظیم و بلند، اور ذکر میں

الْمَلَاءِ الْأَعْلَىٰ ذِكْرًا وَّأَوْفَاهُمْ عَهْدًا وَّأَصْدَقِهِمْ وَعْدًا

فرشتوں کی جماعت میں سب سے زیادہ بلند، عہد و پیماں میں ان سب سے زیادہ پورا کرنے والے، وعدہ پورا کرنے میں ان سب سے

وَّأَكْثَرِهِمْ شُكْرًا وَّأَعْلَاهُمْ أَمْرًا وَّأَجْمَلِهِمْ صَبْرًا وَّ

زیادہ سچے اور شکر کرنے میں ان سب سے زیادہ، اور فرماں میں ان سب سے زیادہ بلند،

أَحْسَنِهِمْ خَيْرًا وَّأَقْرَبِهِمْ يُسْرًا وَّأَبْعَدِهِمْ مَكَانًا وَّ

اور صبر میں ان سب سے زیادہ عمدہ، اور نیکیوں میں ان سب سے زیادہ بہتر، اور آسانی میں اس کے پاس ان سب سے

أَعْظَمِهِمْ شَانًا وَّأَثْبَتِهِمْ بُرْهَانًا وَّأَرْجَحِهِمْ مِيزَانًا وَّ

زیادہ قریب، اور مقام میں ان سب سے زیادہ اونچے، اور شان میں ان سب سے زیادہ عظیم،

أَوَّلِهِمْ إِيمَانًا وَّأَوْضَحِهِمْ بَيَانًا وَّأَفْصَحِهِمْ لِسَانًا وَّ

اور دلیل میں ان سب سے زیادہ پختہ، اور میزان میں ان سب سے زیادہ غالب، اور ایمان میں

أَظْهَرِهِمْ سُلْطَانًا ۝

ان سب سے پہلے، اور بیان میں ان سب سے زیادہ واضح اور زبان میں ان سب سے زیادہ فصیح اور نبوت کی دلیل میں ان سب سے زیادہ روشن ہیں

(چہارشنبہ کو یہاں پر ختم کیا جائے)

اَلْحِزْبُ الرَّابِعُ فِیْ یَوْمِ الْخَمِیْسِ

چوتھا حزب برائے پنجشنبہ

(پنجشنبہ کو یہاں سے شروع کیا جائے)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جو تیرے بندے تیرے رسول اور نبی امی ہیں نیز محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

کی آل پر (بھی درود ہو)۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور

وَعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضًی وَّلَهٗ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج ۔ ایسا درود جو تیری خوشنودی اور

جَزَآءً وَّلِحَقِّهٖ اَدَآءً وَّاَعْطِهِ الْوَسِیْلَةَ وَالْفَضِیْلَةَ وَالْمَقَامَ

آپ کا حق ادا کرنے کی جزا کا موجب ہو اور آپ کو وسیلہ، فضیلت اور مقام محمود عطا فرما

الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَ

جس کا تو نے آپ سے وعدہ فرمایا ہے۔ اور ہماری طرف سے آپ کے لائق جزا دے۔ اور

اجْزِهٖ اَفْضَلَ مَا جَازَیْتَ نَبِیًّا عَنْ قَوْمِهٖ وَرَسُوْلًا عَنْ

کسی نبی نے اپنی قوم کو اور کسی رسول نے اپنی قوم کو جو جزا دی ہے اس سے بھی

اُمَّتِهٖ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَالصّٰلِحِیْنَ

افضل ترین جزا آپ کو دے اور اے بہترین رحم کرنے والے نبیوں اور نیکوکاروں

یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فَضَآئِلَ صَلَوَاتِكَ وَ

میں سے آپ کے تمام بھائیوں پر درود بھیج۔ اے اللہ تیرے فضیلت بھرے درود

شَرَائِفَ زَكَوَاتِكَ وَنَوَامِيَ بَرَكَاتِكَ وَعَوَاطِفَ رَأفَتِكَ

تیرے شرافت بھرے انعامات، تیری بڑھنے والی برکتیں، تیری لطف بھری بخشش،

وَرَحْمَتِكَ وَتَحِيَّتِكَ وَفَضَائِلَ آلَائِكَ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

تیری رحمت، تیرا سلام اور تیری فضیلت بھری

مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ قَائِدِ

نعمتوں سے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو مالا مال فرما جو رسولوں کے سردار اور رب العلمین کے رسول اور بھلائیوں کے

الْخَيْرِ وَفَاتِحِ الْبِرِّ وَنَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَسَيِّدِ الْاُمَّةِ اَللّٰهُمَّ

رہنما اور نیکی کا باب کھولنے والے اور رحمت والے نبی اور امت کے سردار ہیں۔ اے اللہ!

اِبْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا تُزْلِفُ بِهٖ قُرْبَهٗ وَتُقِرُّ بِهٖ عَيْنَهٗ

آپ کو مقام محمود پر فائز فرما جس سے آپ کو مزید ایسا قرب خاص اور آپکی آنکھوں کو ایسی ٹھنڈک عطا ہو

يَغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ اَللّٰهُمَّ اَعْطِهِ الْفَضْلَ

کہ اس پر تمام اگلے اور پچھلے رشک کریں۔ اے اللہ! آپ کو بزرگی، فضیلت،

وَالْفَضِيْلَةَ وَالشَّرَفَ وَالْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ

شرف، وسیلہ، بلند درجہ اور اعلیٰ مرتبہ عطا فرما۔

وَالْمَنْزِلَةَ الشَّامِخَةَ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ (سَيِّدَنَا) مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو وسیلہ عطا فرما اور آپ کو آپ کے

وَبَلِّغْهُ مَامُوْلَهٗ وَاجْعَلْهُ اَوَّلَ شَافِعٍ وَّاَوَّلَ مُشَفَّعٍ

مقاصد تک پہنچا دے اور آپ کو سب سے پہلے شفاعت کرنے والا اور آپ کی شفاعت کو مقبول بنا دے

اَللّٰهُمَّ عَظِّمْ بُرْهَانَهٗ وَثَقِّلْ مِيْزَانَهٗ وَاَبْلِجْ حُجَّتَهٗ

اے اللہ! آپ کی دلیل کو باعظمت بنا دے اور آپ کے ترازو کو وزن والا بنا دے اور آپکی حجت کو روشن کر دے

وَارْفَعْ فِيْ اَهْلِ عِلِّيِّيْنَ دَرَجَتَهٗ وَفِيْ اَعْلَى الْمُقَرَّبِيْنَ

اور مقام علیین والوں میں آپ کے درجہ کو اور مقربین میں آپ کے مرتبہ کو بلند کر دے

مَنْزِلَتَهٗ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنَا عَلٰى سُنَّتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ

اے اللہ! ہم کو آپ کی سنت پر زندہ رکھ، آپ کی ملت پر وفات دے، آپ کی شفاعت

وَاجْعَلْنَا مِنْ اَهْلِ شَفَاعَتِهٖ وَاحْشُرْنَا فِىْ زُمْرَتِهٖ وَ

پانے والوں میں ہم کو شامل فرما، آپ کے زمرہ میں ہمارا حشر فرما، آپ کے

اَوْرِدْنَا حَوْضَهٗ وَاسْقِنَا مِنْ كَاْسِهٖ غَيْرَ خَزَايَا وَّلَا نَادِمِيْنَ

حوض پر ہم کو پہنچا دے اور آپ کے ساغر سے ہم کو سیراب فرما اس حال میں کہ ہم نہ رسوا ہوں نہ شرمندہ

وَلَا شَاكِّيْنَ وَلَا مُبَدِّلِيْنَ وَلَا مُغَيِّرِيْنَ وَلَا فَاتِنِيْنَ وَلَا

نہ شک کرنے والے ہوں، نہ تبدیل کرنے والے ہوں، نہ بدلنے والے ہوں، نہ کسی کو گمراہ کرنے والے ہوں،

مَفْتُوْنِيْنَ اٰمِيْنَ يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

اور نہ گمراہ ہونے والے ہوں، آمین اے رب العلمین - اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَ

پر اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر اور آپ کی انبیاء برادری پر درود بھیج اور آپکو

الْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ

وسیلہ، فضیلت اور بلند درجہ عطا فرما اور آپ کو مقام محمود پر فائز فرما جس

الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ مَعَ اِخْوَانِهِ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

کا تو نے آپ سے وعدہ فرمایا ہے۔ اللہ (تعالیٰ) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

مُحَمَّدِ النَّبِىِّ الرَّحْمَةِ وَسَيِّدِ الْاُمَّةِ وَعَلٰى اَبِيْنَا (سَيِّدِنَا) اٰدَمَ

پر درود بھیجے جو رحمت والے نبی اور امت کے سردار ہیں۔ نیز ہمارے باپ آدم (علیہ السلام)

وَاُمِّنَا (سَيِّدَتِنَا) حَوَّآءَ وَمَنْ وَّلَدَا مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ

اور ہماری ماں حوا (علیہا السلام) پر، اور ان نبیوں اور صدیقوں اور

وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى مَلٰٓئِكَتِكَ اَجْمَعِيْنَ

شہیدوں اور صالحوں پر (درود ہو) جنہیں ان دونوں نے جنم دیا اور آسمانوں اور زمینوں

مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَ عَلَيْنَا مَعَهُمْ يَا

والے تیرے تمام فرشتوں پر اور ان کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہم سب پر

اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَ

بھی درود بھیج ۔ اے اللہ مجھے اور میرے والدین کو بخش دے اور ان دونوں

ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ صَغِيْرًا وَّلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

پر رحم فرما جس طرح انہوں نے مجھے بچپن میں پالا تھا اور تمام زندہ و مردہ

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ وَ

مومن مردوں اور عورتوں کو اور مسلمان مردوں اور عورتوں کو (بخش دے)

تَابِعْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ بِالْخَيْرَاتِ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ

اور نیکیوں میں ہم کو ان کی پیروی نصیب فرما اے پروردگار ہم سب کو بخش دے اور رحم فرما

خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ

اور تو سب سے بہترین رحم فرمانے والا ہے اور گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت

الْعَظِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْاَنْوَارِ وَ

صرف اللہ سے ہے جو بلند مرتبہ اور عظمت والا ہے ۔ اے اللہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج

سِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَيِّدِ الْاَبْرَارِ وَزَيْنِ الْمُرْسَلِيْنَ الْاَخْيَارِ

جو نوروں کے نور، بھیدوں کے بھید، نیکو کاروں کے سردار، برگزیدہ رسولوں کی زینت

وَاَكْرَمِ مَنْ اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَاَشْرَقَ عَلَيْهِ النَّهَارُ

اور ان تمام سے بزرگ تر ہیں جن پر رات اپنا سایہ، اور دن اپنا اجالا ڈالے،

وَعَدَدَ مَا نَزَلَ مِنْ اَوَّلِ الدُّنْيَا اِلٰى اٰخِرِهَا مِنْ قَطْرِ

اور دنیا کی ابتدا سے اس کی انتہا تک برسے ہوئے بارش کے قطروں اور دنیا کی ابتداء سے اس کی انتہا

الْاَمْطَارِ وَعَدَدَ مَا نَبَتَ مِنْ اَوَّلِ الدُّنْيَا اِلٰى اٰخِرِهَا

تک اُگنے والی جڑی بوٹیوں اور درختوں کی تعداد کے برابر اس وقت تک

مِنَ النَّبَاتِ وَالْاَشْجَارِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْكِ

آپ پر ہمیشہ درود ہو جب تک واحد وقہار اللہ کا ملک قائم ہے۔

اللّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً

اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایسا درود بھیج جو آپ کی

تُكْرِمُ بِهَا مَثْوَاهُ وَتُشَرِّفُ بِهَا عُقْبَاهُ وَتُبَلِّغُ بِهَا يَوْمَ

آرام گاہ کو باعزت کر دے اور آپ کی عاقبت کو شرف والی بنا دے اور

الْقِيٰمَةِ مُنَاهُ وَرِضَاهُ هٰذِهِ الصَّلٰوۃُ تَعْظِيْمًا لِحَقِّكَ

قیامت کے دن آپ کو آپ کی مراد اور خوشنودی تک پہونچا دے۔ اے ہمارے سردار محمد

يَا سَيِّدَنَا مُحَمَّدُ (ثَلٰثًا) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَاءِ

(صلی اللہ علیہ وسلم) یہ درود آپ کے حق کی عظمت کے لئے ہے (تین بار) اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود

الرَّحْمَةِ وَمِيْمَيِ الْمُلْكِ وَدَالِ الدَّوَامِ السَّيِّدِ الْكَامِلِ

بھیج (جن کے اسمِ گرامی) کی "حا" سے رحمت، اور دو میموں سے ملک (دنیا و آخرت) اور "دال" سے

الْفَاتِحِ الْخَاتِمِ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِكَ كَائِنٌ اَوْ قَدْ كَانَ

دوام مراد ہے، وہ سردار ہیں کامل ہیں، بھلائی کا در کھولنے والے، نبیوں کے خاتم ہیں ان چیزوں کی تعداد

كُلَّمَا ذَكَرَكَ وَذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ

کے برابر (درود بھیج) جو تیرے علم کے بموجب ہو چکے اور ہونے والے ہیں جبکہ ذکر کرنے والے تجھے اور آپ کو یاد کریں

ذِكْرِكَ وَذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِكَ

اور جبکہ غافل لوگ تیری اور آپ کی یاد سے غافل رہیں، ایسا درود جو تیرے دوام کے ساتھ دائم رہے

بَاقِيَةً بِبَقَآئِكَ لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ اِنَّكَ عَلٰى

اور تیری بقا کے ساتھ باقی رہے جس کی تیرے علم کے بغیر کوئی انتہا نہ ہو۔ بے شک تو ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (ثَلٰثًا) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

قادر ہے (تین بار) اے اللہ! نبی امی سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ هُوَ اَبْهٰى شُمُوْسِ

درود بھیج جو ہدایت کے آفتابوں میں حسین و روشن ترین ہیں

الْهُدٰى نُوْرًا وَّ اَبْهَرُهَا وَاَسْيَرُ الْاَنْبِيَآءِ فَخْرًا وَّاَشْهَرُهَا

اور فخر و شہرت میں آپ کا ذکر سب نبیوں میں زیادہ پھیلا ہوا ہے اور

وَنُوْرُهٗ اَزْهَرُ اَنْوَارِ الْاَنْبِيَآءِ وَاَشْرَفُهَا وَاَوْضَحُهَا

آپ کا نور تمام نبیوں کے انوار سے زیادہ تاباں، بزرگ اور واضح ہے

وَاَزْكَى الْخَلِيْقَةِ اَخْلَاقًا وَّاَطْهَرُهَا وَاَكْرَمُهَا خَلْقًا وَّ

اور جو مخلوق میں بلحاظ اخلاق سب سے زیادہ پاکیزہ و اطہر اور بلحاظ پیدائش بزرگ تر

وَاَعْدَلُهَا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

اور معتدل ہیں۔ اے اللہ! نبی امی سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ هُوَ اَبْهٰى مِنَ الْقَمَرِ التَّآمِّ وَاَكْرَمُ

کی آل پر درود بھیج جو چودھویں رات کے چاند سے زیادہ زیبا اور برسنے والے

مِنَ السَّحَابِ الْمُرْسَلَةِ وَالْبَحْرِ الْخِضَمِّ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

بادل اور بحر بیکراں سے زیادہ سخی ہو۔ اے اللہ! نبی امی سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ قُرِنَتِ الْبَرَكَةُ بِذَاتِهٖ

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج جن کی ذات (اقدس) اور رخ (انور) سے برکت ملادی

وَمُحَيَّاهُ وَتَعَطَّرَتِ الْعَوَالِمُ بِطِيْبِ ذِكْرِهٖ وَرَيَّاهُ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

گئی اور سارے جہان آپ کی یاد کی مہک اور آپ کی خوشبو سے معطر ہو گئے۔

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اے اللہ! سیدنا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر آپ کی آل پر درود و سلام بھیج۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پر اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

وَعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدًا وَّاٰلَ (سَيِّدِنَا)

کی آل پر برکت بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر رحمت بھیج

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر

اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ

درود، برکت اور رحمت نازل فرمائی بے شک تو بڑی تعریف و بزرگی

مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ

والا ہے۔ اے اللہ! تیرے بندے تیرے نبی اور تیرے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو نبی امی ہیں

وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا)

نیز محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج۔

مُحَمَّدٍ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا)

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر

مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ وَبَارِكْ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

دنیا و آخرت کی مقدار بھر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر دنیا و آخرت کی مقدار بھر برکت نازل فرما

وَارْحَمْ (سَيِّدَنَا) مُحَمَّدًا وَّاٰلَ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ مِّلْءَ

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر دنیا و آخرت کی

الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ وَاجْزِ (سَيِّدَنَا) مُحَمَّدًا وَّاٰلَ

مقدار بھر رحمت بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل

(سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ وَسَلِّمْ

کو دنیا و آخرت کی مقدار بھر جزا عطا فرما اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور

عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر دنیا و آخرت کی مقدار بھر سلام بھیج۔

وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جیسا کہ آپ پر درود بھیجنے کا تو نے

اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا

ہمیں حکم دیا ہے۔ اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جیسا کہ آپ پر درود

يَنْبَغِيْ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نَبِيِّكَ الْمُصْطَفٰى

بھیجنا چاہیے۔ اے اللہ تو اپنے چنے ہوئے نبی اور اپنے پسندیدہ رسول پر،

وَرَسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰى وَوَلِيِّكَ الْمُجْتَبٰى وَاَمِيْنِكَ عَلٰى وَحْيِ

اور اپنے برگزیدہ دوست پر اور آسمانی وحی کے تیرے امین پر درود بھیج۔

السَّمَآءِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ الْاَسْلَافِ الْقَآئِمِ بِالْعَدْلِ وَ

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جو گزرے ہوؤں میں بزرگ تر عدل و انصاف

الْاِنْصَافِ الْمَنْعُوْتِ فِيْ سُوْرَةِ الْاَعْرَافِ الْمُنْتَخَبِ مِنْ اَصْلَابِ

کے ساتھ قائم، سورۂ اعراف میں تعریف کیے ہوئے اور بزرگ پشتوں سے

الشِّرَافِ وَالْبُطُوْنِ الظِّرَافِ الْمُصَفّٰى مِنْ مُّصَاصِ

اور پاکیزہ و شفاف شکموں سے چنے ہوئے ہیں جو عبد المطلب بن

عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ نِ الَّذِيْ هَدَيْتَ بِهٖ

عبد مناف کے خاندان کا خلاصہ ہیں۔ جن کے ذریعہ تو نے اختلاف (دور کر کے)

مِنَ الْخِلَافِ وَبَيَّنْتَ بِهٖ سَبِيْلَ الْعَفَافِ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

ہدایت دی اور جس سے پاک دامنی کے راستہ کو تو نے واضح کیا۔ اے اللہ!

اَسْئَلُكَ بِاَفْضَلِ مَسْئَلَتِكَ وَبِاَحَبِّ اَسْمَآئِكَ اِلَيْكَ

بے شک میں تجھ سے کیے گئے افضل سوال کے وسیلے سے تیرے بے حد محبوب و معزز اسماء کے وسیلے سے

وَاَكْرَمِهَا عَلَيْكَ وَبِمَا مَنَنْتَ عَلَيْنَا بِالسَّيِّدِ نَا مُحَمَّدٍ نَبِيِّنَا

اور تیرے اس احسان کے وسیلے سے مانگتا ہوں کہ تو نے ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَنْقَذْتَنَا بِهٖ مِنَ الضَّلَالَةِ

کو ہم میں بھیجا اور آپ کی بدولت ہمیں گمراہی سے نکالا اور آپ پر درود

وَاَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ وَجَعَلْتَ صَلَاتَنَا عَلَيْهِ دَرَجَةً وَّ

پڑھنے کا حکم دیا اور اپنی نوازشوں سے ہمارے درود کو آپ پر درجہ و کفارہ

كَفَّارَةً وَّلُطْفًا وَّمَنًّا مِّنْ اِعْطَائِكَ فَادْعُوْكَ تَعْظِيْمًا

اور لطف واحسان کا سبب بنایا۔ پس میں تجھ سے التجا کرتا ہوں تیرے حکم کی تعظیم کرتے ہوئے

لِاَمْرِكَ وَاتِّبَاعًا لِّوَصِيَّتِكَ وَمُنْتَجِزًا لِّمَوْعُوْدِكَ لِمَا

اور تیری وصیت کی پیروی کرتے ہوئے اور تیرا وعدہ وفا کرنے کی طلب کرتے ہوئے

يَجِبُ لِنَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ اَدَاءِ حَقِّهٖ

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حق کی ادائیگی کے لئے جو ہم پر واجب ہے

قِبَلَنَا اِذْ اٰمَنَّا بِهٖ وَصَدَّقْنَاهُ وَاتَّبَعْنَا النُّوْرَ الَّذِىْ

اس لئے کہ ہم آپ پر ایمان لائے، آپ کی تصدیق کی اور اس نور کی پیروی کی

اُنْزِلَ مَعَهٗ وَقُلْتَ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِىِّ

جو آپ کے ساتھ نازل کیا گیا اور تیرا ارشاد (حق) ہے کہ بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا وَاَمَرْتَ

درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم آپ پر درود اور خوب سلام بھیجو۔ اور تو نے بندوں کو

الْعِبَادَ بِالصَّلٰوةِ عَلٰى نَبِيِّهِمْ فَرِيْضَةً افْتَرَضْتَهَا وَ

اپنے نبی پر درود بھیجنے کا حکم دیا یہ ایسا فریضہ ہے جسے تو نے فرض کیا ہے اور

اَمَرْتَهُمْ بِهَا فَنَسْأَلُكَ بِجَلَالِ وَجْهِكَ وَنُوْرِ عَظَمَتِكَ

تو نے انھیں اس کا حکم دیا ہے۔ پس تیری ذات کی بزرگی اور تیری عظمت

وَ بِمَا اَوْجَبْتَ عَلٰی نَفْسِكَ لِلْمُحْسِنِيْنَ اَنْ تُصَلِّيَ اَنْتَ وَ

سے ہم تجھ سے مانگتے ہیں کہ تو اور تیرے فرشتے بھی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیجیں جو تیرے بندے

مَلٰٓئِكَتُكَ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ نَبِيِّكَ وَ

رسول نبی ہیں اور تیری مخلوق سے چنے ہوئے اور پسندیدہ ہیں - ایسا درود جو ان

صَفِيِّكَ وَ خِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ اَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلٰی

درودوں سے افضل ہو جو تو نے اپنی مخلوق سے کسی پر بھیجا ہے بے شک تو بڑی تعریف اور بزرگی والا ہے

اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ اَللّٰهُمَّ ارْفَعْ دَرَجَتَهٗ

اے اللہ! آپ کا درجہ بلند فرما دے آپ کا مقام معزز بنادے، آپ کے میزان عمل کو وزنی بنادے آپکی

وَ اَكْرِمْ مَقَامَهٗ وَ ثَقِّلْ مِيْزَانَهٗ وَ اَبْلِجْ حُجَّتَهٗ وَ اَظْهِرْ

دلیل کو روشن کردے، آپ کی ملت کو غالب کردے، آپ کا ثواب زیادہ کردے آپکے نور کو روشن کردے

مِلَّتَهٗ وَ اَجْزِلْ ثَوَابَهٗ وَ اَضِئْ نُوْرَهٗ وَ اَدِمْ كَرَامَتَهٗ وَ اَلْحِقْ

آپکی کرامت کو دوام بخش دے، اور آپ کے ساتھ آپکی اولاد اور اہل بیت کو بھی ملا دے جس سے آپ کی آنکھ

بِهٖ مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ مَا تَقَرُّ بِهٖ عَيْنُهٗ وَ عَظِّمْهُ

ٹھنڈی ہو جائے۔ اور آپ سے پہلے گزرے نبیوں میں آپ کو عظیم بنادے۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

فِي النَّبِيِّيْنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا قَبْلَهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ (سَيِّدَنَا) مُحَمَّدًا اَكْثَرَ

کو ایسا کردے کہ تمام نبیوں سے آپکے تابعدار زیادہ ہوں، اور آپ کے وزیروں کی کثرت ہو اور کرامت

النَّبِيِّيْنَ تَبَعًا وَّ اَكْثَرَهُمْ اَزْرَآءً وَ اَفْضَلَهُمْ كَرَامَةً وَّ

ونور کے لحاظ سے آپ ان سب سے افضل ہوں اور ان سب سے آپ کا درجہ بلند ہو اور جنت میں آپکی منزل سب سے وسیع ہو

نُوْرًا وَّ اَعْلَاهُمْ دَرَجَةً وَّ اَفْسَحَهُمْ فِي الْجَنَّةِ مَنْزِلًا ۞ اَللّٰهُمَّ

اے اللہ! سابقین میں آپ کی مراد، منتخبین میں آپ کی منزل، مقربین میں آپ کا گھر،

اجْعَلْ فِي السَّابِقِيْنَ غَايَتَهٗ وَ فِي الْمُنْتَخَبِيْنَ مَنْزِلَهٗ وَ

فِي الْمُقَرَّبِيْنَ دَارَهٗ وَفِي الْمُصْطَفَيْنَ مَنْزِلَهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ

اور برگزیدوں میں آپ کی منزل بنا دے - اے اللہ! تیری بارگاہ کے تمام معززین

اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ عِنْدَكَ مَنْزِلًا وَّاَفْضَلَهُمْ ثَوَابًا وَّ

سے آپ کا مرتبہ زیادہ معزز بنا دے اور ان سب سے آپ کا درجہ افضل کر دے اور اپنی

اَقْرَبَهُمْ مَجْلِسًا وَّاَثْبَتَهُمْ مَقَامًا وَّاَصْوَبَهُمْ كَلَامًا

مجلس میں آپ کو ان سب سے زیادہ قریب اور زیادہ مضبوط مقام عطا فرما اور

وَّاَنْجَحَهُمْ مَسْئَلَةً وَّاَفْضَلَهُمْ لَدَيْكَ نَصِيْبًا وَّاَعْظَمَهُمْ

کلام کرنے والوں میں ان سب سے زیادہ سچے، سوال کرنے والوں میں ان سب سے زیادہ بامراد،

فِيْمَا عِنْدَكَ رَغْبَةً وَّاَنْزِلْهُ فِيْ غُرُفَاتِ الْفِرْدَوْسِ

نصیب میں تیرے پاس زیادہ افضل اور تیری جانب رغبت کرنے والوں میں زیادہ عظمت والے بنا دے اور

مِنَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى الَّتِيْ لَا دَرَجَةَ فَوْقَهَا ۝ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ

آپ کو فردوس کے محلات کے ان بلند درجوں پر فائز فرما جن سے اوپر کوئی درجہ نہیں ہے - اے اللہ محمد

سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا اَصْدَقَ قَائِلٍ وَّاَنْجَحَ سَائِلٍ وَّاَوَّلَ شَافِعٍ

(صلی اللہ علیہ وسلم) کو ہر بولنے والے سے زیادہ سچا، ہر مانگنے والے سے زیادہ بامراد، سب سے پہلے شفاعت کرنے والا

وَّاَفْضَلَ مُشَفَّعٍ وَّشَفِّعْهُ فِيْ اُمَّتِهٖ بِشَفَاعَةٍ يَّغْبِطُهٗ

اور ان سب سے افضل بنا کہ جن کی شفاعت قبول ہوگی اور آپ کو آپکی امت کا شفاعت کرنے والا بنا

بِهَا الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ وَاِذَا مَيَّزْتَ عِبَادَكَ

ایسی شفاعت کے ساتھ کہ تمام اگلے اور پچھلے لوگ آپ سے رشک کرنے لگیں اور جب تو اپنے

بِفَصْلِ قَضَائِكَ فَاجْعَلْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا فِي الْاَصْدَقِيْنَ

حکم سے تیرے بندوں کو الگ الگ کرے تو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ان لوگوں میں سے بنا جو قول میں

قِيْلًا وَّالْاَحْسَنِيْنَ عَمَلًا وَّفِي الْمَهْدِيِّيْنَ سَبِيْلًا ۝

سب سے زیادہ سچے اور عمل میں سب سے زیادہ بہتر ہوں - اور جو صحیح راستہ پر ہدایت یافتہ ہوں

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ نَبِيَّنَا لَنَا فَرَطًا وَّ اجْعَلْ حَوْضَهٗ لَنَا

اے اللہ! ہمارے نبی کو ہمارے لئے پیشوا بنادے اور آپ کے حوض کو ہمارے اگلوں اور

مَوْعِدَ الْاَوَّلِنَا وَ اٰخِرِنَا اَللّٰهُمَّ احْشُرْنَا فِیْ زُمْرَتِهٖ

پچھلوں کے لئے وعدہ گاہ بنادے - اے اللہ! آپ کے زمرہ میں ہمارا حشر فرما اور آپ کی

وَاسْتَعْمِلْنَا فِیْ سُنَّتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰی مِلَّتِهٖ وَعَرِّفْنَا

سنت پر عمل کی توفیق دے اور آپ کی ملت پر وفات دے اور آپ کے چہرۂ (مبارک)

وَجْهَهٗ وَاجْعَلْنَا فِیْ زُمْرَتِهٖ وَحِزْبِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْمَعْ بَيْنَنَا

کی ہمیں پہچان دے اور ہمیں آپ کے زمرہ اور آپ کے گروہ میں بنا - اے اللہ ہم کو آپ کے ساتھ

وَبَيْنَهٗ كَمَآ اٰمَنَّا بِهٖ وَلَمْ نَرَهٗ وَلَا تُفَرِّقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ

اکٹھا کر جیسا کہ آپ کو دیکھے بغیر ہم آپ پر ایمان لائے اور ہم کو آپ سے جدا نہ کرنا

حَتّٰى تُدْخِلَنَا مُدْخَلَهٗ وَتُوْرِدَنَا حَوْضَهٗ وَتَجْعَلَنَا

یہاں تک کہ آپ کے داخلہ کی جگہ تو ہمیں داخل فرمائے اور آپ کے حوض پر ہم کو پہونچائے اور

مِنْ رُّفَقَآئِهٖ مَعَ الْمُنْعَمِ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَ

ہمیں آپ کے ان ہم نشینوں سے بنائے جو انعام یافتہ ہیں اور جو نبیوں

الصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ

صدیقوں، شہیدوں اور صالحوں پر مشتمل ہیں اور یہ لوگ کیا ہی اچھے ساتھی ہیں، ساری تعریف

رَفِيْقًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اس پروردگار کے لئے ہے جو سارے عالموں کا پروردگار ہے - اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج

عَلٰی (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْهُدٰى وَالْقَآئِدِ اِلَى الْخَيْرِ

جو ہدایت کا نور، اور بھلائی کے رہنما،

وَالدَّاعِیْ اِلَى الرُّشْدِ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَ

اور راستی کی طرف بلانے والے رحمت والے نبی اور متقیوں کے امام اور

رَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا نَبِيَّ بَعْدَهٗ كَمَا بَلَّغَ رِسَالَتَكَ

رب العلمین کے رسول ہیں کہ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آپ نے جس طرح تیرا پیغام حق پہنچایا

وَنَصَحَ لِعِبَادِكَ وَتَلَى اٰيَاتِكَ وَاَقَامَ حُدُوْدَكَ وَ

تیرے بندوں کو نصیحت فرمائی، تیری آیتوں کی تلاوت کی، تیرے احکام قائم کیے،

وَفّٰى بِعَهْدِكَ وَاَنْفَذَ حُكْمَكَ وَاَمَرَ بِطَاعَتِكَ وَ

تیرے عہد کو پورا کیا، تیرے حکم کو نافذ کیا، تیری فرماں برداری کا حکم دیا،

نَهٰى عَنْ مَّعْصِيَتِكَ وَوَالٰى وَلِيَّكَ الَّذِيْ تُحِبُّ

تیری نافرمانی سے منع کیا، تیرے لیے دوست سے دوستی کی جسکی دوستی کرنیوالوں کو تو پسند کرتا ہے،

اَنْ تُوَالِيَهٗ وَعَادٰى عَدُوَّكَ الَّذِيْ تُحِبُّ اَنْ تُعَادِيَهٗ

اور تیرے ایسے دشمن سے دشمنی کی جس کی دشمنی کو تو پسند کرتا ہے

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى جَسَدِهٖ

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اللہ درود بھیجے - اے اللہ! جسموں میں آپ کے جسم پر اور

فِي الْاَجْسَادِ وَعَلٰى رُوْحِهٖ فِي الْاَرْوَاحِ وَعَلٰى مَوْقِفِهٖ

روحوں میں آپ کی روح پر اور جگہوں میں آپ کے کھڑے ہونے کی جگہ پر

فِي الْمَوَاقِفِ وَعَلٰى مَشْهَدِهٖ فِي الْمَشَاهِدِ وَعَلٰى ذِكْرِهٖ

اور مقامات میں آپ کے تشریف فرما ہونے کے مقام پر اور آپ کے ذکر پر

اِذَا ذُكِرَ صَلٰوةً مِّنَّا عَلٰى نَبِيِّنَا اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْهُ مِنَّا السَّلَامَ

جبکہ ہماری طرف سے ہمارے نبی پر درود پڑھا جائے تو تو بھی درود بھیج - اے اللہ! آپ تک

كَمَا ذُكِرَ السَّلَامُ وَالسَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

ہمارا سلام پہونچادے جب بھی سلام عرض کیا جائے اور نبی پر سلام اور

تَعَالٰى وَبَرَكَاتُهٗ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَلٰٓئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ

اللہ تعالیٰ کی رحمت اور برکتیں نازل ہوں - اے اللہ تیرے مقرب فرشتوں پر،

وَعَلٰی اَنْبِیَآئِکَ الْمُطَهَّرِیْنَ وَعَلٰی رُسُلِکَ الْمُرْسَلِیْنَ

تیرے پاک نبیوں پر، تیرے بھیجے گئے رسولوں پر،

وَعَلٰی حَمَلَةِ عَرْشِکَ وَعَلٰی (سَیِّدِنَا) جِبْرَئِیْلَ وَ(سَیِّدِنَا)

تیرا عرش اٹھانے والوں پر، جبرئیل (علیہ السلام) پر، میکائیل (علیہ السلام) پر

مِیْکَآئِیْلَ وَ(سَیِّدِنَا) اِسْرَافِیْلَ وَ(سَیِّدِنَا) مَلَکِ الْمَوْتِ

اسرافیل (علیہ السلام) پر، موت کے فرشتہ پر

وَ(سَیِّدِنَا) رِضْوَانَ خَازِنِ جَنَّتِکَ وَ(سَیِّدِنَا) مَالِکٍ وَصَلِّ

داروغۂ جنت رضوان پر، مالک پر درود بھیج اور

عَلَی الْکِرَامِ الْکَاتِبِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی اَهْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ

کراماً کاتبین پر درود بھیج اور آسمانوں اور زمینوں کے

مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِیْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اٰتِ اَهْلَ بَیْتِ نَبِیِّکَ

تیرے تمام فرمانبرداروں پر درود بھیج، اے اللہ! تیرے نبی کی اہل بیت کو اس سے بھی افضل نعمت

اَفْضَلَ مَآ اٰتَیْتَ اَحَدًا مِّنْ اَهْلِ بُیُوْتِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاجْزِ اَصْحَابَ نَبِیِّکَ

عطا فرما جو تو نے دوسرے رسولوں کی اہل بیت سے کسی کو عطا فرمائی ہو اور تیرے نبی کے اصحاب کو

اَفْضَلَ مَا جَازَیْتَ لِاَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِ الْمُرْسَلِیْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ

ان جزاؤں سے افضل جزا دے جو تو نے دوسرے رسولوں کے اصحاب میں سے کسی کو دی ہو۔

لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

اے اللہ! مومن مردوں اور عورتوں اور مسلمان مردوں اور عورتوں کو بخش دے

وَاغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ

جو اُن میں سے زندہ ہیں اور جو وفات پا چکے ہیں۔ اور ہم سب کو اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ایمان کے ساتھ ہم سے پہلے

فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّکَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۝ اَللّٰهُمَّ

گزر چکے ہیں بخش دے۔ اور ہمارے دلوں میں ان کے لئے کینہ نہ ڈال جو ایمان لائے بیشک تو بڑا مہربان اور رحم والا ہے

صَلِّ عَلَى النَّبِيِّ الْهَاشِمِيِّ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

اے اللہ! نبی ہاشمی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ کے آل و اصحاب پر درود اور بہترین

وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ

سلام بھیج ۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جو سب مخلوق سے بہترین ہیں

صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا يَا اَرْحَمَ

ایسا درود جو تجھے بھی راضی کر دے اور آپ کو بھی راضی کر دے اور اسکی بدولت اے سب سے بڑے رحم فرما

الرّٰحِمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

تو ہم سے بھی راضی ہو جائے ۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ کی آل و اصحاب پر درود اور

وَسَلِّمْ كَثِيْرًا تَسْلِيْمًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ جَزِيْلًا جَمِيْلًا

سلام بھیج ایسا سلام جو کثیر، پاکیزہ، برکت والا، بہت عمدہ، خوبصورت ہو اور

دَائِمًا بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

اللہ کے ملک کے دوام کے ساتھ دائم رہے ۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

وَّعَلٰى اٰلِهٖ مِلْءَ الْفَضَاءِ وَعَدَدَ النُّجُوْمِ فِي السَّمَاءِ صَلٰوةً

اور آپ کی آل پر، ساری فضا کی مقدار بھر، آسمان کے تاروں کی تعداد کے برابر درود بھیج،

تُوَازِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَعَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَمَا اَنْتَ

ایسا درود جو آسمانوں اور زمین کے وزن کے برابر ہو اور مخلوق کی اس تعداد کے برابر ہو

خَالِقُهٗ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

جو تو نے پیدا کی ہے اور قیامت کے دن تک پیدا فرمانے والا ہے ۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرٰهِيْمَ

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج جس طرح ابراہیم (علیہ السلام) اور ابراہیم

وَبَارِكْ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَمَا

(علیہ السلام) کی آل پر تو نے درود بھیجا اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی

بَارَكْتَ عَلٰى (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ (سَيِّدِنَا) اِبْرَاهِيْمَ

آل پر برکت نازل فرما جس طرح ابراہیم علیہ السلام اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر

فِي الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

سب جہانوں میں تو نے برکت نازل فرمائی بیشک تو ہی تعریف و بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! میں تجھ

الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ (ثَلٰثًا) اَللّٰهُمَّ

سے گناہوں کی معافی اور دین، دنیا و آخرت میں عافیت مانگتا ہوں (تین بار) اے اللہ

اُسْتُرْنَا بِسِتْرِكَ الْجَمِيْلِ (ثَلٰثًا)۔

تو ہمیں اپنے خوبصورت پردے سے ڈھانک لے (تین بار)

(جمعہ کو یہاں سے شروع کیا جائے)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّكَ الْعَظِيْمِ وَبِحَقِّ نُوْرِ وَجْهِكَ

اے اللہ! تیرے عظیم حق کے وسیلے اور تیری ذات کریم کے نور کے وسیلے

الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ عَرْشِكَ الْعَظِيْمِ وَبِمَا حَمَلَ كُرْسِيُّكَ مِنْ

اور تیرے عرش عظیم کے وسیلے اور اس وسیلے کہ تیری کرسی نے جو کچھ تیری عظمت :

عَظَمَتِكَ وَجَلَالِكَ وَجَمَالِكَ وَبَهَائِكَ وَقُدْرَتِكَ

تیرا جلال، تیرا جمال، تیری رونق، تیری قدرت اور تیری

وَسُلْطَانِكَ وَبِحَقِّ اَسْمَائِكَ الْمَخْزُوْنَةِ الْمَكْنُوْنَةِ الَّتِيْ

سلطانی اٹھا رکھی ہے نیز تیرے ان ناموں کے وسیلے جو پوشیدہ رکھے گئے ہیں

لَمْ يَطَّلِعْ عَلَيْهَا اَحَدٌ مِّنْ خَلْقِكَ ○ اَللّٰهُمَّ وَاَسْئَلُكَ

اور جن سے تیری مخلوق آگاہ نہیں ہے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ! نیز میں

بِالْاِسْمِ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى الَّيْلِ فَاَظْلَمَ وَعَلَى النَّهَارِ

اس اسم کے وسیلے تجھ سے سوال کرتا ہوں جس کو تو نے رات پر رکھا تو وہ تاریک ہوگئی اور دن پر

فَاسْتَنَارَ وَعَلَى السَّمٰوَاتِ فَاسْتَقَلَّتْ وَعَلَى الْاَرْضِ

رکھا تو وہ روشن ہو گیا اور آسمانوں پر رکھا تو وہ ٹھہر گئے

فَاسْتَقَرَّتْ وَعَلَى الْجِبَالِ فَارْسَتْ وَعَلَى الْبِحَارِ وَالْاَوْدِيَةِ

اور زمین پر رکھا تو وہ قرار پا گئی اور پہاڑوں پر رکھا تو وہ نصب ہو گئے

فَجَرَتْ وَعَلَى الْعُيُوْنِ فَنَبَعَتْ وَعَلَى السَّحَابِ فَاَمْطَرَتْ وَ

اور دریاؤں اور ندیوں پر رکھا تو وہ جاری ہو گئیں اور چشموں پر رکھا تو وہ ابل پڑے

اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِالْاَسْمَاءِ الْمَكْتُوْبَةِ فِيْ جَبْهَةِ سَيِّدِنَا اِسْرَافِيْلَ

اور بادل پر رکھا تو وہ برسنے لگا۔ اور میں ان ناموں کے وسیلے سے مانگتا ہوں جو اسرافیل (علیہ السلام)

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَاءِ الْمَكْتُوْبَةِ فِيْ جَبْهَةِ سَيِّدِنَا جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ

کی پیشانی پر لکھے ہوئے ہیں۔ اور ان ناموں کے وسیلے سے مانگتا ہوں جو جبرئیل (علیہ السلام)

السَّلَامُ وَعَلَى الْمَلٰئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ

کی اور مقرب فرشتوں کی پیشانیوں پر لکھے ہوئے ہیں۔ اور میں ان ناموں کے وسیلے مانگتا ہوں

بِالْاَسْمَاءِ الْمَكْتُوْبَةِ حَوْلَ الْعَرْشِ ۝ وَاَسْئَلُكَ بِالْاَسْمَاءِ

جو عرش کے اطراف لکھے ہوئے ہیں۔ اور ان ناموں کے وسیلے تجھ سے مانگتا ہوں

الْمَكْتُوْبَةِ حَوْلَ الْكُرْسِيِّ ۝ وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِالْاِسْمِ

جو کرسی کے اطراف لکھے ہوئے ہیں۔ اور ان ناموں کے وسیلے تجھ سے مانگتا ہوں

الْمَكْتُوْبِ عَلٰى وَرَقِ الزَّيْتُوْنِ ۝

جو زیتون کے پتوں پر لکھے ہوئے ہیں۔

(پنجشنبہ کو یہاں پر ختم کیا جائے)

اَلْحِزْبُ الْخَامِسُ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ

پانچواں حزب برائے جمعہ

وَ اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِالْاَسْمَاءِ الْعِظَامِ الَّتِیْ سَمَّیْتَ

اور میں ان عظیم ناموں کے وسیلے سے تجھ سے مانگتا ہوں جن سے تو نے اپنی

بِهَا نَفْسَكَ مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَ اَسْئَلُكَ

ذات کا نام رکھا اور جنہیں میں جانتا ہوں اور جنہیں میں نہیں جانتا - اور میں تجھ

اللّٰهُمَّ بِالْاَسْمَاءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا اٰدَمُ عَلَیْهِ السَّلَامُ

سے مانگتا ہوں ان ناموں کے وسیلے سے جن سے آدم علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور

وَبِالْاَسْمَاءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا (سَیِّدُنَا) نُوْحٌ عَلَیْهِ

ان ناموں کے وسیلے سے جن سے نوح علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور

السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَاۤءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا (سَیِّدُنَا)

ان ناموں کے وسیلے سے جن سے

هُوْدٌ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَاۤءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا

ہود علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے جن سے

(سَیِّدُنَا) اِبْرَاهِیْمُ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَاءِ الَّتِیْ دَعَاكَ

ابراہیم علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے جن

بِهَا (سَیِّدُنَا) صَالِحٌ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَاۤءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا

سے صالح علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے جن

(سَیِّدُنَا) یُونُسُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا

سے یونس علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے جن

(سَیِّدُنَا) اَیُّوْبُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ

سے ایوب علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے جن

بِھَا (سَیِّدُنَا) یَعْقُوْبُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ

سے یعقوب علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے جن

دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) یُوْسُفُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ

سے یوسف علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے جن

الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ

سے موسٰی علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے جن

الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) ھَارُوْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ

سے ہارون علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے جن

دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) شُعَیْبُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ

سے شعیب علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے جن

الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) اِسْمٰعِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ

سے اسمٰعیل علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے جن

الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) دَاوٗدُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ

سے داؤد علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے جن

دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) سُلَیْمَانُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ

سے سلیمان علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے جن

الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) زَکَرِیَّا عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ

سے زکریا علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے

اَلَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) یَحْیٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ

جن سے یحییٰ علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلہ سے

اَلَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) اَرْمِیَاءَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ

جن سے ارمیاء علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے

اَلَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) شَعْیَاءَ عَلَیْہِ السَّلَامُ

جن سے شعیاء علیہ السلام نے تجھے پکارا،

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) اِلْیَاسُ عَلَیْہِ

اور ان ناموں کے وسیلے سے جن سے الیاس علیہ السلام نے تجھے پکارا،

السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) الْیَسَعُ

اور ان ناموں کے وسیلے سے جن سے الیسع علیہ السلام نے تجھے

عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا)

پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے جن سے

ذُوالْکِفْلِ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ

ذوالکفل علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں کے وسیلے سے

بِھَا (سَیِّدُنَا) یُوْشَعُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ

جن سے یوشع علیہ السلام نے تجھے پکارا، اور ان ناموں

دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ

کے وسیلے سے جن سے عیسیٰ ابنِ مریم علیہ السلام نے تجھے پکارا،

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا (سَیِّدُنَا) مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ

اور ان ناموں کے وسیلے سے جن سے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے تجھے پکارا،

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی جَمِیْعِ النَّبِیِّیْنَ وَالْمُرْسَلِیْنَ اَنْ

اور تمام نبیوں اور رسولوں پر لازم ہے کہ تیرے نبی

تُصَلِّیْ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ نَبِیِّكَ عَدَدَ مَا خَلَقْتَهٗ مِنْ قَبْلِ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر مخلوقات کی اس تعداد کے برابر درود بھیجیں جنہیں تو نے

اَنْ تَكُوْنَ السَّمَآءُ مَبْنِیَّةً وَّالْاَرْضُ مَدْحِیَّةً

آسمان بنانے اور زمین کا فرش کرنے اور

وَّالْجِبَالُ مُرْسَاةً وَّالْبِحَارُ مُجْرَاةً وَّالْعُیُوْنُ مُنْفَجِرَةً

پہاڑ نصب کرنے اور دریائیں جاری کرنے اور چشمے ابلنے اور ندیاں

وَّالْاَنْهَارُ مُنْهَمِرَةً وَّالشَّمْسُ مُضْحِیَةً وَّالْقَمَرُ

بہنے اور سورج کے درخشاں ہونے اور چاند کے تاباں ہونے

مُضِیْئًا وَّالْكَوَاكِبُ مُسْتَنِیْرَةً كُنْتَ حَیْثُ كُنْتَ لَا

اور تاروں کے جگمگانے سے پہلے پیدا فرمایا - تو موجود تھا (مگر) تو کہاں تھا

یَعْلَمُ اَحَدٌ حَیْثُ كُنْتَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ

وہ تیرے سوائے کوئی نہیں جانتا - تو یکتا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں

لَكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ حِلْمِكَ وَصَلِّ عَلٰی

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیرے حلم کی تعداد کے برابر درود بھیج اور محمد

(سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ عِلْمِكَ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ

(صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیرے علم کی تعداد کے برابر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیرے کلما

كَلِمَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ نِعْمَتِكَ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا)

کی تعداد کے برابر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیری نعمت کی تعداد کے برابر درود بھیج اور

مُحَمَّدٍ مِلْءَ سَمٰوٰتِكَ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ مِلْءَ اَرْضِكَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیرے آسمانوں بھر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ مِلْءَ عَرْشِكَ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا)

تیری زمین بھر درود بھیج - اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیرے عرش بھر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

مُحَمَّدٍ زِنَةَ عَرْشِكَ وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا

پر تیرے عرش کے وزن برابر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اس تعداد کے برابر

جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ فِىْ اُمِّ الْكِتَابِ وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

درود بھیج جتنی بار کہ قلم، لوحِ محفوظ پر چلا - اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ان سب کی تعداد کے برابر

عَدَدَ مَا خَلَقْتَ فِىْ سَبْعِ سَمٰوٰتِكَ وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

درود بھیج جنہیں تو نے سات آسمانوں میں پیدا فرمایا - اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ان سب کی

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَنْتَ خَالِقٌ فِيْهِنَّ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ

تعداد کے برابر ہر روز ہزار ہزار بار درود بھیج جنہیں تو قیامت تک پیدا فرمائے گا -

يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر دنیا کے یوم پیدائش سے روزِ قیامت تک

قَطْرَةٍ قَطَرَتْ مِنْ سَمٰوٰتِكَ اِلٰى اَرْضِكَ مِنْ يَوْمِ خَلَقْتَ

تیرے آسمانوں سے تیری زمین پر ٹپکنے والے قطروں کی تعداد کے برابر

الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ہر روز ہزار ہزار بار درود بھیج - اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ يُّسَبِّحُكَ وَيُهَلِّلُكَ وَ

ان لوگوں کی تعداد کے برابر جو دنیا کے یوم پیدائش سے روزِ قیامت

يُكَبِّرُكَ وَيُعَظِّمُكَ مِنْ يَوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ

تک تیری تسبیح و تہلیل اور تکبیر و تعظیم کرتے ہیں، ہر روز

الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

ہزار ہزار بار درود بھیج - اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ان

مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَنْفَاسِهِمْ وَ اَلْفَاظِهِمْ وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

لوگوں کی سانسوں اور ان کے الفاظ کی تعداد کے برابر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ نَسَمَةٍ خَلَقْتَهَا فِيهِمْ مِنْ يَوْمِ خَلَقْتَ

ان سب روحوں کی تعداد کے برابر ہر روز ہزار ہزار بار درود بھیج جس کو تو نے

الدُّنْيَا إِلَى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِي كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

دنیا کے یوم پیدائش سے قیامت کے دن تک پیدا فرمایا اے اللہ!

عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ السَّحَابِ الْجَارِيَةِ وَصَلِّ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر چلنے والے بادلوں کی تعداد کے برابر درود بھیج، اور محمد

عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرِّيَاحِ الذَّارِيَةِ مِنْ يَوْمِ

(صلی اللہ علیہ وسلم) پر دنیا کے یوم پیدائش سے قیامت کے دن تک

خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلَى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِي كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ اَللّٰهُمَّ

چلنے والی ہواؤں کی تعداد کے برابر ہر روز ہزار ہزار بار درود بھیج۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا هَبَّتْ عَلَيْهِ الرِّيَاحُ

دنیا کے یوم پیدائش سے قیامت کے دن تک چلنے والی ہواؤں

وَحَرَّكَتْهُ مِنَ الْأَغْصَانِ وَالْأَشْجَارِ وَالْأَوْرَاقِ وَ

اور ان سے حرکت میں آنے والی ٹہنیوں، درختوں، پتوں اور پھلوں اور

الثِّمَارِ وَجَمِيعِ مَا خَلَقْتَ عَلٰى أَرْضِكَ وَمَا بَيْنَ سَمٰوٰتِكَ

تیری زمین اور تیرے آسمانوں کے درمیان تیری پیدا کردہ تمام چیزوں کی تعداد

مِنْ يَوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلَى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِي كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ

کے برابر ہر روز ہزار ہزار بار درود بھیج۔

مَرَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ نُجُومِ السَّمَاءِ مِنْ

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر دنیا کے یوم پیدائش سے قیامت کے دن تک

يَوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلَى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِي كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ اَللّٰهُمَّ

پیدا کردہ آسمانوں کے تاروں کی تعداد کے برابر ہر روز ہزار ہزار بار درود بھیج۔ اے اللہ!

صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ مِلْءَ اَرْضِكَ مِمَّا حَمَلَتْ وَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر زمین بھر ان چیزوں کی تعداد کے برابر درود بھیج

اَقَلَّتْ مِنْ قُدْرَتِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ

جن کو اس (زمین) نے تیری قدرت سے اٹھائے اور سنبھالے رکھا ہے۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

مَا خَلَقْتَ فِىْ سَبْعِ بِحَارِكَ مِمَّا لَا يَعْلَمُ عِلْمَهٗ اِلَّا اَنْتَ وَمَا اَنْتَ

قیامت کے دن کے ساتوں سمندروں میں تیری پیدا کردہ ان چیزوں کی تعداد کے برابر جسے تیرے

خَالِقُهٗ فِيْهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۞ اَللّٰهُمَّ

سوا کوئی نہیں جانتا ہر روز ہزار ہزار بار درود بھیج۔ اے اللہ!

صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ مِلْءِ سَبْعِ بِحَارِكَ وَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیرے ساتوں سمندر بھر چیزوں کی تعداد کے برابر درود بھیج

صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ زِنَةَ سَبْعِ بِحَارِكَ مِمَّا

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیرے ساتوں سمندروں کے اس وزن کے برابر درود بھیج

حَمَلَتْ وَ اَقَلَّتْ مِنْ قُدْرَتِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

جس کو انہوں نے تیری قدرت سے اٹھائے اور سنبھالے رکھا ہے۔ اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَمْوَاجِ بِحَارِكَ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا

پر دنیا کے یوم پیدائش سے قیامت تک تیرے سمندروں کی موجوں کی تعداد

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۞ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى

کے برابر ہر روز ہزار ہزار بار درود بھیج۔ اے اللہ! اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

(سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرَّمْلِ وَالْحَصٰى فِىْ مُسْتَقَرِّ الْاَرَضِيْنَ

دنیا کے یوم پیدائش سے قیامت کے دن تک زمینوں کے مستقر میں موجود

وَسَهْلِهَا وَ جِبَالِهَا مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

ہموار میدانوں اور پہاڑوں کے ریت کے ذروں اور کنکریوں کی تعداد

فِي كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ

کے برابر ہر روز ہزار ہزار بار درود بھیج۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر دنیا کے

اضْطِرَابِ الْمِيَاهِ الْعَذْبَةِ وَالْمِلْحَةِ مِنْ يَوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا

یوم پیدائش سے قیامت کے دن تک میٹھے اور کھارے پانی کے تموج کی تعداد

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِي كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

کے برابر ہر روز ہزار ہزار بار درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَهُ عَلٰى جَدِيْدِ اَرْضِكَ فِي مُسْتَقَرِّ الْاَرَضِيْنَ

دنیا کے یوم پیدائش سے قیامت کے دن تک روئے زمین پر، زمینوں کے مستقر

شَرْقِهَا وَغَرْبِهَا سَهْلِهَا وَجِبَالِهَا وَاَوْدِيَتِهَا وَطَرِيْقِهَا وَ

میں واقع اور اس کے مشرق و مغرب میں اس کے ہموار میدانوں، پہاڑوں، وادیوں

عَامِرِهَا وَغَامِرِهَا اِلٰى سَائِرِ مَا خَلَقْتَهُ عَلَيْهَا وَمَا فِيْهَا

راستوں، آبادیوں اور ویرانوں میں موجود تمام چیزوں اور اس پر اور اس کے

مِنْ حَصَاةٍ وَّمَدَرٍ وَّحَجَرٍ مِّنْ يَوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ

اندر تیری پیدا کردہ کنکریوں، ڈھیلوں اور پتھروں کی تعداد کے برابر ہر روز ہزار

الْقِيٰمَةِ فِي كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

ہزار بار درود بھیج۔ اے اللہ! نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر دنیا کے

النَّبِيِّ عَدَدَ نَبَاتِ الْاَرْضِ مِنْ قِبْلَتِهَا وَشَرْقِهَا وَغَرْبِهَا وَ

یوم پیدائش سے قیامت کے دن تک ہونے والے زمین کے قبلہ کی جانب، مشرق و مغرب پر

سَهْلِهَا وَجِبَالِهَا وَاَوْدِيَتِهَا وَاَشْجَارِهَا وَثِمَارِهَا

ہموار میدانوں، پہاڑوں اور وادیوں میں موجود تیز اگنے والے درختوں، پھلوں،

وَاَوْرَاقِهَا وَزُرُوْعِهَا وَجَمِيْعِ مَا يَخْرُجُ مِنْ نَبَاتِهَا

پتوں اور کھیتیوں، اور ان سے نکلنے والے تمام نباتات

وَبَرَكَاتِهَا مِنْ يَوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلَى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِي

اور برکات کی تعداد کے برابر ہر روز ہزار ہزار بار درود بھیج۔

كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر قیامت کے دن تک تیرے پیدا کردہ اور تیرے

عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ

پیدا کیے جانے والے جنوں، انسانوں اور شیطانوں کی

وَمَا أَنْتَ خَالِقُهُ مِنْهُمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِي كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ

تعداد کے برابر ہر روز ہزار ہزار بار درود بھیج۔

مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ شَعْرَةٍ

اے اللہ! نیز محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر دنیا کی پیدائش سے قیامت کے دن تک

فِي أَبْدَانِهِمْ وَفِي وُجُوْهِهِمْ وَعَلٰى رُؤُسِهِمْ

ان سب کے جسموں، ان کے چہروں اور ان کے سروں پر کے ایک ایک

مُنْذُ خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلَى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِي كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ

بال کی تعداد کے برابر ہر روز ہزار ہزار درود بھیج۔ اے اللہ!

مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَفَقَانِ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر دنیا کے یوم پیدائش سے روزِ قیامت تک تیرے پیدا کردہ

الطَّيْرِ وَطَيَرَانِ الْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ مِنْ يَوْمِ خَلَقْتَ

پرندوں کے پر کی حرکتوں اور جنوں اور شیطانوں کی اڑانوں کی تعداد

الدُّنْيَا إِلَى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِي كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ

کے برابر ہر روز ہزار ہزار بار درود شریف بھیج۔ اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ بَهِيْمَةٍ خَلَقْتَهَا عَلٰى

دنیا کے یوم پیدائش سے قیامت کے دن تک

جَدِیْدِ اَرْضِكَ مِنْ صَغِیْرٍ اَوْ كَبِیْرٍ فِیْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَ

تیرے روئے زمین پر تیرے پیدا کردہ ان جانداروں کی تعداد کے برابر

مَغَارِبِهَا مِنْ اِنْسِهَا وَجِنِّهَا وَمِمَّا لَا یَعْلَمُ عِلْمَهٗ اِلَّا

جو چھوٹے ہوں یا بڑے زمین کے مشرقوں اور مغربوں میں ہیں انسانوں اور جنوں سے ہوں اور

اَنْتَ مِنْ یَوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ فِیْ كُلِّ

جن کا علم تیرے سوا کسی کو نہیں، ہر روز ہزار ہزار بار درود بھیج -

یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۞ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اے اللہ! نیز محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر دنیا کے یوم پیدائش سے قیامت کے دن

خُطَاهُمْ عَلٰی وَجْهِ الْاَرْضِ مِنْ یَوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَا

تک روئے زمین پر ان سبکے قدموں کی تعداد کے برابر

اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ فِیْ كُلِّ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۞ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰی

ہر روز ہزار ہزار بار درود بھیج - اے اللہ! نیز محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

(سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ یُّصَلِّیْ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی

پر ان لوگوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جو آپ پر درود بھیجتے ہیں اور

(سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا)

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ان لوگوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جو آپ پر درود نہیں بھیجتے

مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْقَطْرِ وَالْمَطَرِ وَالنَّبَاتِ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا)

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر بارش کے قطروں اور جڑی بوٹیوں کی تعداد کے برابر درود بھیج اور

مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ شَیْءٍ ۞ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا)

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ہر چیز کی تعداد کے برابر درود بھیج اے اللہ! نیز

مُحَمَّدٍ فِی اللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی ۞ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر رات میں درود بھیج جب وہ چھا جائے اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

فِى النَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ فِى الْاٰخِرَةِ

دن میں درود بھیج جب وہ روشن ہو جائے۔ اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر آخرت اور دنیا

وَالْاُوْلٰى وَصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ شَابًّا زَكِيًّا وَّ

میں درود بھیج۔ اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جبکہ آپ پاک باز جوان تھے۔ اور

صَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ كَهْلًا مَّرْضِيًّا وَّصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جبکہ آپ میانہ سال پسندیدہ تھے۔ اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

مُحَمَّدٍ مُنْذُ كَانَ فِى الْمَهْدِ صَبِيًّا وَّصَلِّ عَلٰى (سَيِّدِنَا)

درود بھیج جبکہ آپ گہوارہ میں بچے تھے اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج

مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ الصَّلٰوةِ شَىْءٌ اَللّٰهُمَّ وَاَعْطِ

یہاں تک کہ درود میں سے کچھ بھی باقی نہ بچے۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

(سَيِّدَنَا) مُحَمَّدَنِ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِىْ وَعَدْتَّهُ الَّذِىْ

کو مقام محمود عطا فرما جس کا تو نے آپ سے وعدہ کیا تھا اس لئے کہ جب وہ بولتا ہے تو

اِذَا قَالَ صَدَّقْتَهُ وَاِذَا سَاَلَ اَعْطَيْتَهُ اَللّٰهُمَّ وَ

اس کی تصدیق کرتا ہے اور جب اس سے مانگا جائے تو وہ عطا فرماتا ہے۔ اے اللہ! نیز

اَعْظِمْ بُرْهَانَهُ وَشَرِّفْ بُنْيَانَهُ وَاَبْلِجْ حُجَّتَهُ وَ

آپ کی دلیل کو بزرگ کر دے اور آپ کی عمارت کو بلند کر دے آپ کی حجت کو

بَيِّنْ فَضِيْلَتَهُ اَللّٰهُمَّ وَتَقَبَّلْ شَفَاعَتَهُ فِىْ اُمَّتِهِ وَ

روشن کر دے اور آپ کی فضیلت کو ظاہر کر دے۔ اے اللہ! نیز آپ کی امت کیلئے آپ کی شفاعت کو

اسْتَعْمِلْنَا بِسُنَّتِهِ وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِهِ وَاحْشُرْنَا فِىْ

قبول فرما اور آپ کی سنت پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرما اور آپ کی ملت پر وفات دے اور آپ کے

زُمْرَتِهِ وَتَحْتَ لِوَآئِهِ وَاجْعَلْنَا مِنْ رُفَقَآئِهِ وَاَوْرِدْنَا

پرچم تلے آپ کے زمرہ میں ہمارا حشر فرما اور ہمیں آپ کے رفیقوں میں بنا اور ہم کو

حَوْضَهُ وَاسْقِنَا بِكَاسِهِ وَانْفَعْنَا بِمَحَبَّتِهِ اللّٰهُمَّ اٰمِيْنَ ۝

آپ کے حوض پر پہونچا اور ہمیں آپکے ساغر سے سیراب فرما اور ہمیں آپ کی محبت سے مالامال فرما دے اے اللہ!

وَاَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الَّتِىْ دَعَوْتُكَ بِهَا اَنْ تُصَلِّىَ

(اس دعا کو قبول فرما) اور میں تجھ سے تیرے ان ناموں کے وسیلے مانگتا ہوں جن سے میں نے تجھے پکارا

عَلٰى (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا وَصَفْتَ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُ

یہ کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اس تعداد کے برابر تو درود بھیجے جو میں نے تیری تعریف کی۔ نیز اس کے برابر کہ

عِلْمَهُ اِلَّا اَنْتَ وَاَنْ تَرْحَمَنِىْ وَتَتُوْبَ عَلَىَّ وَتُعَافِيَنِىْ

جس کو تیرے سوا کوئی نہیں جانتا اور یہ کہ تو مجھ پر رحم فرمائے اور میری توبہ قبول فرمائے اور

مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَاءِ وَالْبَلْوَاءِ وَاَنْ تَغْفِرَلِىْ وَلِوَالِدَىَّ

مجھے تمام بلاؤں اور رنجشوں سے عافیت میں رکھے اور میری اور میرے والدین کی مغفرت فرمائے

وَتَرْحَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

اور زندہ و مردہ مومن مردوں اور عورتوں اور مسلمان مردوں اور عورتوں پر

الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِعَبْدِكَ (فُلَانِ

رحم فرمائے اور یہ کہ تیرے اس بندے (فلاں کا بیٹا فلاں) کو بخشدے

بْنِ فُلَانٍ) اَلْمُذْنِبِ الْخَاطِئِ الضَّعِيْفِ وَاَنْ تَتُوْبَ عَلَيْهِ

جو گناہ گار خطاکار، ناتوان ہے اور یہ کہ تو اس کی توبہ قبول فرمائے

اِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اللّٰهُمَّ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

بے شک تو بڑا بخشنے والا رحم والا ہے۔ اے اللہ! اے رب العالمین (اس دعا کو) قبول فرما

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مَا حَمَلَ كُرْسِيُّكَ مِنْ عَظَمَتِكَ

اے اللہ! تجھ سے تیری اس عظمت، قدرت، جلال روشنی اور

وَقُدْرَتِكَ وَجَلَالِكَ وَبَهَائِكَ وَسُلْطَانِكَ وَبِحَقِّ

سلطانی کے وسیلے مانگتا ہوں جسے کرسی نے اٹھائے رکھا ہے اور تیرے

اسمك المخزون المكنون الذي سميت به نفسك

اس نام کے وسیلے بھی جو پوشیدہ اور مخفی ہے جس سے تو نے اپنی ذات

وانزلته في كتابك واستأثرت به في علم الغيب عندك

کا نام رکھا اور جس کو تو نے اپنی کتاب میں نازل فرمایا اور جسے تو نے اپنے پاس علم غیب میں حاصل کر لیا

ان تصلي على سيدنا محمد عبدك ورسولك واسئلك باسمك الذي

یہ کہ تو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جو تیرے بندے اور رسول ہیں - نیز میں تیرے

اذا دعيت به اجبت واذا سئلت به اعطيت واسئلك باسمك

اس نام کے وسیلے تجھ سے مانگتا ہوں جس کو رات پر ڈالا تو تاریک ہوگئی اور دن پر ڈالا

الذي وضعته على الليل فاظلم وعلى النهار فاستنار

تو روشن ہوگیا اور آسمانوں پر ڈالا تو وہ قائم ہوگئے اور زمین پر ڈالا تو وہ ٹھہر گئی اور

وعلى السموات فاستقلت وعلى الارض فاستقرت و

پہاڑوں پر ڈالا تو وہ استوار ہوگئے اور سخت چیز پر ڈالا تو وہ نرم ہوگئی اور آسمان

على الجبال فرست وعلى الصعبة فذلت وعلى ماء

کے پانی پر ڈالا تو وہ ٹپک پڑا اور بادلوں پر ڈالا تو وہ برسنے لگے اور میں تجھ سے

السماء فسكبت وعلى السحاب فامطرت ٥ واسئلك

اس وسیلے مانگتا ہوں جو تیرے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے تجھ سے مانگا ہے

بما سألك به سيدنا محمد نبيك ٥ واسئلك بما سألك

اور میں تجھ سے اس وسیلے سے مانگتا ہوں

به (سيدنا) آدم نبيك واسئلك بما سألك به انبيائك

جو تیرے نبی آدم (علیہ السلام) نے تجھ سے مانگا تھا اور میں تجھ سے اس وسیلے سے مانگتا ہوں

ورسلك وملئكتك المقربون صلى الله عليهم اجمعين ٥

جو تیرے نبیوں، رسولوں اور مقرب فرشتوں نے تجھ سے مانگا تھا۔ ان سب پر اللہ درود بھیجے۔

وَاَسْئَلُكَ بِمَا سَاَلَكَ بِهٖ اَهْلُ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ اَنْ

اور میں تجھ سے اس وسیلہ مانگتا ہوں جو تیرے تمام فرمانبرداروں نے تجھ سے مانگا تھا

تُصَلِّیَ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

یہ کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر تو ان چیزوں کی تعداد

عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَكُوْنَ السَّمَآءُ مَبْنِيَّةً

کے برابر درود بھیج جو آسمان قائم کئے جانے، زمین بچھائی جانے،

وَّالْاَرْضُ مَطْحِيَّةً وَّالْجِبَالُ مُرْسِيَةً وَّالْعُيُوْنُ مُنْفَجِرَةً

پہاڑ نصب کئے جانے، چشمے بہائے جانے، نہریں

وَّالْاَنْهَارُ مُنْهَمِرَةً وَّالشَّمْسُ مُضْحِيَةً وَّالْقَمَرُ مُضِيْئًا

جاری کئے جانے، سورج درخشاں کئے جانے، چاند تاباں کئے جانے اور

وَّالْكَوَاكِبُ مُنِيْرَةً ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

تارے چمکائے جانے کے قبل سے تو نے پیدا کئے ہوں ۔ اے اللہ!

اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ عِلْمِكَ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا)

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر تیرے علم کے برابر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ حِلْمِكَ وَصَلِّ

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر تیرے علم کے برابر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر ان چیزوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جس کا

اَحْصَاهُ اللَّوْحُ الْمَحْفُوْظُ مِنْ عِلْمِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا)

لوح محفوظ نے تیرے علم سے احاطہ کیا ہے۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا جَرٰی بِهِ الْقَلَمُ

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر ان چیزوں کی تعداد کے برابر درود بھیج جو قلم نے تیرے پاس

فِیْ اُمِّ الْکِتٰبِ عِنْدَکَ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

لوح محفوظ میں لکھا ہے - اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی

(سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ مِلْءَ سَمٰوٰتِکَ وَصَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا)

آل پر تیرے آسمانوں بھر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ مِلْءَ اَرْضِکَ وَصَلِّ عَلٰی

آل پر زمین بھر درود بھیج اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور

(سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ مِلْءَ مَا اَنْتَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر دنیا کے یوم پیدائش سے

خَالِقُهٗ مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ

قیامت کے دن تک تیری مخلوقات بھر درود بھیج - اے اللہ!

صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر فرشتوں کی صفوں

صُفُوْفِ الْمَلٰٓئِکَةِ وَتَسْبِیْحِهِمْ وَتَقْدِیْسِهِمْ وَتَحْمِیْدِهِمْ

کی تسبیح و تقدیس اور تحمید و تمجید اور تسبیح و تہلیل

وَتَمْجِیْدِهِمْ وَتَکْبِیْرِهِمْ وَتَهْلِیْلِهِمْ مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَا

کی تعداد کے برابر، دنیا کے یوم پیدائش سے قیامت کے دن تک

اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

درود بھیج - اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

(سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ السَّحَابِ الْجَارِیَةِ وَالرِّیَاحِ الذَّارِیَةِ

پر دوڑنے والے بادلوں، چلنے والی ہواؤں کی تعداد کے برابر دنیا

مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

کے یوم پیدائش سے قیامت کے دن تک درود بھیج - اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

(سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ کُلِّ قَطْرَۃٍ

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر ان قطروں کی تعداد کے برابر درود بھیج جو

تَقْطُرُ مِنْ سَمٰوٰتِکَ اِلٰٓی اَرْضِکَ وَمَا تَقْطُرُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۝

تیرے آسمانوں سے تیری زمین پر ٹپکتے ہیں اور جو قیامت کے دن تک ٹپکیں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر چلنے والی ہواؤں

عَدَدَ مَا ھَبَّتِ الرِّیَاحُ وَعَدَدَ مَا تَحَرَّکَتِ الْاَشْجَارُ وَ

کی تعداد کے برابر اور درختوں، پتوں، اور کھیتی کے متحرک ہونے کی

الْاَوْرَاقُ وَالزَّرْعُ وَجَمِیْعِ مَا خَلَقْتَ فِیْ قَرَارِ الْحِفْظِ مِنْ

تعداد اور حفاظت کی قرارگاہ پر تیری پیدا کردہ چیزوں کی تعداد کے برابر اور

یَوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا)

دنیا کے یوم پیدائش سے قیامت کے دن تک پیدا ہونے والی چیزوں کی تعداد کے برابر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْقَطْرِ وَالْمَطَرِ وَالنَّبَاتِ

درود بھیج۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر بارش کے ٹپکنے والے

مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

ایک ایک قطرے اور جڑی بوٹیوں کی تعداد کے برابر درود بھیج۔

(سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ النُّجُوْمِ

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر دنیا کے یوم پیدائش سے قیامت کے دن تک

فِی السَّمَآءِ مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۝ اَللّٰھُمَّ

آسمانوں میں تاروں کی تعداد کے برابر درود بھیج۔ اے اللہ!

صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر سات سمندروں میں

مَا خَلَقْتَ فِیْ بِحَارِكَ السَّبْعَةِ مِمَّا لَا يَعْلَمُ عِلْمَهٗ اِلَّا اَنْتَ

پیدا کردہ اور قیامت تک پیدا کی جانے والی تیری مخلوقات کی تعداد کے برابر درود

وَمَا اَنْتَ خَالِقُهٗ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

بھیج جس کا تیرے سوا کسی کو علم نہیں - اے اللہ محمد! (صلی اللہ علیہ وسلم) اور

(سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرَّمْلِ وَالْحَصٰی فِیْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا ۝

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر مشرق ومغرب میں موجود ریت کے ذروں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ

اور کنکروں کی تعداد کے برابر درود بھیج - اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمَا اَنْتَ خَالِقُهٗ

کی آل پر تیرے پیدا کردہ اور قیامت کے دن تک پیدا ہونے والے جنوں اور انسانوں کی

اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّ

